جواز نکاح متعہ
اور
صحابہ کرام
ہمارے شعبہ تبلیغ کی
19
انیسویں پیش کش

فہرست مطالب

غرض تالیف رسالہ ہذا

مذہب شیعہ خیر البریہ وہ کھرا مذہب ہے کہ جس کی سچائی کا ڈنکا پورے عالم اسلام میں بج رہا ہے اور اعتقادی مسائل میں وکلائے ثلاثہ کی مجال ہی نہیں ہے کہ وہ شیعوں کے سامنے بات کر سکیں اور جب بھی خلافت ثلاثہ پر شیعوں سے بات کی ہے تو پھر دم دبا کر بھاگنے کے علاوہ ان کو کوئی راستہ ہی نظر نہیں آیا۔ اور پھر ہار جانے کی رسوائی کا داغ مٹانے کی خاطر اعتقادی مسائل کی توپ کو چھوڑ کر فقہی مسائل کے میزائل مارتے ہیں

خلافت کی چھتری کو متعہ کے ستون کا سہارا

ارباب ثلاثہ فقہی مسائل میں اہلبیت دوستوں کا خود اپنا اتنا اختلاف ہے کہ اسلام کو انہوں نے قیل و قال کا اچار بنا دیا ہے۔ اور ارکان اسلام مثلاً نماز روزہ حج زکوٰۃ وغیرہ کے مسائل میں ان کا بہت ہی اختلاف ہے نیز نکاح کے مسائل میں ان کے چار اماموں کا خوب جھگڑا ہے۔ اور مسئلہ متعہ جو کہ نکاح کی ایک قسم ہے اس میں بھی ان کے ہاں اختلاف رکھتے ہیں مثلاً حضرت امام مالک سنیوں کے چار اماموں میں سے ایک ہے اور متعہ کو حلال جانتا ہے اور صحابہ کرام اور تابعین میں سے مثلاً جناب عبداللہ بن عباس اور جابر ابن عبد

جابر ابن عبداللہ اور ابو سعید خدری، عمران بن حصین اور عطا ابن رباح
اور سعید ابن جبیر متعہ کو حلال جانتے تھے اور فقہائے مکہ اور بعض علمائے
اہلحدیث اور امام احمد وغیرہ بھی متعہ کو حلال جانتے تھے۔ اور
علماء اہلسنت میں سے ابن جریج عالم نے نوے عورت سے خود
متعہ فرمایا ہے اور جناب ابوبکر کی بیٹی اسماء نے بھی خود متعہ
کیا ہے اور زندگی بھر اس کو حلال سمجھا ہے اور ابوبکر کی دوسری
بیٹی حضرت عائشہ نے بھی متعہ کے حلال ہونے کا فتویٰ دیا ہے
اور معاویہ بھی متعہ کو حلال جانتا تھا۔ ارباب انصاف جب اتنے
لوگ خود اہلسنت میں متعہ کو حلال جانتے ہیں تو پھر اگر شیعہ خیر البریہ بھی
متعہ کے حلال ہونے کا نظریہ رکھ لیں تو کیا حرج ہے۔

متعہ کے خلاف واویلا کی ایک خاص وجہ

ارباب انصاف عرض کر چکا ہوں کہ متعہ فقہ کا مسئلہ ہے اور فقہیہ مسائل
میں اہل اسلام کا آپس میں بہت زیادہ اختلاف ہے نکاح حلالہ
اور نکاح متعہ علمائیں عرصہ دراز سے میدان جنگ بنے ہوئے ہیں اور
نکاح متعہ کے اختلاف کو سنی علماء صرف اس لیئے اچھالتے ہیں تاکہ
شیعہ علماء اس طرف مصروف رہیں اور خلافت ثلاثہ پر تنقید نہ کر سکیں
اور جن سنی علماء نے مسئلہ متعہ کے بارے مذہب شیعہ خیر البریہ پر
کیچڑ اچھالا وہ ہیں تو بے شمار مگر نمونہ کے طور پر ہم ان میں سے
بعض کا ذکر کر دیتے ہیں تاکہ ہماری کتب پڑھنے والوں کا دل مطمئن ہو جا

مسئلہ متعہ کے بارے شیعوں پر کیچڑ اچھالنے والے سنی علماء میں سے بعض کا ذکر

۱۔ حرمت متعہ، از محمد علی جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ علیہ ما علیہ
۲۔ تحقیق حلال و حرام در جواب متعہ اور اسلام از مولانا اللہ یار خان علیہ ما علیہ
۳۔ کیا متعہ حلال ہے، از قاری حبیب الرحمٰن صدیقی علیہ ما علیہ
۴۔ حرمت متعہ از حسن الدین سہروردی علیہ ما علیہ
۵۔ تحقیق متعہ از مفتی بشیر احمد پسروری علیہ ما علیہ
۶۔ متعہ یا زنا از فیض احمد اویسی علیہ ما علیہ
۷۔ ہم سنی کیوں ہیں! از مہر محمد میانوالی۔ علیہ ما علیہ
۸۔ کیا شیعہ مسلمان ہیں، از قاری اظہر ندیم۔ علیہ ما علیہ
۹۔ آفتاب ہدایت۔ ملاں کرم دین۔ علیہ ما علیہ
۱۰۔ تحفہ اثنا عشریہ، از شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ ما علیہ

مذکورہ علماء نے اپنی اپنی کتاب اور رسالہ میں مذہب شیعہ
خیر البریہ کے خلاف بہت سی جھوٹ بولے ہیں، اور جتنا کیچڑ وہ
شیعوں کے خلاف اچھال سکتے تھے وہ اچھالا ہے۔ اور حد درد
انصاف کی جتنی وہ خلاف ورزی فرما سکتے تھے انہوں نے
فرمائی ہے۔ چونکہ انہوں نے ہمارے مذہب کو رسوا کرنے
کے لئے اپنے رسالوں میں ہمارے خلاف جھوٹا پراپیگنڈہ
فرمایا۔ اور دفاع کا حق ہر انسان کو ہوتا ہے۔ بس یہیں مسئلہ

متعہ میں اپنے مخالف کے اعتراضات اور شکوک وشبہات
کے دفاع کی ضرورت محسوس ہوئی اس لئے دفاع کی خاطر
قلم اٹھایا ہے اور راہِ انصاف کو ملحوظ رکھا اور قدم قدم
پر قرآنی آیات اور احادیث رسولؐ اللہ کو اور اقوالِ صحابہ
اور فرامین علماء کو پیش کیا ہے اور اس رسالہ کی تالیف میں
ہم نے کتاب تنزیہہ اثنا عشریہ در جواب تحفہ اثنا عشریہ
جلد ۹ ۔ باب متعہ اور کتاب تشیید المطاعن جواب باب دہم
تحفہ اثنا عشریہ سے مدد لی ہے ۔ یہ دونوں کتابیں ناصبیت
کے تابوت میں آخری میخ ہے ۔ حق تعالیٰ ان کے مؤلفین
کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے ۔ ہم نے اپنی تحریر میں
رواداری اور محبت کی فضا کو مکدر نہ کرنے کی ہر ممکن کوشش کی
ہے ۔ اور رب تعالیٰ سے ہماری یہ عاجزانہ التجا و دعا ہے کہ
اس رسالہ کو رب پاک اپنی مخلوق کے لئے ذریعہ ہدایت بنا دے

اور مذہب اہلبیتؑ پر مخالفین کے حملوں کا اور شیعہ مذہب کے
خلاف زہریلے پراپیگنڈے کا میں مقدور بھر دفاع کر رہا ہوں
اور اللہ پاک سے اور خاندان نبوت سے اپنی اس قلیل خدمت
کے صلہ اور انعام کی دنیا اور آخرت میں امیدوار رہتا ہوں ۔ میں نے
اپنے اس مشن کو ہتھیلی پر رکھ کر موت اور زندگی کو برابر سمجھ کر
چلایا ہے اور یہ مشن اللہ کی خاص رحمت اور مولا علیؑ کی
نظر کرم سے چل رہا ہے اور اللہ کا لاکھ شکر ہے کہ اس نے

متعہ کیا چیز ہے ؟

متعہ بھی شریعت پاک میں نکاح ہے اور جس طرح نکاح دائم سے بعض
عورتیں مرد کے لئے حلال ہو جاتی ہیں اسی طرح نکاح متعہ سے بھی
بعض عورتیں مرد کے لئے حلال ہو جاتی ہیں اور تمام امتِ محمدیہ
کا اس بات میں اتفاق ہے کہ نبی پاکؐ کے زمانہ میں نکاح متعہ
حلال ہوا تھا اور بعد میں اس متعہ کی بابت اہلِ اسلام میں اختلاف
ہے ۔ اہلسنت علماء میں سے زیادہ تعداد علماء کی یہ فرماتی ہے کہ متعہ
ابتدائے اسلام میں حلال ہوا تھا اور بعد میں اس نکاح متعہ کو منع کر دیا
گیا ہے ۔ اور شیعہ خیر البریہ اور کچھ عدد علماء اہلسنت فرماتے ہیں کہ جس
طرح نکاح متعہ زمانہ رسالت میں حلال ہوا تھا اب بھی وہ نکاح
متعہ حلال ہے اور شریعت پاک نے اس کو نسخ اور منع نہیں کیا
قرآن پاک میں حلیت متعہ کی صراحت ہے اور منسوخیت متعہ کی
ثابت نہیں ہے اور جناب عمر کا متعہ کو حرام کرنا یہ تشریع اور بدعت
ہے اور خود ان کا اس متعہ کو منع کرنا یہ فعلِ حرام ہے ۔

متعہ کس طرح کیا جاتا ہے ؟

متعہ مثل نکاح ہے جس طرح نکاح میں ایجاب و قبول کے صیغے ہیں
اسی طرح متعہ میں ایجاب و قبول کے صیغے ہیں ۔ جس طرح
نکاح متعہ میں حق مہر ہوتا ہے اسی طرح نکاح متعہ میں حق مہر ہوتا ہے اور

نکاح دائم میں نکاح کی مدت معین نہیں کی جاتی اور نکاح متعہ میں مدت معین کرنا ضروری ہے، صیغہ متعہ حق مہر متعہ مدت متعہ کے بارے بہت مسائل ہیں پس علمائے کرام اور شیعہ فقہ کی کتابوں کی طرف مزید معلومات کے لئے رجوع کیا جائے۔

متعہ کس قسم کی عورت سے جائز ہے

متعہ مثلِ نکاح ہے اور جن عورتوں سے نکاح حلال ہے اور جن شرائط کے ساتھ حلال ہے متعہ بھی انہیں عورتوں سے کرنا حلال اور جائز ہے مثال کے طور پر شادی شدہ عورت سے نکاح کرنا سخت گناہ ہے اسی طرح اس کے ساتھ متعہ کرنا بھی گناہ ہے، اور اس بابت بہت سے مسائل ہیں۔ تفصیلات کے لئے شیعہ علماء کرام اور شیعوں کی کتب فقہیہ کی طرف رجوع کیا جائے۔

اولادِ متعہ کس کی شمار ہو گی؟

اولادِ متعہ اور اولادِ نکاح میں کوئی فرق نہیں ہے چونکہ نکاح دائمی اور نکاحِ متعہ دونوں شرعاً عورت کے حلال ہونے کا سبب بنتے ہیں پس نکاح دائم یا نکاح متعہ سے جو بچے پیدا ہوں گے وہ اس مرد اور عورت کی صحیح اور جائز اولاد ہو گی، والدین اس اولاد کے اور وہ بچے ان والدین کے وارث ہوں گے

ممتوعہ عورت پر کیا نکاح کے تمام احکام جاری ہوتے ہیں

جواب۔ جی ہاں ممتوعہ عورت پر نکاح کے احکام جاری ہوتے ہیں مثال کے طور پر منکوحہ عورت سے دوسرا مرد نکاح نہیں کر سکتا اسی طرح ممتوعہ سے دوسرا مرد متعہ نہیں کر سکتا اور جس طرح منکوحہ کے لئے مرد سے جدائی کے بعد عدت واجب ہے اسی طرح ممتوعہ عورت کے لئے بھی مرد سے جدائی کے بعد عدت واجب ہے نکاح دائم والی عورت اور نکاح متعہ والی عورت کے بعض احکام میں اسی طرح اختلاف ہے جس طرح نکاح دائم والی عورتوں کے احکام میں اختلاف ہے مثال طور نکاحِ دائم والی عورت بالغہ ہے یا نابالغہ ہے یا غیر مدخولہ ناشزہ ہے یا غیر ناشزہ ہے اپنے شوہر کی قاتلہ ہے یا غیر قاتلہ ہے آزاد ہے یا کسی کی کنیز ہے، ان اقسام میں نکاح دائم والی عورت کے احکام میں اختلاف ہے اسی طرح نکاح متعہ والی عورت کے احکام میں بھی اختلاف ہے اور یہ سب فقہ کے احکام ہیں اور احکام فقہیہ میں شیعہ سنی علماء کا چودہ سو سال سے اختلاف ہے کئی چیزیں ایسی ہیں کہ اہلسنت کے ایک امام کے نزدیک وہ حلال ہیں اور دوسرے کے نزدیک حرام ہیں، مثال طور، مور اور ہد ہد سنیوں کی فقہ حنفیہ میں حلال ہیں اور ان کی فقہ شافعیہ میں حرام ہیں لومڑ فقہ حنفیہ میں حرام ہے اور فقہ شافعیہ میں اور مالکیہ میں حلال ہے۔ کتا فقہ حنفیہ میں حرام ہے مالکی میں حلال ہے۔ گیدڑ حنفیہ

حنفیہ میں حرام اور مالکی اور حنبلی میں حلال کتاب فقہ علی مذاہب الاربعہ میں مسائل نکاح پڑھیں اور فقہی مسائل میں سنی علماء کا اختلاف دیکھیں پس جب سنی علماء کو اسلام کی خاطر بڑے بڑے اختلاف ہضم ہیں تو مسئلہ متعہ میں شیعوں سے اختلاف بھی ہضم ہونا چاہیئے جبکہ خود اہلسنت کا ایک امام مالک صاحب بھی شیعوں کی طرح متعہ کو حلال جانتے ہیں۔ اہلِ سنت نے مسئلہ متعہ کو عرصہ دراز سے محاذ جنگ بنایا ہوا ہے اور مذہب شیعہ خیر البریہ پر طنز و تشنیع کی گولہ باری فرما رہے ہیں، اور مرچ مصالحہ لگا کر مسئلہ متعہ کا تمسخر اور مذاق اڑاتے ہیں۔ کبھی فرماتے ہیں یہ متعہ رنڈی بازی ہے یہ چکلہ ہے، یہ زنا ہے۔ یہ بے غیرتی ہے، یہ بے حیائی ہے۔

جاہل ملاں کے منہ میں جو آتا ہے وہ فرماتا ہے ہمارا مقصد اس رسالہ سے یہ ہے کہ اپنے سنی بھائیوں کو دعوت دی جائے کہ بھائی جان بقول آپ کے متعہ ایک خراب شے ہے جب یہ ایک بے غیرتی تھی تو ہمارا یہ سوال ہے کہ یہ بے غیرتی اللہ پاک نے ابتداء اسلام میں صحابہ کرام کی ماں بہن کے لئے حلال اور جائز کیوں فرمائی تھی اور ہم ہرگز یہ مطالبہ نہیں کرتے کہ اس وقت خواتین جناب اسماء بنت ابی بکر کی سنت پر عمل کر کے متعہ کریں بلکہ اس مسئلہ میں جھگڑا اتفرق اس

بات کا ہے اگر کوئی شخص بوقت ضرورت متعہ کرے تو اس نے زنا نہیں کیا اور اس پر حد جاری نہیں ہوگی۔ اور شیعوں پر جو متعہ بازی کے بارے کیچڑ اچھالا جاتا ہے۔ وہ سب ہمارے سنی بھائیوں کے خرافات ہیں۔

سنی بھائیوں کو دیانت اور انصاف کے واسطے دعوت فکر

ارباب انصاف مولانا محمد علی جانباز جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ والے اور مولوی محمد عسلی جامعہ رضویہ لائلپور والے ہمارے معاصر ہیں۔ اور اختلافی مسائل سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ اور مسائل متعہ پر دونوں بزرگوں نے اپنے اپنے خوب علمی جوہر دکھائے ہیں۔ اور ان دونوں کو بمعہ دیگر سنی علماء کے دیانت اور انصاف کا واسطہ دیکر ہم دعوت فکر دیتے ہیں۔ کہ شیعہ مسلک میں متعہ مثل نکاح ہے۔ اور مباح ہے اور قرآن پاک اور فرمان رسول اللہ اور اقوال صحابہ کرام کی روشنی میں ہم نے مسئلہ متعہ کی اباحت کی وضاحت کی ہے اور اپنے ہر دعویٰ کو سنی کتب کے حوالہ جات سے مضبوط کیا ہے لہذا متعہ کو زنا کہنا اور اس پر روغن لگا کر اور نمک مرچ لگا کر شیعوں پر کیچڑ اچھالنا اور فقہ جعفریہ والوں کو برا بھلا کہنا یہ ہمارے سنی بھائیوں کی بہت بڑی بے انصافی ہے اور اسمیں صحابہ کرام اور انکی خواتین یعنی انکی ماں بہن کی سخت توہین ہے کیونکہ متعہ اگر زنا ہے۔ تو ابتدائے اسلام میں یہ زنا صحابہ کرام اور انکی مستورات کیلئے خدا اور رسولؐ نے حلال اور مباح کس طرح فرمایا تھا۔

متعہ کے حلال ہونے کی پہلی دلیل قرآن پاک سے

فما استمتعتم به منهن فآتوهن اجورهن فريضة ولا جناح عليكم فيما تراضيتم به من بعد الفريضة ان الله كان عليما حكيما ۔ سورۃ النساء آیہ ۲۴

ترجمہ: ہاں جن عورتوں سے تم نے متعہ کیا ہو تو انہیں جو مہر معین کیا ہے دیدو اور مہر کے مقرر ہونے کے بعد اگر آپس میں (کم و بیش پر) راضی ہو جاؤ تو اس میں تم پر کچھ گناہ نہیں بے شک خدا ہر چیز سے واقف ہے، اور مصلحتوں کا پہچاننے والا ہے،

نوٹ: ارباب انصاف جس طرح صوم اور صلوٰۃ حج اور زکوٰۃ کلام شارع میں اپنے معانی شرعیہ میں استعمال ہوتے ہیں، اسی طرح لفظ استمتاع بھی کلام خدا میں اپنے معنی شرعی میں استعمال ہوا ہے اور اس کا معنی شرعی ہے متعہ کرنا ہے،

اور اس کا موید یہ امر بھی ہے کہ جب اصحاب نے اپنی ازواج سے زیادہ دور رہنے کی شکایت کی تو سنن ابن ماجہ اور صحیح مسلم میں لکھا ہے، کہ نبی پاک کے پاکیزہ دہن سے یہ الفاظ نکلے۔ فاستمتعوا من هذه النساء، کہ تم ان عورتوں سے متعہ کرو۔ اور ۱۹ عدد علماء اہل سنت و کبار صحابہ کی گواہی بھی موجود ہے کہ مذکورہ آیت سے مراد نکاح متعہ ہے،

پس اگر کوئی مولانا فرمائے کہ متعہ کا قرآن میں ثبوت نہیں ہے، تو مولانا اپنے ہی مذہب کے ۱۹ علماء کو جھٹلا رہا ہے، جیسے ان کے سارے مذہب کا جھوٹا ہونا ثابت ہو گا۔

علماء اہل سنت کی گواہی کہ آیت مذکورہ متعہ کے جواز کے بارے میں نازل ہوئی

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف ص ۳۶۰ ج ۱ آیہ ۲۴، النساء
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر ص ۴۷۴ ج ۱ آیت ۲۴، النساء
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری ص ۹، پ ۵،
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص ۴۱۴ ج ۱،
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص ۱۲، پ ۵
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص ۱۳۰ ج ۵
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر معالم التنزیل ص ۴۲۳ ج ۱ بر حاشیہ خازن۔
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن ص ۴۲۳ ج ۱، آیت متعہ
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ج ۳ ص ۱۹۵، النساء ۲۴،
۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص ۱۴۰ ج ۲ آیت متعہ
۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری ص ۷۴ ج ۲ آیت ۲۴، النساء
۱۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص ۱۵۴ ج ۲ آیت ۲۴، النساء
۱۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر احکام القرآن ص ۱۴۵ ج ۲، آیت متعہ
۱۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر بیضاوی ص ۹ ج ۲ آیت متعہ
۱۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر حقانی ص ۶ ج ۲ مؤلف شیخ عبدالحق حقانی
۱۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر احمدی ص ۳۰ ج ۱ مؤلف۔۔ ملا جیون
۱۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر جامع البیان ص ۱۲۲ ج ۱ معین الدین محمد شافعی

تفسیر ابن کثیر کی عبارت: عن مجاهد قال نزلت فی المتعة، امام اہل سنت مجاہد فرماتے ہیں کہ آیت نکاح متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے،

فتح القدیر اور قرطبی کی عبارت ملاحظہ ہو: قال الجمهور ان المراد بهذه الآية نكاح المتعة الذی كان فی صدر الاسلام، جمہور اہل سنت کی تحقیق ہے کہ یہ آیت نکاح متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے،

خازن کی عبارت: المراد من حكم الآية هو نكاح المتعة، سنیوں کے امام خازن کی تحقیق ہے کہ یہ آیت متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے،

معالم التنزیل کی عبارت: هو المتعة وهو ان ينكح امرأة الى مدة، اس آیت سے مراد نکاح متعہ ہے جو مدت معین تک ہوتا ہے

درمنثور کی عبارت: علامہ سیوطی نے بسند عالی نو عدد روایات صحابہ اور تابعین سے نقل کی ہیں کہ مراد آیت سے متعہ ہے،

تفسیر حقانی کی عبارت: آیت سے متعہ مراد ہے جو ابتداء اسلام میں جائز تھا اس کو رنڈی بازی کہنا فضول ہے،

تفسیر کبیر کی عبارت: واما عمران بن الحصين فانه قال نزلت آية المتعة فی كتاب الله ولم تنزل آية بعدها تنسخها وامرنا رسول الله و تمتعنا بها و مات ولم ينهنا عنه ثم قال رجل برأيه ما شاء يريد ان عمر نهى عنها،

اور صحابی رسول اللہ عمران بن حصین فرماتا ہے کہ قرآن پاک میں آیت متعہ نازل ہوئی ہے، اور اس کی ناسخ آیت نازل نہیں ہوئی ہے اور متعہ کرنے کا نبی پاک نے ہمیں حکم دیا ہے، اور ہم نے متعہ کیا ہے اور رسول پاک نے اپنی وفات سے پہلے متعہ کرنے سے منع بھی نہیں کیا، پھر ایک مرد نے اپنی ذاتی رائے سے جو اس کی مرضی تھی کہا

اور عمران کی مراد اس مرد سے حضرت عمر ہے،

وکلاء صحابہ کا اعتراض: عمران بن حصین صحابی کی مراد آیہ متعہ سے متعہ الحج ہے نہ کہ متعۃ النساء،

وکیل آل محمد کا جواب: امام رازی نے آیت فما استمتعتم کی تفسیر میں عمران بن حصین کے قول کو ذکر فرمایا ہے پس مراد عمران کی آیت متعہ سے متعۃ النساء ہے،

سنیو! تمہیں اسماء بنت ابی بکر کے متعہ کا واسطہ انصاف کرو

ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ اقرار العقلاء علی انفسهم مقبول کہ جب کوئی عقل مند بغیر کسی مجبوری کے کسی مقدمہ میں اپنے مخالف کے سامنے اقرار کرتا ہے تو اس کو پکڑا جاتا ہے، اور اگر ہزار مرتبہ وہ بعد میں انکار کرے اور اپنے اکھر جھوٹ سے تو اس کی کوئی قیمت نہیں ہے ہم کہتے ہیں، انیس ۱۹ عدد وکلاء صحابہ نے یہ اقرار کیا ہے کہ قرآن پاک میں آیت فما استمتعتم، سے مراد متعۃ النساء ہے، اور یہ اقرار علماء اہل سنت کا مخالف متعہ کو ذلیل کرنے کیلئے کافی، اور جو سنی مولانا فرماتا ہے کہ متعہ تو زنا ہے، متعہ کا ثبوت قرآن پاک میں نہیں ہے،

مذکورہ ۱۹ عدد علماء اہل سنت کا اقرار اس مولانا کو جھوٹا کرنے کیلئے بھی وافی ہے اور اگر بعد میں وہ انیس ۱۹ عدد علماء اس اقرار سے انکاری ہیں اور اپنے اکھر جھٹلاتے ہیں تو پھر ان کذابین کے کسی بھی قول کا کوئی اعتبار نہیں ہے،

وکلاء صحابہ کا اپنا فیصلہ کہ ابتداء اسلام میں متعہ جائز تھا

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص۱۹۵ ج۳ آیت متعہ
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر ص۴۷۴ ج۱ ، النساء آیت ۲۰
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ص۵ پارہ ۵
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص۱۶ پارہ ۵
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر معالم التنزیل ص۴۶۰ ج۱ ، النساء
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر معارف القرآن ص۳۶۰ ج۱ ، النساء
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر محاسن التاویل ص النساء ، قاسمی
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مراغی ص۹ ج۵ م احمد مصطفیٰ مراغی
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب فتاویٰ مولانا عبدالحی ص۲۶۰

تفسیر کبیر کی عبارت: واتفقوا علی ان المتعۃ کانت مباحۃ فی ابتداء الاسلام
سنی علماء کا اتفاق ہے کہ متعہ ابتداء اسلام میں جائز تھا،

عبارۃ اخریٰ: والذی یجب ان یعتمد علیہ فی ھذا الباب ان نقول انا لا ننکر ان المتعۃ کانت مباحۃ ، امام رازی نے یہ بھی لکھا ہے کہ متعہ کے مباح ہونے سے ہم انکار نہیں کرتے،

ابن کثیر کی عبارت: لا شک ان المتعۃ کانت مشروعا فی ابتداء الاسلام
اس میں شک نہیں ہے کہ متعہ ابتداء اسلام میں حلال تھا

تفسیر مراغی کی عبارت: کان مرخصا فی ابتداء الاسلام، کہ متعہ ابتداء اسلام میں جائز تھا،

قاسمی کی عبارت: کانت مشروعا فی ابتداء الاسلام

وکلاء صحابہ کا اپنا اقرار کہ متعہ بھی نکاح ہے،

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص۱۳۲ ج۵ ، النساء آیت ۲۴
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر بیضاوی ص۹۰ ج۲ النساء
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر جامع البیان ص۱۳۲ ج۱
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مراغی ص۱۱ پارہ ۵۔

قرطبی کی عبارت: وقال الجمہور المراد نکاح المتعۃ الذی کان فی صدر الاسلام
سنیوں کا امام فرماتا ہے کہ جمہور اہل سنت کے نزدیک آیت فاستمتعتم سے مراد نکاح متعہ ہے جو ابتداء اسلام میں جائز تھا،

تفسیر بیضاوی کی عبارت: نزلت الآیۃ فی المتعۃ وھی النکاح الموقت بوقت المعلوم
متعہ نکاح موقت ہے۔

وکلاء صحابہ کو دیانت کا واسطہ دیکر دعوت فکر

علماء اہل سنت سے ۱۹ عدد علماء کی گواہی پیش کی ہے، کہ آیت فما استمتعتم متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے، اور نو ۹ عدد علماء کی گواہی ذکر کی ہے، کہ متعہ ابتداء اسلام میں حلال تھا اور ۵ عدد علماء کی گواہی ذکر کی ہے کہ متعہ بھی نکاح ہے، ہم شیعہ خیر البریہ اپنے سنی بھائیوں سے پوچھتے ہیں کہ اگر متعہ زنا اور بے غیرتی ہے تو کیا نبی کریم کے زمانہ میں یہ بے غیرتی حلال تھی! کیا آنجناب نے اس زنا کی اپنے اصحاب کو اجازت دے رکھی تھی! کیا سنی علماء نے زنا کے حلال ہونے کی گواہی دی ہے!،

وکلا صحابہ کا اپنا فیصلہ کہ آیت متعہ منسوخ نہیں ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص۴۱۲ ج۱ آیت متعہ
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر خازن ص۴۲۳ ج۱ ، النساء ۲۴
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر معالم التنزیل ص۴۲۳ ج۱ برحاشیہ خازن
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری ص۵ پ ۵
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف ص۵۶ ج۱ آیت متعہ
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص۱۵ پ۵
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص۱۹۵ ج۳ آیت متعہ
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر منار ص۱۵ ج۵ م رشید منار

فتح القدیر کی عبارت: وقد روی عن ابن عباس انہ قال وانہا باقیۃ لم تنسخ ، ابن عباس سے روایت کی گئی ہے کہ وہ آیت متعہ یعنی اس کا حکم باقی ہے نسخ اور کینسل نہیں ہوا۔

معالم کی عبارت: وکان ابن عباس یذھب الی ان الآیۃ محکمۃ ویرخص فی نکاح المتعۃ۔ ابن عباس کا مذہب یہ ہے کہ آیت متعہ محکم ہے اور متعہ حلال ہے۔

تفسیر کبیر کی عبارت ہے: نزلت آیۃ المتعۃ فی کتاب اللہ ولم ینزل بعدھا آیۃ تنسخہا۔ آیت متعہ ہی قرآن میں آئی ہے اور اس کی ناسخ آیت نہیں آئی ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے ہم شیعہ یہ کہتے ہیں کہ آیت فما استمتعتم بقول وکلا صحابہ متعہ کے بارے آئی ہے اور متعہ ابتداء اسلام میں حلال تھا اور متعہ بھی ایک نکاح ہے ، اور آیت متعہ

آیت متعہ میں صحابہ نے الیٰ اجل مسمّٰی پڑھ کر متعہ کے حلال ہونے کی گواہی دی ہے

۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر درمنثور ص۱۴۰ ج۲ النساء آیت ۲۴
۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری ص۹ ج۵ النساء
۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص۱۹۴ ج۳ النساء آیت
۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص۴۱۴ ج۱ النساء آیت
۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن کثیر ص۴۷۴ ج۱ النساء
۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر روح المعانی ص۵ ج۵ النساء
۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف ص۳۶۰ النساء
۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری ص۷۴ ج۲ النساء
۹۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر احکام القرآن جصاص ص۱۴۷ ج۲ النساء
۱۰۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر معالم التنزیل ص۴۲۳ برحاشیہ خازن
۱۱۔ اہل سنت کی معتبر کتاب مستدرک حاکم ص۳۰۵ ج۲
۱۲۔ اہل سنت کی معتبر کتاب المصاحف لابی بکر سجستانی ص۹۳
۱۳۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر مواہب الرحمٰن ص۳ پارہ ۵
۱۴۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر حقانی ص۲ ج۲
۱۵۔ اہل سنت کی معتبر کتاب جامع البیان ص۱۲۴ ج۱
۱۶۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر القرآن الثعالبی
۱۷۔ اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص۱۵۴ ج۶ کتاب النکاح
۱۸۔ اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص۱۳۰ ج۵

عبداللہ بن مسعود نے آیت متعہ فما استمتعتم میں الی اجل مسمیٰ پڑھکر متعہ کے حلال ہونے کا اور عثمان کے قرآن میں کمی کرنے کا اعلان کیا ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر منار ج ۵ صفحہ ۱۵ مؤلف رشید منار ،
اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر جامع البیان ج ۲ صفحہ ۹ حاشیہ نمبر ۵
اہل سنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ج ۱ صفحہ ۴۵

کتاب النکاح وفی قرائۃ عبد اللہ بن مسعود فما استمتعتم الی اجل مسمیٰ

ترجمہ: عبد اللہ بن مسعود نے آیت فما استمتعتم میں الی اجل مسمیٰ، پڑھا ہے،

نوٹ: ارباب انصاف ہم عنقریب ہی تحریک کے حساب سے حوالہ جات پیش کریں گے کہ ابن عباس اور ابی بن کعب بھی الی اجل مسمیٰ آیت متعہ میں پڑھتے تھے، اور الی اجل مسمیٰ، کو ملا کر آیت کا ترجمہ یہ بنتا ہے، کہ جن عورتوں سے تم نے مدت معین تک متعہ کیا ہے، انکو ان کی اجرت دے دو اور یہ صاف نکاح متعہ کی حلیت اور جواز کا بیان ہے۔

پس شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ اگر یہ الفاظ آیت میں نازل نہیں ہوئے تھے تو ابن مسعود اور ابن عباس اور ابی بن کعب کو بلا تقیہ اور اجبار اگیا مصیبت پڑی تھی کہ انہوں نے الی اجل مسمیٰ والا جھوٹ بولا ہے، اور کبار صحابہ کو کیا مجبوری تھی کہ جب ان کے مذہب میں تقیہ نہیں ہے، تو بلا کسی مجبوری کے صحابہ کے اس جھوٹ کو اپنی کتابوں کی زینت بنا رکھا ہے، اور عثمان کے قرآن میں کمی کرنے کے جرم کو فاش کر کے مذہب اصحاب کو شیعوں کے سامنے رسوا کیا ہے

نماز تراویح کے پہلے امام ابی ابن کعب کی گواہی کہ قرآن میں آیت متعہ میں الی اجل مسمیٰ نازل ہوا ہے، اور صحابہ ابن کعب کے اس اعلان پر خاموش رہے

تفسیر کبیر کی عبارت } الطریق الثانی ان تقول ہذہ الآیۃ مقصورۃ علی بیان نکاح المتعۃ وبیانہ من وجوہ الاول ما روی ان ابی بن کعب کان یقرأ فما استمتعتم بہ منہن الی اجل مسمیٰ فآتوہن اجورہن وہذا ہو قراءۃ ابن عباس والامۃ ما انکروا علیہما فی ہذہ القراءۃ فصار ذالک اجماعا من الامۃ علی صحۃ ہذہ القراءۃ وتقریرہ ما ذکرتموہ فی ان عمر لما منع من المتعۃ والصحابۃ ما انکروا علیہ کان ذالک اجماعا علی صحۃ ما ذکر فکذا ہہنا فاذا ثبت بالاجماع صحۃ ہذہ القراءۃ ثبت المطلوب ؛

ترجمہ: طریق ثانی یہ ہے کہ یہ آیت نکاح متعہ ہی کے لئے آئی ہے اور اس کے بیان میں پہلی وجہ یہ ہے کہ ابی بن کعب آیہ متعہ میں الی اجل مسمیٰ پڑھتا تھا اور ابن عباس بھی اسی طرح پڑھتا تھا اور امت نے انکو اس طرح پڑھنے سے روکا نہیں ہے ،

پس الی اجل مسمیٰ، پر امت کا اجماع ہو گیا، کہ یہ صحیح ہے، پس دلیل یوں بنے گی کہ عمر نے متعہ سے روکا اور اصحاب نے اس پر نکیر نہیں کی، تم نے کہا کہ یہ قول عمر اجماعی ہے، اسی طرح اصحاب نے ابن عباس اور ابی بن کعب کو الی اجل مسمیٰ سے روکا نہیں ہے، پس اس قرائت کی صحت پر اجماع ہو گیا، اور اسی سے متعہ کا حلال اور جائز ہونا ثابت ہو گیا،

اہل سنت علماء کا خدا تعالیٰ سے مقابلہ اور آیت جواز متعہ کے رد کے بارے بھانت بھانت کے اقوال، اور وکیل آل محمدؐ کے دندان شکن جواب

وکلاء صحابہ کا اعتراض: آیت متعہ کے نزول میں دو قول ہیں، پہلا یہ آیت متعہ کے بارے نازل ہوئی، اور دوسرا کہ یہ آیت نکاح کے بارے نازل ہوئی ہے۔

وکیل آل محمدؐ کا جواب: بھائی اگر آیت متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے تو بھی متعہ مراد ہے اور اگر نکاح کے بارے نازل ہوئی ہے تو حوالہ جات گزر چکے ہیں کہ متعہ بھی نکاح ہے، اور یوں سمجھیں کہ نکاح کی ایک قسم ہے متعہ۔

وکلاء صحابہ کا اعتراض: آیت کا متعہ کے بارے نازل ہونا قول مرجوح اور قول شاذ ہے اور نکاح کے بارے نازل ہونا یہ قول اصح اور مشہور ہے۔

وکیل آل محمدؐ کا جواب: ۱۔ ہر جگہ قول مشہور نہیں لیا جاتا، حضرت عمر اور انکے بارے بھی ایک قول مشہور ہے مگر اہل سنت اس کو نہیں لیتے۔

۲۔ اگر وکلاء صحابہ کا مقصد مرجوح اور شاذ سے یہ ہے کہ متعہ بحکم خدا کبھی بھی حلال نہیں ہوا تو پھر ۲۳ سال زمانہ رسالت میں صحابہ کرام اور ابوبکر کی بیٹی اسماء یہ سب متعہ کرتے رہے ہیں، کیا یہ معاذ اللہ سب زنا ہوتا رہا، یہ جہالت اور بے شرمی کا دور رہا؟ معاذ اللہ۔

جواب ۳۔ تفاسیر میں قول مشہور یہ ہے کہ آیت فما استمتعتم، متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے، تو

جواب ۴۔ اقرار العقلاء علی انفسہم مقبول، اہل سنت کا اپنی کتابوں میں یہ لکھنا کہ یہ آیت متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے، انکو الزام دینے کے لیے کافی ہے اور اگر بعد میں وہ منکر ہو گئے ہیں تو سچ سچ کہہ کر منکر ہونا ان کی پرانی عادت ہے۔

وکلاء صحابہ کا اعتراض: علماء اہل سنت کا متعہ کے جواز اور عدم کے بارے دونوں قولوں کو لکھنا یہ انکی دیانت داری ہے۔

وکیل آل محمدؐ کا جواب: سنی علماء کا کچھ باتیں اپنی کتابوں میں شیعوں کے موافق لکھنا اور کچھ باتیں سنیوں کے مخالف لکھنا تاکہ دونوں مذہب قیامت تک آپس میں لڑتے رہیں مسلمانوں کو آپس میں لڑانے والی اس سازش کو دیانت داری سمجھنا نادانی ہے، البتہ ان علماء کا ہمارے سامنے متعہ کے جواز کا اقرار کرنا یہ ہم شیعوں کی فتح مبین ہے اور ہمارے مولا علیؑ کی کرامت ہے۔

اعتراض وکلاء صحابہ کا: اقوال شاذہ اور مرجوحہ شیعہ کتب میں بھی آتے ہیں، پس اگر کتب اہل سنت میں بھی یہ آئے ہیں تو کیا حرج ہے؟

جواب وکیل آل محمدؐ کا: ۱۔ قرآن پاک میں متعہ حلال لکھا ہے اس کے خلاف لکھنا یہ قول شاذ نہیں ہے، بلکہ مخالفت قرآن اور فعل حرام ہے، اہل سنت علماء نے حرمت متعہ کا قول اختیار کرکے فعل حرام کیا ہے

جواب ۲۔ شیعوں پر تو اہل سنت کے امام اور بادشاہ ہر زمانہ میں ظلم کرتے رہتے ہیں، اور شیعوں کی تعلیمات اور تبلیغات میں رکاوٹ پیدا کرتے رہے ہیں اور شیعوں میں جواز تقیہ کا مسئلہ ہے اور ہر زمانہ میں انہوں نے اسی کے ذریعہ اپنی جان بچائی ہے، پس

پس اگر قول شاذ اور مرجوح شیعہ کتب میں آ جانے تو کیا حرج ہے ان کی مجبوری واضح ہے اور اہل سنت میں تقیہ حرام ہے، پس ان کے علماء کو کیا مصیبت تھی کہ انہوں اپنے مذہب کے خلاف جھوٹی باتوں سے اپنے مذہب کی کتابوں کو بھر دیا ہے۔

اعتراض وکلاء صحابہ | اگر کسی مذہب کی کتاب میں صرف ایک روایت یا کوئی قول آجائے تو جب تک اس مذہب والے اس پر عمل نہ کریں اور اس کے صحیح ہونے کا اقرار نہ کریں تو اس کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ جیسا کہ شیعہ کتب میں کئی روایات ہیں اور وہ ان کے صحیح ہونے کا اقرار نہیں کرتے اسی طرح ہم سنی بھی ہماری کتابوں میں حلیت متعہ کی جو روایات ہیں ہم ان کو درست نہیں مانتے۔

وکیل آل محمدؑ کا جواب | بات کسی عام کتاب کی نہیں ہے بلکہ کتاب خدا قرآن پاک میں متعہ حلال لکھا ہے اور ۱۸ سال تک زمانہ رسالت میں صحابہ کرام نے اور جناب ابو بکر کی بیٹی اسماء نے متعہ کیا ہے اگر متعہ زنا ہے تو کیا زمانہ رسالت میں ۱۸ سال تک صحابہ کو حضور پاک نے زنا کی اجازت دے رکھی تھی۔

۲۔ شیعہ کتابوں میں جو روایات اور اقوال شاذہ ہیں تو شیعہ لوگ انکو تقیہ پر حمل کر کے ٹھکرا دیتے ہیں، اور اہل سنت کے مذہب میں اکراہ تقیہ نہیں ہے، پس انکے علماء کو کیا مصیبت اور مجبوری تھی کہ انہوں نے اپنی کتابوں کو بھانت بھانت کے اقوال اور جھوٹ سے بھر دیا ہے۔

وکلاء صحابہ کا اعتراض | ہم اہل سنت میں متعہ حرام ہے اور یہی قول مشہور ہے پس ہم قول مشہور کو چھوڑ کر غیر مشہور پر کس طرح عمل کریں۔

وکیل آل محمدؑ کا جواب | حرمت متعہ کو قول مشہور کہنا غلط ہے کیونکہ رب مشہور لا اصل لہ، بات دراصل یہ ہے کہ الناس علیٰ دین ملوکہم مسئلہ متعہ میں بادشاہ سلامت حضرت عمر نے خدا سے اختلاف کیا ہے، اہل سنت نے عمر کا ساتھ دیا ہے اور بیچارے شیعوں نے اللہ کا ساتھ دیا ہے۔

ابن عباس نے آیت متعہ میں الیٰ اجل مسمّیٰ پڑھ کر متعہ کے جائز ہونے کا اعلان کر دیا

معالم التنزیل کی عبارت | روی عن ابی نضرۃ قال سئلت ابن عباس عن المتعۃ فقال اما تقرأ فی السورۃ النساء فما استمتعتم بہ منھن الیٰ اجل مسمّیٰ قلت لا اقرأھا ھکذا قال ابن عباس ھکذا انزل اللہ ثلاث مرات۔

ابن عباس سے ابی نضرہ نے متعہ کے بارے پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ سورہ نسأ کی آیت تو نہیں پڑھتا فما استمتعتم بہ منھن الیٰ اجل مسمّیٰ، کہ تم مدت معین تک جن عورتوں سے متعہ کرو ان کا اجر ان کو دے دو، ابی نضرہ نے کہا کہ میں اس طرح اس آیت کو نہیں پڑھتا، ابن عباس نے کہا یہ آیت اسی طرح اللہ نے نازل کی ہے۔

معالم کی روایات پر ابن تیمیہ نے صحت کی مہر لگا دی ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب منہاج السنہ ص البرہان السادس من النہج الثانی من الفصل الثالث من فصول الکتاب من ابن تیمیہ ناصبی ذکر تفسیر ثعلبی میں لکھتا ہے کہ اگرچہ غالب احادیث مذکورہ در تفسیر ثعلبی صحیح ہیں مگر اس میں کچھ صحیح بھی ہیں اور ابو محمد الحسین بن مسعود بغوی نے جب تفسیر ثعلبی کا خلاصہ کیا ہے تو چونکہ بغوی علم حدیث کا ثعلبی سے بڑا عالم تھا، اس لئے بغوی نے اپنی تفسیر معالم التنزیل میں ثعلبی کی ذکر کردہ احادیث میں سے صرف احادیث صحیحہ کو ذکر کیا ہے۔

نوٹ، ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ ابن تیمیہ نے معالم التنزیل میں درج شدہ روایات پر صحت کی مہر لگا کر متعہ کے حلال ہونے کی تصدیق کر دی ہے کیونکہ اجل مسمّیٰ والی روایت ابن عباس کی معالم التنزیل میں درج ہے اور بقول ابن تیمیہ صحیح روایت ہے۔ پس متعہ کی حلیت پر صحیح روایت ہے۔

ابن عباس کی الی اجل مسمیٰ والی روایت کی حاکم نے تصحیح کردی ہے

درمنثور کی عبارت | اخرج عبد بن حمید وابن جریر وابن الانباری فی المصاحف والحاکم وصححہ من طریق عن ابی نضرۃ قال قرأت علی ابن عباس فما استمتعتم بہ منھن فاتوھن اجورھن فریضۃ قال ابن عباس فما استمتعتم بہ منھن الی اجل مسمی، فقلت ما نقرؤھا کذالک فقال ابن عباس واللہ لانزلھا اللہ کذالک۔

ابن نضرۃ کہتا ہے کہ میں نے ابن عباس کے سامنے آیت متعہ کو پڑھا ابن عباس نے کہا اس میں الی اجل مسمی بھی پڑھو میں نے کہا ہم اس طرح نہیں پڑھتے ابن عباس نے تین مرتبہ خدا کی قسم کھا کر کہا کہ الی اجل مسمیٰ کے ساتھ خدا نے آیت کو نازل کیا ہے۔

ابن عباس کے بقول دوسرے صحابہ بھی آیہ متعہ میں اجل مسمیٰ پڑھتے تھے

درمنثور کی عبارت | واخرج الطبرانی والبیھقی فی سننہ عن ابن عباس قال کانت المتعۃ اول الاسلام وکانوا یقرؤون ھذہ الآیۃ فما استمتعتم بہ منھن الی اجل مسمیٰ

اہل سنت کے علماء نقل کرتے ہیں کہ بقول ابن عباس متعہ ابتداء اسلام میں تھا اور اصحاب آیت متعہ میں الی اجل مسمیٰ۔ پڑھتے تھے،

نوٹ۔ وکلاء صحابہ جو صحابہ کی عظمت کی ڈگڈگی بجاتے ہیں، ہم انکو دعوت فکر دیتے کہ آپ کے صحابہ تو متعہ کو حلال جانتے تھے اور تم ابن عباس جیسے جلیل القدر صحابی کو متعہ کے مسئلہ میں جھٹلاتے ہو اگر متعہ زنا ہے تو کیا ابن عباس اس زنا کے حلال ہونے کی قسمیں کھا کر گواہی دیتا تھا،

روایت ابن عباس الی اجل مسمیٰ کو امام اہل سنت حاکم نے اپنی مستدرک میں صحیح تسلیم فرما کر وکلاء صحابہ کے جواز متعہ سے بھاگنے کے تمام دروازے بند کر دئے

ابو عبد اللہ حاکم نے وکلاء صحابہ کے پوپ پال نے اپنی کتاب مستدرک ج ۲ ص ۳۰۵ میں روایت ابن عباس الی اجل مسمی، کو لکھنے کے بعد فرمایا ہے کہ ہذا حدیث صحیح علی شرط مسلم، پس جو وکیل صحابہ متعہ کے بارے صحابہ کی صحیح کو نہیں مانتا وہ صاف کہہ دے کہ صحابہ کرام مسئلہ متعہ میں صاف جھوٹے تھے،

شاہ ولی اللہ کے عقیدہ میں حاکم نیشاپوری سنیوں میں چوتھی صدی کا مجدد ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب ازالۃ الخفاء ص ۷۷ ج ۲ فصل ۷

محدث شاہ ولی اللہ لکھتا ہے کہ ہر صدی کے آخر میں ایک مجدد ہوتا ہے

پہلی صدی کا مجدد امام اہل سنت عمر ابن عبد العزیز ہے

دوسری صدی کا مجدد امام اہل سنت محمد بن ادریس شافعی ہے،

تیسری صدی کا مجدد امام اہل سنت ابو الحسن اشعری ہے،

چوتھی صدی کا مجدد امام اہل سنت ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری ہے،

پانچویں صدی کا مجدد امام اہل سنت ابو حامد غزالی طوسی ایرانی ہے

چھٹی صدی کا مجدد امام اہل سنت امام فخر الدین رازی ہے،

نوٹ۔ ارباب انصاف وکلاء صحابہ کا گرو گھنٹال حاکم نیشاپوری ابو الحسن اشعری امام شافعی کے درجہ کا عالم ہے اور متعہ کو حلال قرار دیتا ہے اور ان کو مجدد کا مرتبہ بھی اسی لئے ملا ہے کہ اس نے اہل سنت کو متعہ کا صحیح مسئلہ بتایا ہے،

شاہ ولی اللہ کا فیصلہ کہ حاکم نیشاپوری کی تفسیر اصح التفاسیر ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب فتح الرحمان فی ترجمۃ القرآن صـ تشیید المطاعن صـ ۹۹
شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں کہ اس فتح الرحمٰن کی تدوین میں جو اصح التفاسیر ہیں ان سے
مدد لی گئی ہے، وہ اصح یہ ہیں کہ تفسیر بخاری تفسیر مسلم اور تفسیر ترمذی
اور تفسیر حاکم، اس حاکم کی عظمت کے لئے اتنا کافی ہے، کہ اس کی تفسیر
امام بخاری کی تفسیر کے برابر ہے رتبہ میں،
ہم شیعہ خیر البریہ یہ لکھتے ہیں کہ صحت متعہ اور اجل مسمّٰی کا ذکر ابن
عباس کی روایت سے تفسیر حاکم میں آیا ہے اور چونکہ تفسیر حاکم اصح التفاسیر ہے
پس روایت صحت متعہ بھی اصح الروایات ہے،

حاکم کی تصحیح کو ابوبکر کے حق میں سنیوں نے چوم کر آنکھوں پر رکھا ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صـ ۲۹۲ مطاعن ابو بکر طعن ۱۵
میں لکھا ہے کہ چور کا بایاں ہاتھ ابوبکر نے دو مرتبہ کاٹا ہے اور اس کو طبرانی
اور حاکم نے روایت کیا ہے اور حاکم نے کہا کہ یہ صحیح الاسناد ہے،
نوٹ، اگر حاکم کی تصدیق سے ابوبکر کو فائدہ پہنچے تو اس کی تصحیح حجت
ہے اور اس کو شیعوں کے خلاف بھی پیش کیا جا سکتا ہے اور اگر حاکم کی
تصحیح سے شیعوں کو نفع پہنچے تو پھر بیچارے حاکم کی تصحیح کی کوئی قیمت
نہیں ہے، صحت متعہ کی روایت کو حاکم نے اپنی اصح التفاسیر میں لکھ کر پھر
یہ بھی لکھا ہے کہ یہ صحیح ہے شرائط مسلم پر، پس ہماری طرف سے وکلاء
صحابہ کو دعوت فکر ہے،

ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری ایرانی پکا عثمانی اور اہل سنت تھا ہے۔

اہل سنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صـ ۱۴۳ کید ۷۹ میں لکھا ہے،
کہ اہل سنت کس طرح دشمنان اہل بیت کو دوست رکھ سکتے ہیں، جبکہ
اہل سنت کی کتابوں میں یہ حدیث لکھی ہے، کہ من مات وھو مبغض
لآل محمد دخل النار وان صام وصلی، کہ جو شخص اس حال میں مرے کہ
وہ آل محمد سے دشمنی رکھتا ہو تو وہ شخص آگ میں داخل ہوگا اگرچہ وہ نماز
پڑھتا ہو اور روزہ رکھتا ہو، اس روایت کو طبرانی اور حاکم نے روایت کیا ہے،

وکلاء صحابہ تمہیں بی بی اسماء عائشہ کی بہن کے متعہ کا واسطہ انصاف کرو

ارباب انصاف ابن عباس نے آیت متعہ میں الی اجل مسمّٰی پڑھا ہے جس کا
مطلب یہ ہے کہ آیت فما استمتعتم نکاح متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے
کیونکہ مدت معین صرف متعہ میں ہوئی اور اجل مسمّٰی کا مطلب بھی مدت معین
ہے، اور ابن عباس کی روایت کی تصحیح پر سنی عالم حاکم نے نص فرمائی ہے اور حاکم
کی اس تصحیح پر علامہ سیوطی نے اس تصحیح کو نقل کر کے خاموشی فرمائی ہے جس کا مطلب
یہ ہوا کہ سنی علماء کے نزدیک متعہ حلال ہے اگر حلال نہیں ہے تو سیوطی نے
خاموشی کیوں اختیار فرمائی ہے؟ جس طرح سنی بھائی صحابہ کی خاموشی سے کئی
چیزوں پر دلیل لاتے ہیں اسی طرح ہم بھی سیوطی کی خاموشی کو جواز متعہ پر دلیل
بناتے ہیں،
خلاصہ وکلاء صحابہ یا متعہ کو حلال مانیں اور یا جماعت صحابہ کو جھوٹا مانیں،

آیت متعہ میں اگر الیٰ اجل مسمیٰ" قرائت شاذہ ہے تو

بھی سنیوں کے امام اعظم کے نزدیک اس پر عمل کرنا جائز ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان جلد ۱ صفحہ ۱۰۳ نوع ۲۲ تا ۲۷
اہل سنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری ص از تشیید المطاعن صفحہ ۱۱۹۶
اہل سنت کی معتبر کتاب مسلم الثبوت ص م محب اللہ بہاری

اتقان کی عبارت } التنبیہ الخامس اختلف فی العمل بالقراءۃ الشاذۃ، وذکر القاضیان ابو الطیب والحسین والرویانی والرافعی العمل بہا تنزیلا لہا منزلۃ الاحاد و علیہ ابو حنیفہ ایضاً واحتج علی وجوب التتابع فی صوم کفارۃ الیمین بقراۃ متتابعات

ترجمہ قرائت شاذہ پر عمل کرنے میں اختلاف ہے قاضی ابو طیب اور قاضی حسین اور دیگر علماء نے قرائت شاذہ کو خبر واحد کا درجہ دیتے ہوئے اس پر عمل کو جائز قرار دیتا ہے اور امام ابو حنیفہ کا بھی یہی مذہب ہے انہوں نے کفارہ یمین کے روزوں میں وجوب تتابع کا فتویٰ دیا ہے قرائت متتابعات کے باعث

عمدۃ القاری کی عبارت } اختلف اصحاب الاصول فیما نقل احاداً ومنہ قراءۃ شاذۃ کمصحف ابن مسعود وغیرہ ھل ھو حجۃ ام لا. فتبت ابو حنیفہ و بنی علیہ وجوب التتابع فی صوم کفارۃ الیمین بما نقل من مصحف ابن مسعود من قولہ ایام متتابعات،

ترجمہ، خبر واحد کی حجیت میں اختلاف ہے اور اسی کی قسم ہے قرأت شاذہ امام ابو حنیفہ نے قرأت شاذہ کی حجیت کو ثابت کیا ہے۔

اور ابو حنیفہ نے اسی جواز عمل قرائت شاذہ پر بنا رکھی ہے وجوب تتابع کی کفارہ یمین کے روزوں میں کیونکہ مصحف ابن مسعود میں آیت پاک کے لفظ ایام کے بعد لفظ متتابعات نقل ہوا ہے،

علامہ سیوطی اور عینی کے بعد محب اللہ بہاری کا اعلان کہ قرأت شاذہ حجت ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب مسلم الثبوت ص از تشیید المطاعن صفحہ ۱۱۹۶
مسئلۃ القراءۃ الشاذۃ حجۃ ظنیۃ لنا مسموع عن النبی و کلما کان مسموعاً منہ فھو حجۃ، امام اہل سنت محب اللہ بہاری فرماتے ہیں قرأت شاذہ حجت ظنی اور حجت ہے، اور دلیل اس کی حجیت کی یہ ہے کہ یہ قرأت شاذہ بھی نبی کریمؐ سے مسموع ہے اور جو بات نبی کریمؐ سے مسموع ہو وہ حجت ہے،

وکلاء صحابہ تمہیں ماں کے دودھ کا واسطہ انصاف کرو

قرآن پاک سے اور کتب اہل سنت کی تحقیقات سے ہم نے متعہ کے حلال ہونے کو ثابت کر دیا ہے اور یہ بات بھی روشن ہو گئی کہ مسئلہ متعہ میں خدا تعالیٰ اور اہل سنت میں اختلاف ہے، اللہ پاک فرماتا ہے، کہ متعہ حلال ہے اور امام اعظم صاحب اور انکی پارٹی فرماتی ہے کہ متعہ حرام ہے، جو شخص متعہ کو حلال نہیں سمجھے گا اور اللہ پاک کا ساتھ نہیں دے گا وہ اس آیت کا مصداق بنے گا، ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الکافرون، جو شخص اللہ پاک کی نازل کردہ آیت کے مطابق حکم نہیں کرے گا وہ کافر ہے،

وکلاء صحابہ کا متعہ کو زنا ثابت کرنے سے عاجز ہونا

اور متعہ کے منسوخ ہونے کا جھوٹا دعویٰ کر کے جان چھڑانا

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر جلد ۲ ص ۱۹۷ النساء

والذی یجب ان یعتمد علیه فی هذا الباب ان نقول انا لا ننکر ان المتعة کانت مباحة انما الذی نقوله انها صارت منسوخة

ترجمہ: امام رازی صاحب فرماتے ہیں کہ متعہ کے باب میں جس چیز پر اعتماد واجب ہے وہ یہ ہے کہ متعہ کے مباح ہونے سے ہم انکار نہیں کرتے ہم تو یہ کہتے ہیں کہ متعہ منسوخ ہو گیا ہے۔

وکلاء صحابہ کا دعویٰ منسوخیت ہی متعہ کو حلال ثابت کرتا ہے۔

امام اہل سنت کا متعہ کے منسوخ ہونے کا دعویٰ کرنا ہی متعہ کے حلال ہونے کو ثابت کرتا ہے کیونکہ منسوخ حکم شریعت ہی ہوتا ہے اور اگر متعہ حلال اور حکم شریعت نہ ہوتا تو اس کے نسخ کا کوئی مطلب نہیں ہے اور امام صاحب کے قول سے وہ سنی مولانا جھوٹے ثابت ہو گئے جو متعہ کو آنکھ بند کر کے زنا کہہ دیتے ہیں نیز آیت فما استمتعتم کا متعہ سے اختصاص ثابت ہو گیا کیونکہ بقول ان کے جو اس آیت کو نکاح دائم کے بارے کہتے ہیں اور بقول امام صاحب کے کہ یہ آیت منسوخ ہے ان دونوں کا نتیجہ یہ ہے کہ نکاح دائم منسوخ ہے پھر جب نکاح متعہ اور نکاح دائم منسوخ ہیں تو پھر رہ کیا گیا۔

وکلاء صحابہ کی متعہ کے بارے دعویٰ نسخ والی واویلا

اور اس ڈھول کے پول کی وہ چیر پھاڑ کہ بعد میں جس کی سلائی نہ ہو سکے

وکلاء تثلیث یہ فرماتے ہیں کہ آیت متعہ بے شک قرآن میں ہے مگر پارہ ۱۸ سورہ مؤمنون کی چھٹی آیت اور یہ آیت سورہ معارج پ ۲۹ میں بھی ہے کہ الا علی ازواجھم او ما ملکت (کہ مومنین وہ ہیں جو اپنی فروج کی (مقام شرم) کی حفاظت کرتے ہیں مگر اپنی ازواج اور کنیزوں کے بارے ان کو ملامت نہیں ہے یہ آیت، آیت متعہ کی ناسخ ہے۔

نوٹ: اب ہم اس کا جواب پیش کر کے مخالف کو دعوت فکر دیتے ہیں۔

مکی آیت کو مدنی کا ناسخ بنانا وکلاء صحابہ کی علمی کمزوری ہے۔

پورے عالم اسلام کا اس امر پر اتفاق ہے کہ ناسخ بعد میں آتا ہے۔ اور مسئلہ متعہ میں وکلاء عمر فاروق کچھ ایسے بدحواس ہوئے ہیں کہ بیچارے اپنی ہی مسلمات سے انکار کرتے ہیں آیت متعہ فما استمتعتم سورہ نساء کی آیت ہے اور یہ سورہ مدنی ہے اور آیت الا علی ازواجھم سورہ مؤمنون کی اور سورہ معارج کی آیت ہے اور یہ دونوں سورتیں مکی ہیں بس یہ کس طرح ہو گیا ہے کہ ناسخ پہلے آ گیا اور منسوخ بعد میں یہ تو اس طرح ہو گیا کہ جس طرح شارح حدیدی فاروقی عثمانی نے لکھا ہے کہ مادر امیر شام کو حمل پہلے ہو گیا تھا اور نکاح اس کا بعد میں ہوا ہے۔

وکلاء صحابہ کا یہ دعویٰ کہ متعہ سات مرتبہ حلال اور حرام ہوا ہے ان کے دعویٰ نسخ کو جھٹلاتا ہے کیونکہ زیادہ اختلاف جھوٹ کی دلیل ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی جلد ۵ صـ۱۳۲ النساء آیۃ متعہ طرق الاحادیث فیھا انھا تقتضی التحلیل والتحریم سبع مرات علامہ قرطبی عمر صاحب کی وکالت فرماتے ہوئے کہتے ہیں کہ احادیث متعہ میں اتنا اختلاف ہے کہ طرق کا اختلاف یہ تقاضا کرتا ہے کہ متعہ سات مرتبہ حلال ہوا ہے اور سات مرتبہ حرام ہوا ہے اور عمر صاحب کا دوسرا وکیل شاہ عبد العزیز تحفہ اثنا عشریہ صـ۲۲۱ تتمہ بحث الامامۃ میں لکھتا کہ کثرۃ الاختلاف فی شئی دلیل کذبہ کہ کسی شئی کے دعویٰ میں زیادہ اختلاف اس دعویٰ کے جھوٹے ہونے کا ثبوت ہے۔

ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ مسئلہ متعہ میں وکلاء صحابہ کے بھانت بھانت کے اقوال ہیں اور علامہ قرطبی اور علامہ شاہ عبد العزیز کے بیان کو ملا کر دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ مسئلہ متعہ رسول اللہؐ کے زمانہ میں بی بی عائشہ کی گڑیوں کی طرح ایک کھیل تھا جو معاذ اللہ خدا اور رسول کھیل رہے تھے کہ جب صحابہ کرام پر شہوت کا غلبہ ہو گیا تو انہوں نے متعہ خدا اور رسول سے حلال کروا لیا اور جب صحابہ کرام کی مستی اتر گئی تو اس کو حرام کر دیا گیا اور اسی طرح یہ پیچ حلال۔ حرام حلال۔ حرام سات مرتبہ کھیلا گیا ہے اور اس متعہ سے زیادہ فیض جناب ابو بکر کی بیٹی اسماء نے حاصل کیا ہے۔

وکلاء صحابہ کے دعویٰ نسخ کو ایک صحابن اور آٹھ صحابہ اور تین تابعین نے جھٹلا کر سنی مذہب کی سچائی پر پانی پھیر دیا ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب المحلی صـ لابن حزم۔
اہل سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار جلد ۶ صـ۱۴۳ باب نکاح المتعہ۔

نیل الاوطار کی عبارۃ وقد روی ابن الحزم فی المحلی عن جماعۃ من الصحابۃ فقال وقد ثبت علی تحلیلھا بعد رسول اللہ من الصحابۃ اسما بنت ابی بکر وجابر بن عبد اللہ وعبد اللہ بن مسعود وعبد اللہ بن عباس و معاویۃ و عمرو بن حریث وابو سعید وسلمۃ۔

ترجمہ: نبی اکرم کے بعد بھی متعہ کو جو حلال سمجھتے رہے ہیں صحابہ کرام میں سے ان کے مبارک نام یہ ہیں: اسماء بیٹی ابو بکر کی اور جابر بن عبد اللہ اور عبد اللہ بن مسعود اور عبد اللہ بن عباس اور مسٹر معاویہ اور عمرو بن حریث اور ابو سعید اور سلمہ امیہ کے بیٹے۔

وقال بھا من التابعین طاؤس وعطا وسعید بن جبیر وسائر فقہاء مکہ۔ متعہ کو تابعین میں حلال جاننے والے یہ ہیں طاؤس اور عطا اور سعید بن جبیر۔

نوٹ: جو وکلاء عمر یہ کہتے ہیں متعہ منسوخ ہو گیا ہے اور نسخ کے بعد اب یہ زنا ہے ان کو ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ اس زنا کو حضرت عائشہ کی بہن اور صحابہ کرام اور تابعین عظام حلال سمجھتے تھے شاید یہ لوگ سنی مذہب سے مرتد ہو گئے تھے۔

رازی کا صحابہ کیلئے نسیان والا عذر پیش کرنا بھی سفید جھوٹ ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر صفحہ ۱۹۶ سورۃ نساء۔

قلنا لعل بعضهم سمعه ثم نسيه ثم ان عمر لما ذكر ذالك في الجمع العظيم تذكروه وعرفوا صدقه فسلموا له۔

ترجمہ: شاید کچھ صحابہ نے ناسخ کو سنا تھا پھر بھول گئے تھے پھر عمر نے جب بڑے مجمع میں اس ناسخ کا ذکر کیا تو ان کو یاد آگیا اور عمر کے سچ کو انہوں نے پہچان کر اس کو تسلیم کیا۔

نوٹ: رازی کے اس عذر پہ ہم شیعہ راضی نہیں ہیں اور اب ہم اس عذر کی پیرپھاڑ کر کے وکلاء عمر کو دعوت فکر دیتے ہیں۔

زندگی بھر صحابہ کرام مسئلہ متعہ میں حضرت عمر کو جھٹلاتے رہے۔

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر جلد ۳ صفحہ ۱۹۵ النساء آیت متعہ۔

عن علي بن ابي طالب انه قال لولا ان عمر نهى عن المتعة مازنى الا شقى ورواه محمد بن جرير الطبري في تفسيره۔

ترجمہ امام الہدیٰ حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ اگر عمر صاحب متعہ سے منع نہ کرتے تو سوائے شقی کے اور کوئی زنا نہ کرتا۔

نوٹ: دعویٰ نسخ میں وکلاء صحابہ اور وکلاء عمر کو جھوٹا ثابت کرنے کے لیے مولیٰ علیؑ کا مذکورہ فرمان کافی ہے اور عبداللہ بن عباس سے بھی عمر کو جھوٹا کرنے والا یہ قول تفسیر در منثور ج ۲ صفحہ ۱۴۰ میں مروی ہے۔

دعویٰ نسخ میں وکلاء صحابہ کو حضرت جابر صحابی نے جھٹلایا ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب زاد المعاد جلد ۱ صفحہ ۱۰۵ ذکر فتح مکہ۔

فان قيل ما تصنعون بما رواه مسلم في صحيحه عن جابر بن عبد الله قال كنا نستمتع بالقبضة من التمر والدقيق الايام على عهد رسول الله وابي بكر حتى نهى عنها عمر في شان عمرو بن حريث۔

ترجمہ: اگر دعویٰ نسخ کرنے والوں سے پوچھا جائے کہ تم اس رپورٹ کے بارے کیا کرو گے جو امام مسلم نے اپنی صحیح میں درج کی ہے کہ صحابی رسول اللہ حضرت جابر فرماتے ہیں کہ رسول اللہ کے زمانہ میں اور ابوبکر کے زمانے میں مٹھی بھر آٹا اور کھجور پہ ہم متعہ کرتے رہے ہیں حتیٰ کہ عمر فاروق نے عمرو بن حریث کے کیس میں متعہ سے منع کیا۔

نوٹ: اگر نسخ متعہ درست ہے تو جابر صحابی کو یہ جھوٹ بولنے کی کیا مجبوری تھی کہ ابوبکر کے زمانہ میں ہم متعہ کرتے تھے نسخ نبی کریم کے زمانہ میں ہو چکا ہے تو کیا متعہ کے بہانہ ابوبکر کے زمانہ میں زنا ہوتا تھا۔

ابن قیم جوزیہ ابن تیمیہ کے شاگرد کی تحقیق کہ متعہ نسخ نہیں ہوا بلکہ عمر نے منع کیا ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب زاد المعاد جلد ۲ صفحہ ۱۸۴ ذکر فتح مکہ۔

الناس في هذا طائفتان۔ طائفة تقول ان عمر هو الذي حرمها ونهى عنها وقد امر رسول الله باتباع ما سنه الخلفاء الراشدون ولم تر هذه الطائفة تصحيح حديث سبرة بن معبد في تحريم المتعة عام الفتح فانه من رواية عبد الملك بن الربيع۔

روایت نسخ متعہ صحیح نہیں ہے اور متعہ عمر نے حرام کیا ہے

زاد المعاد ج ۲ ص ۱۰۵ عربی گزر چکی ہے کہ اہل سنت متعہ کے مسئلہ میں دو گروہ ہیں۔ ایک یہ کہتا ہے کہ متعہ سے عمر نے ہی منع کیا تھا اور نبی کریم نے خلفاء راشدین کی پیروی کا حکم دیا ہے فتح مکہ وقت متعہ کو حرام بتانے والی روایت سبرہ بن معبد کی ان کے نزدیک صحیح روایت نہیں ہے کیونکہ اس کا راوی عبد الملک بن الربیع اور اس کی حجیت میں ابن معین نے کلام کیا ہے اور امام بخاری نے اس کی روایت کو باوجود ضرورت کے اپنی صحیح بخاری میں نہیں لکھا۔ اگر یہ حرمت متع والی روایت صحیح ہوتی تو امام بخاری اس کو اپنی صحیح میں ضرور درج فرماتے۔

اگر نسخ متعہ والی روایت صحیح ہوتی تو حضرت عمر اور جابر اس کی مخالفت نہ کرتے

اگر متعہ نبی کریم نے منع کر دیا تھا تو اصحاب نے ابوبکر کے زمانہ میں کیوں کیا

اہل سنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ج ۲ ص ۲۰۶ ذکر فتح مکہ۔

ترجمہ: ولو صح الخ اگر حدیث سبرہ صحیح تھی تو ابن مسعود سے کس طرح وہ پوشیدہ ہوگی۔ نیز اگر صحیح تھی تو عمر نے کیوں کہا کہ متعہ تو نبی کریم کے زمانہ میں تھا اور میں اس کو منع کرتا ہوں اور متعہ کرنے والے کو سزا دوں گا۔

ولو صح لم تفعل علی عهد الصدیق وهو عهد خلافة النبوة حقا۔

اگر نسخ متعہ والی روایت صحیح تھی تو ابوبکر کے زمانہ میں متعہ کیوں ہوا ہے جب کہ وہ زمانہ خلافت نبوت والا شمار ہوتا ہے۔

علامہ سیوطی کا اعلان کہ آیت متعہ منسوخ نہیں ہے

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور جلد ۲ ص ۱۴۰ النساء

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری ص ۹ پ ۵ النساء

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر ثعلبی ص۔

در منثور کی عبارت اخرج عبد الرزاق و ابو داؤد فی ناسخه و ابن جریر عن الحکم انه سئل عن هذه الآیة أمنسوخة قال لا وقال علی لولا ان عمر نهی المتعة ما زنا الا شقی۔

ترجمہ: اہل سنت کے اماموں سے منقول ہے کہ حضرت حکم سے پوچھا گیا کہ کیا یہ آیت متعہ منسوخ ہے اس نے کہا نہیں اور حضرت علی نے فرمایا ہے کہ اگر عمر متعہ سے منع نہ کرتا تو سوائے شقی کے کوئی زنا نہ کرتا۔

نوٹ: علامہ سیوطی نویں صدی میں اہل سنت کا مجدد ہے اور خطبہ کتاب میں وعدہ کیا ہے کہ بسند عالی اس تفسیر میں روایات کو لکھے گا۔

صحابی رسول عمران بن حصین کا عقیدہ کہ آیت متعہ منسوخ نہیں ہے۔

اہل سنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ص ۱۶ پ ۵

واما عمران بن الحصین فانه قال نزلت آیة المتعة فی کتاب الله ولم ینزل بعدها آیة تنسخها وأمرنا بها رسول الله وتمتعنا معه ومات ولم ینهنا عنها ثم قال رجل برأیه ما شاء یرید أن عمر نهی عنها۔

ترجمہ: صحابی رسول اللہ عمران بن حصین نے فرمایا ہے کہ کتاب خدا میں آیت متعہ نازل ہوئی ہے اور اس کے بعد اس کے حکم کو نسخ کرنے والی کوئی آیت نہیں اتری ہیں نبی کریم نے متعہ کی اجازت دی اور ہم نے متعہ ان کے ہمراہ کیا ہے اور رسول خدا نے وفات پائی اور ہم کو متعہ کرنے سے منع نہیں فرمایا پھر اس کے بعد جناب عمر نے اپنی ذاتی رائے سے جو چاہا کہا اور متعہ کو منع کیا۔

وکلاء صحابہ آپ کو ماں کے دودھ کا واسطہ تم انصاف کرو

ہم نے دیانت داری سے اہل سنت بھائیوں کی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے اور جس نتیجہ پر پہنچے ہیں اس کو دیانت داری سے اہل اسلام کے سامنے پیش کیا ہے کہ آیت فما استمتعتم بہ النساء نکاح متعہ کے بارے نازل ہوئی ہے اور یہ نکاح ابتداء اسلام میں اجماع امت سے ثابت ہے اور متعہ بھی نکاح ہے اور یہ نکاح متعہ جس طرح اصحاب رسول نے گواہی دی ہے کہ رسول اللہ کے زمانہ میں حلال تھا ہم کہتے ہیں کہ اب بھی یہ اسی طرح حلال ہے کیونکہ شریعت پاک نے اجازت کے بعد اس نکاح متعہ سے منع نہیں فرمایا اور اس بابت کہ متعہ سے اسلام میں منع نہیں ہے اصحاب کی گواہیاں پیش کی ہیں۔ اعتراض متعہ سے منع اور متعہ کا منسوخ ہونا اصحاب سے منقول ہے جواب ہم نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اصحاب نے گواہی دی ہے کہ متعہ منع نہیں ہوا اور اگر اپنے ہی فرمان کے خلاف اصحاب نے کوئی بیان دیا ہے تو افسوس ہے کیونکہ کسی کو کچھ بتانا اور کسی کو کچھ بتانا یہ دوم لوگوں کا کام ہے اور اصحاب کی شان آپ بڑی ہے

متعہ کے حلال ہونے کی دوسری دلیل جناب عائشہ کی سگی بہن اور نبی اکرمؐ کی سالی اور حضرۃ ابوبکر کی حقیقی بیٹی اسماء رضی اللہ عنہا کا متعہ کرنا ہے

۱۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب مسند ابو داؤد جلد ۵ صفحہ ۲۲۷ الطیالسی مسلم
۲۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب سنن الکبریٰ جلد ۲ صفحہ ۱۳۵ باب متعہ نسائی
۳۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب تفسیر مظہری جلد ۲ صفحہ ۷۳ النساء ثناء اللہ عثمانی
۴۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب معانی الآثار جلد ۲ صفحہ ۱۶ الطحاوی عثمانی
۵۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار جلد ۶ صفحہ ۱۵۲ باب المتعہ الشوکانی۔
۶۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب منحۃ المعبود ترتیب مسند ابی داؤد ج ا صفحہ ۲۰۱
۷۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب تخلیص الحبیر جلد ۳ صفحہ ۱۵۹ لابن حجر ابو بکری
۸۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب المحلی صفحہ لابن حزم ناجی مروانی
۹۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب عقد الفرید جلد ۲ صفحہ ۲۶۹ عبدربہ مالکی
۱۰۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب المحاضرات جلد ۲ صفحہ ۲۱۳ الحد ۱۲ راغب اصفہانی
۱۱۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب مروج الذہب جلد ۳ صفحہ ۸۰ ذکر معاویہ بن یزید
۱۲۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب شرح موطا زرقانی جلد ۲ صفحہ ۱۵۲
۱۳۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب شرح حدیدی جلد ۴ صفحہ ۹۵ ذکر اخبار ابن زبیر
۱۴۔ اہلِ سنت کی معتبر کتاب جامع الاصول صفحہ

عائشہ کی بہن اسماء کی متعہ کے بارے اپنے ذاتی تجربات کی رپوٹ

مسند ابو داؤد کی عبارۃ حدثنا یونس قال حدثنا ابو داؤد قال حدثنا شعبۃ عن مسلم القرشی قال دخلنا علی اسماء بنت ابی بکر فسألناها عن متعۃ النساء فقالت فعلناها علی عہد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ترجمہ: راوی فرماتا ہے کہ ہم خلیفہ زادی جناب اسماء بنت ابی بکر کی خدمت میں آئے اور اس محترمہ سے ہم نے متعہ النساء کے بارے سوال کیا اس نیک نیت بی بی نے فرمایا کہ زمانہ رسول اللہ میں ہم نے یہ متعہ خود کیا ہے۔

یہ روایت درجہ کے لحاظ سے۔ صحیح ہے اس کے تمام راوی معتبر ہیں۔

۱۔ یونس بن حبیب بن عبدالقاہر العجلی ثقہ ہے بڑی شان والا ہے مات ۲۶۷ھ

۲۔ ابو داؤد سلیمان بن داؤد بن الجارود الحافظ الکبیر ثقہ احمد مات ۲۰۴ھ

۳۔ شعبہ بن حجاج بن ورد العتکی امیر المؤمنین فی الحدیث ثقہ حافظ۔

۴۔ مسلم قرشی بن مخراق العبدی ابو الاسود البصری تابعی وثقہ نسائی۔

۵۔ اسماء بنت ابی بکر زوجہ زبیر بن عوام۔ عائشہ کی بہن، نبی پاک کی سالی مات ۷۳ھ

نوٹ: اس بی بی کی عظمت کو ہزاروں سلام اس نے امت کی بھلائی کی خاطر اپنے متوعہ ہونے کا اور اپنے خاندان کی دوسری عورتوں کے متعہ کرنے کا اقرار فرمایا ہے فعلنا جمع متکلم کا صیغہ ہے۔ اگر متعہ زنا ہے تو کیا معاذ اللہ خلیفہ زادی ابوبکر کی بیٹی اسماء عائشہ کی بہن حضور پاک کی سالی زنا کرتی تھی۔

خدمت اسلام کی خاطر جناب ابوبکر کا گھر متعہ کا بہت بڑا مرکز تھا

تفسیر مظہری کی عبارت وروی تحلیلھا عن جماعۃ من الصحابۃ روی النسائی والطحاوی عن اسماء بنت ابی بکر قالت فعلناھا علی عہد رسول اللہ الخ

ترجمہ: صحابہ کرام کی ایک جماعت سے نبی کریم کے بعد بھی متعہ کا حلال ہونا روایت کیا گیا ہے اور امام اہل سنت نسائی اور طحاوی نے اسماء بنت ابی بکر سے روایت کی ہے کہ اس محترمہ نے یہ اقرار کیا ہے کہ نبی کریمؐ کے زمانہ میں ہم نے متعہ کیا ہے۔

پہلی متوعہ ہونے کا فخر ابوبکر کی بیٹی اسماء رضی اللہ عنہا کو ہے۔

ارباب انصاف جو خوبی اور فضیلت کسی میں ہو اس کا قبول کرنا ہر مسلم کا فریضہ ہے جو لوگ آغاز اسلام میں مسلمان ہوئے ہیں ان میں سے بعض کو یہ تکلیف بھی شدید تھی کہ ان کی اپنی عورتوں نے ان سے بائیکاٹ کر دیا تھا اور ہمارے مسلمانوں کی اس ضرورت کو جناب ابوبکر کے خاندان کی عورتوں نے بڑی فراخ دلی سے پورا فرمایا ہے کیونکہ جناب ابوبکر کی بیٹی اسماء نے اپنی رپوٹ میں صیغہ فعلناھا کا استعمال کیا ہے اور یہ صیغہ جمع کا ہے جس کا زیادہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ معلوم ہوا کہ جناب ابوبکر کی بیٹی اسماء کے ہمراہ ان کے خاندان کی اور زیادہ لڑکیاں بھی متعہ کر کے خدمت اہل اسلام کرتی تھیں۔

صحابی رسول اللہ جناب ابن عباس کی گواہی کہ خدمت اہل اسلام کی خاطر پہلی انگیٹھی حضرت ابن زبیر کی ماں نے روشن کروائی ہے۔

نوٹ: جس کتاب کو خود علماء اہلسنت بدعت کی سیڑھی قرار دیں اس کی روایات کو شیعوں کے خلاف پیش کرنا سنی علماء کی ناانصافی ہے اور یا کوئی خاص مجبوری ہے۔

جواب ۲: ابن تیمیہ نے اپنی منہاج میں حضرت علیؑ کی امامت کی ادلہ میں سے چودہویں دلیل کے جواب میں فرمایا ہے کہ ھذا من افراد المسلم۔ والبخاری اعرض عنہ کہ یہ روایت بیان کرنے میں مسلم تنہا ہے اور بخاری نے اس روایت سے اعراض کیا ہے

نوٹ: ہم شیعہ خیرالبریہ یہ کہتے ہیں کہ جو روایات مسلم نے حرمت متعہ کے بارے لکھی ہیں مسلم ان کی روایت کرنے میں تنہا ہے اور بخاری نے ان سے اعراض کیا ہے پس بقول ابن تیمیہ وہ روایات مشکوک ہیں پس حرمت متعہ مشکوک ہے اور زمانہ رسالت میں متعہ کا حلال ہونا یقینی ہے۔ اور عقلمند امر مشکوک کو چھوڑ کر امر یقینی کو لیتا ہے۔ ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے۔ نبی کریمؐ کے بعد صحابہ کرام متعہ فرماتے رہے ہیں۔ بقول سنی علماء کے متعہ تو زنا ہے۔ ہم شیعہ خیرالبریہ کہتے ہیں کہ جب اصحاب خود متعہ کرتے تھے تو کیا وہ زنا فرماتے تھے اگر متعہ کنجری بازی ہے تو کیا اصحاب کرام کنجری بازی سے دل بہلاتے تھے۔

مسلم شریف کی وہ روایات کہ جن سے حرمت متعہ ظاہر ہوتی ہے انکے راویوں کے جھوٹے ہونے کا سنی علماء نے خود اقرار فرمایا ہے۔

مسلم شریف کی پہلی روایت کا راوی عبدالواحد بن زیاد ہے اور کتاب اہلسنت میزان الاعتدال میں لکھا کہ لیس بشئ کہ جھوٹے ہونے کے باعث وہ کچھ بھی نہیں تھا اور روایت نمبر۲ میں حرمت کی تصریح نہیں ہے اور حدیث نمبر۳ کا راوی بشیر بن مفضل ہے اور یہ عثمانی اور ناصبی تھا اس کے دل میں بغض آلِ رسولؐ تھا جو کہ قبول روایت میں رکاوٹ اور اسی روایت میں رکاوٹ اور اسی روایت کا ایک دوسرا راوی عمارہ بن عزیہ ہے اور ذہبی نے اپنی کتاب مغنی میں لکھا کہ ابن حزم نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے اور مسلم شریف کی روایت نمبر۴ کا راوی عمارہ بن عزیہ ہے جو کہ ضعیف ہے۔ اور روایت نمبر۵ نمبر۶ کے اسناد میں عبدالعزیز بن عمر ہے۔ ذہبی نے مغنی میں لکھا ہے کہ اس راوی کو ابو مسہر نے ضعیف کیا ہے۔ اور مسلم کی روایت نمبر۷ کے اسناد میں ابراہیم بن سعد ہے اور کتاب اہلسنت میزان الاعتدال میں اس کی تضعیف منقول ہے۔ اسی طرح مسلم کی دوسری روایات جو متعہ کے منع کرنے پر دلالت کرتی ہیں۔ ان کے اسناد میں زھری جیسے بے ضمیر درباری چمچے موجود ہیں۔ خلاصہ: حرمت متعہ ثابت کرنے کے لئے اپنے ہی مذہب کی جھوٹی کتابوں کی جھوٹی روایات کو سنی علماء کا ہمارے سامنے پیش کرنا یہ ان کی نادانی ہے اور قواعد مناظرہ سے ان کی ناواقفیت ہے۔

امام اہلسنت امام مسلم نے اپنی صحیح میں حلیت متعہ کی روایت جابر صحابی سے نقل کر کے اپنے آپ کو اور اپنے خانہ ساز مذہب کو جھٹلایا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص ۵۳۵ ج ۲ باب نکاح المتعہ

ابن جریج قال قال عطاء قدم جابر بن عبد اللہ معتمرا فجئناہ فی منزلہ فسالہ القوم عن اشیاء ثم ذکروا المتعہ فقال نعم استمتعنا علی عہد رسول اللہ و ابی بکر و عمر۔

ترجمہ :۔ امام اہلسنت حضرت عطاء صاحب فرماتے ہیں کہ صحابی رسول اللہ ص حضرت جابر عمرہ کی خاطر تشریف لائے اور ہم ان کی قیام گاہ پر آئے قوم نے ان سے متعہ کے بارے سوال کیا۔ جابر نے فرمایا کہ ہاں زمانہ رسالت میں اور زمانہ ابو بکر و عمر میں ہم نے متعہ کیا ہے۔

نوٹ :۔ کتاب اہلسنت تہذیب التہذیب میں عسقلانی نے لکھا کہ عطاء کہتا ہے کہ عثمان کی خلافت سے صرف دو سال رہ گئے تھے کہ میری ولادت ہوئی اس بیان سے معلوم ہوا کہ عمر کی وفات کے بعد بھی مسئلہ متعہ میں جابر عمر کو جھٹلاتے رہے ہیں اور تعجب ہے کہ ناسخ متعہ جابر کو معلوم نہ ہوا۔ اور کل الناس افقہ من عمر حتی المخدرات فی الحجال کے تاجدار کو معلوم ہو گیا۔

خلاصہ :۔ اس روایت سے مسلم نے اپنے آپ کو اور جابر نے عمر کو مسئلہ حرمت متعہ میں جھٹلایا ہے۔ بقول سنی علماء کے اگر متعہ زنا ہے تو کیا زمانہ رسالت اور زمانہ ابو بکر و عمر میں صحابہ متعہ کے بہانے زنا کرتے رہے ہیں۔

معاذ اللہ

صحابی کا یہ کہنا کہ ہم زمانہ رسالت میں یہ کام اس طرح کرتے تھے یہ قول صحابی سنی علماء کے نزدیک حدیث مرفوع کا حکم رکھتا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص ۲۰۶ ج ۹ کتاب النکاح باب العزل

اہلسنت کی معتبر کتاب نخبۃ الفکر ص مؤلف ابن حجر

اہلسنت کی معتبر کتاب شرح منہاج الوصول ص م محمد بن الامام با نکا ملیہ

اہلسنت کی معتبر کتاب ہو اعب لدنیہ ص ورد کرا باحت لحوم خیل

فتح الباری
والمسئلۃ المشہورۃ فی الاصول و فی علم الحدیث و ھی ان الصحابی اذا اضافہ الی زمن النبی ص کان لہ حکم الرفع عند الاکثر لان الظاھر ان النبی اطلع علی ذالک واقرہ۔

کی عبارت

ترجمہ :۔ علم حدیث اور علم اصول کا یہ مسئلہ مشہور ہے کہ جب صحابی کسی اپنے فعل کو زمانہ رسالت کی طرف نسبت دیتا ہے تو اس قول صحابی کو حدیث مرفوع کا حکم حاصل ہوتا ہے اور یہ مسلک اکثر علماء اہلسنت کا ہے کیونکہ اس قول صحابی سے یہ ظاہر ہوتا کہ نبی کریم کو ان کے اس فعل کا علم تھا۔ اور آنجناب نے تقریر فرمائی ہے۔

نوٹ :۔ اس مذکورہ بیان کے بعد یہ ثابت ہو گیا کہ جابر کا یہ کہنا کہ زمانہ رسالت میں ہم متعہ کرتے تھے یہ قول جابر جواز متعہ کے بارے حدیث مرفوع کا حکم رکھتا ہے اور اگر متعہ زنا ہے تو کیا اہلسنت کے نزدیک جواز زنا کے بارے حدیث مرفوع آئی ہے کیونکہ بقول جابر متعہ ابو بکر کے زمانہ میں جاری تھا تو ابو بکر کے زمانہ میں زنا جاری تھا۔

اہلسنت علماء کا فیصلہ کہ کسی صحابی کیلئے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی حکم منسوخ کے بارے یہ رپورٹ دے کہ خلافت ابوبکر اور عمر کے وقت وہ حکم باقی تھا

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ص باب طلاق الثلث

ثم يجز للراوي ان يخبر ببقاء الحكم في خلافة ابي بكر وبعض خلافة عمر

علامہ نووی فرماتے ہیں کہ جب کوئی حکم زمانہ رسالت میں منسوخ ہو گیا ہو تو کسی صحابی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ خبر دے کہ یہ حکم ابوبکر کی تمام خلافت کے زمانہ میں اور عمر کے بعض زمانہ خلافت میں باقی تھا۔

نوٹ:۔ جابر بن عبداللہ صحابی ہے اور بقول سنی علماء کے صحابی پر ایمان یقین رکھتا ہے اگر متعہ زمانہ رسالت میں منسوخ ہوتا تو جابر یہ خبر نہ دیتے کہ وہ زمانہ ابوبکر اور عمر میں متعہ کرتے تھے معلوم ہوا کہ جابر کی نگاہ میں متعہ کو حرام کرنے میں عمر غلطی پر تھے

نوٹ:۔ بقول رازی کے جب عمر نے متعہ حرام کیا تو اگر متعہ حرام نہیں تھا تو صحابہ خاموش کیوں رہے اس طرح کی خاموشی سے صحابہ کا کفر لازم آتا ہے۔ اور ہم شیعہ خیرالبریہ یہ کہتے ہیں کہ جابر نے جب حرمت متعہ کے اعلان عمر کو جھٹلایا اور فرمایا کہ یہ متعہ تو ابوبکر اور عمر کے زمانہ میں ہم کرتے رہے ہیں پس جابر کے اس اعلان کے بعد صحابہ خاموش کیوں رہے ہیں۔ اگر متعہ حرام تھا تو صحابہ کی خاموشی سے ان کا کفر لازم آتا ہے۔ نیز جابر بھی حدیث نجوم کی روشنی میں ایک ستارہ ہے اور بایھم اقتدیتم اھتدیتم کی رو سے حلیت متعہ میں جابر صحابی کی پیروی بھی ہدایت ہی ہدایت ہے۔

متعہ کے حلال ہونے کی آٹھویں دلیل عبداللہ بن مسعود بھی اسماء بنت ابی بکر کی مانند متعہ کو حلال جانتے تھے۔

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص کتاب النکاح باب

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص۵۳۴ ج۲ نکاح متعہ

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص۱۱۸ ج۹ ب متعہ

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ص

اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ص۲۰۵ ج۲ ب اجازۃ متعہ

اہلسنت کی معتبر کتاب مرقات شرح مشکوۃ ص۲۱۹ ج۶ ب متعہ

اہلسنت کی معتبر کتاب موطا شرح زرقانی ص۱۵۴ ج۳

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص۱۴۰ ج۲

بخاری شریف کی عبارت } باب ما یکرہ من التبتل والخصاء، قال عبداللہ کنا نغزو مع رسول اللہ ولیس لنا شیء فقلنا الا نستخصی فنھانا عن ذالک ثم رخص لنا ان ننکح المرأۃ بالثوب ثم قرأ علینا یا ایھا الذین آمنوا لا تحرموا طیبات ما احل اللہ لکم ولا تعتدوا ان اللہ لا یحب المعتدین

ترجمہ:۔ عبداللہ بن مسعود صحابی کہتا ہے کہ ہم نبی کریمؐ کے ساتھ جہاد کے لئے جاتے تھے اور ہمارے لئے عورتیں نہیں تھی پس ہم نے عرض کیا کہ یا نبی اللہ کیا ہم اپنے آپ کو خصی نہیں کر سکتے پس نبی کریمؐ نے ہم کو اپنے آپ کو خصی کرنے سے منع کیا پھر ہم کو اجازت دی کہ ہم کسی عورت کے ساتھ ایک کپڑے کے عوض بھی نکاح متعہ کر سکتے ہیں پھر ابن مسعود نے اس آیت کو تلاوت کیا کہ ایمان والو جن طیبات کو اللہ نے حلال کیا ہے ان کو حرام نہ کرو۔

فتح الباری کی عبارت قولہ لان ننکح المرأۃ بالثوب) ای الی اجل فی نکاح المتعہ ۔۔۔ وظاھر استشھاد ابن مسعود بھذا لآیہ ھنا یشعر بأنہ کان یری بجواز المتعۃ

ترجمہ، غرض ابن مسعود کی یہ ہے کہ ہمیں نبی کریمؐ نے اجازت دی کہ ہم ایک مدت معین تک نکاح متعہ کریں اور ابن مسعود کا مذکورہ آیت کو اس مقام میں بطور شاہد پڑھنا اس طرف رہنمائی کرتا ہے کہ ابن مسعود نکاح متعہ کو جائز جانتا تھا۔

ابنِ مسعود کا متعہ کو جائز سمجھنا صحیحین سے ثابت ہو گیا

جب مسلم اور بخاری میں کوئی حدیث آجاتی ہے تو اس حدیث کی سند سے اہلسنت میں بحث ختم ہو جاتی ہے پس ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ صحابی رسول اللہ عبداللہ بن مسعود نے بقول امام اہلسنت بخاری اور مسلم کے جواز متعہ کو نبی کریمؐ سے نقل کیا ہے اور ناسخ کا ذکر بھی نہیں کیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ عمر نے متعہ سے منع کیا ہے، نبی کریمؐ نے متعہ سے منع نہیں کیا اور قسطلانی شارح بخاری نے اپنی کتاب ارشاد الساری شرح بخاری میں لکھا ہے کہ ابن مسعود ابن عباس کی مانند متعہ کو حلال جانتا تھا کہ ہم شیعہ کہتے ہیں کہ حوالہ جات گذر چکے ہیں کہ ابن عباس حرمت متعہ میں عمر کو تمام زندگی جھٹلاتے رہے ہیں، اور حلیت متعہ سے آخری دم تک رجوع نہیں کیا ہے پس اسی طرح ابن مسعود بھی عمر کو اپنی تمام عمر جھٹلاتے رہے اور حوالہ جات گذر چکے ہیں کہ یہ ابن مسعود آیت میں الی اجل مسمی پڑھتا تھا اس سے بھی معلوم ہوا کہ ابن مسعود متعہ کو حلال جانتا تھا۔

متعہ کے حلال ہونے کی نویں دلیل کہ صحابی رسول اللہ ابو سعید خدری بھی اسما بنت ابو بکر کی مانند نکاح متعہ کو حلال جانتا تھا

اہلسنت کی معتبر کتاب کنز العمال ص ۔۔۔ باب نکاح متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ج ۹ ص ۱۴۲ باب نکاح المتعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب موطا کی شرح زرقانی ج ۳ ص ۱۵۴ نکاح متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ج ۶ ص ۱۴۳ نکاح متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا امام مالک ج ۹ ص ۴۴ ذ متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری ص ب غزوہ خیبر

کنز العمال کی عبارت عن ابی سعید قال کنا نتمتع علی عہد رسول اللہ بالثوب۔
ہم زمانہ رسالت میں کپڑا دے کر بھی متعہ کر لیتے تھے۔

اگر متعہ کنجری بازی ہے تو صحابہ کرام کیا کنجری بازی کرتے تھے

ارباب انصاف وہ مولانا صاحبان جو کہ اہلسنت بھائیوں کے پڑھے لکھے طبقے میں نہ تین میں ہیں اور نہ ہی تیرہ میں وہ بھی ہمارے لئے ماں کے مفتی بن بیٹھے ہیں گز بھر کی زبان نکال کر اپنے لعنت زدہ گنجے سر سے لے کر اپنے ٹھڈے پاؤں تک زور لگا کر کہتے ہیں کہ متعہ زنا ہے ہم شیعہ خیر البریہ ان کو توجہ دلاتے ہیں کہ بقول تمہارے اگر متعہ زنا ہے تو یہ متعہ ابوبکر کی بیٹی اسما نے کیا ہے۔ عبداللہ بن مسعود اور ابو سعید خدری اور جابر بن عبداللہ جیسے صحابہ کرام نے متعہ کیا۔ کیا صحابہ کرام اس دعویٰ میں کذاب تھے۔ یا وہ زنا کار تھے۔

متعہ کے حلال ہونے کی دسویں دلیل کہ معاویہ بھی اسمآ بنت ابوبکر کی طرح متعہ کو نبیؐ کے بعد بھی حلال جانتا رہا۔

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ج ۹ ص ۱۴۴ ب نکاح متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب شرح الزرقانی ج ۳ ص ۱۵۳ ب متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب اوجزا المسالک شرح موطا ج ۹ ص ۳۰۴ متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ج ۶ ص ۱۵۳ متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب مصنف عبدالرزاق ج ۷ ص ۴۹۹ ب متعہ۔

اوجزا المسالک کی عبارت } وقال ابن حزم ثبت علی اباحتہا بعد رسول اللہ ابن مسعود و معاویہ والبوسعید و ابن عباس وسلمہ ومعبد ابنا امیہ بن خلف وجابر وعمرو بن حریث

امام اہلسنت ابن حزم کہتا ہے کہ نبی کریمؐ کے بعد بھی جو لوگ متعہ کو جائز سمجھتے تھے یہ اصحاب ہیں ۱۔ عبداللہ بن مسعود ۲۔ معاویہ بن ہند ۳۔ ابوسعید خدری ۴۔ عبداللہ بن عباس ۵۔ سلمہ ۶۔ اور معبد امیہ بن خلف کے بیٹے ۔ ۸۔ جابر بن عبداللہ انصاری ۹۔ اور عمرو بن حریث

نیل الاوطار کی عبارت } وقد ثبت علی تحلیلہا بعد رسول اللہ من الصحابۃ اسماء بنت ابی بکر وجابر بن عبداللہ وابن مسعود وابن عباس۔ ومعاویہ وعمرو بن حریث وابوسعید وسلمہ ابنا امیہ بن خلف ورواہ جابر عن الصحابہ مدۃ رسول اللہ ومدۃ ابی بکر ومدۃ عمر الی قرب اخر خلافتہ۔

نبی کریم کی ایک سالی اور ایک سالا دونوں نے خود متعہ کیا ہے۔

ترجمہ:۔ نبی کریمؐ کے صحابہ کرام سے جو لوگ آنجنابؐ کے بعد بھی متعہ کو حلال جانتے تھے وہ یہ ہستیاں ہیں ۱۔ بی بی اسماء بیٹی ابوبکر کی عائشہ کی بہن ہیں اور نبی کریم کی سالی ۲۔ اور معاویہ جو بقول اہلسنت کے نبی کریم کا سالا تھا ۳۔ جابر بن عبداللہ انصاری ۴۔ عبداللہ بن مسعود ۵۔ عبداللہ بن عباس ۶۔ عمرو بن حریث ۷۔ ابوسعید ۸۔ سلمہ دونوں بیٹے امیہ بن خلف کے

موطا شرح زرقانی } ثبت الجواز عن جمع من الصحابۃ کجابر وابن مسعود ومعاویہ واسماء بنت ابی بکر وابن عباس

جن صحابہ سے متعہ کا جواز ثابت ہوا ہے وہ یہ ہیں اسماء بیٹی ابوبکر کی اور معاویہ بیٹا ہند کا وغیرہ۔

نوٹ:۔ ارباب انصاف جن لوگوں کے مبارک نام ذکر ہوئے ہیں اور یہ لوگ متعہ کو حلال جانتے تھے اور نبی کریمؐ کا زمانہ گزر جانے کے بعد حلال جانتے تھے اگر متعہ زنا ہے تو کیا نبی کریمؐ کی سالی اور سالا اور دیگر صحابہ کرام زنا کو حلال جانتے تھے اور صرف بات حلال سمجھنے کی نہیں ہے۔ نبی کریمؐ کی سالی ابوبکر کی بیٹی اور عائشہ کی بہن اسماء نے خود متعہ فرما کر متعہ سے ایک بیٹا جنا ہے اور نبی کریمؐ کا سالا اور اہلسنت کا پانچواں امام حضرت معاویہ صاحب نے بھی خود متعہ فرمایا ہے اور اس داشتہ یعنی ممتوعہ کو اپنی حکومت کے زمانہ میں وظیفہ دیتا رہا ہے اور بیت المال کو متعہ کی لذتوں پر خرچ کرتا رہا ہے۔

معاویہ کی ممتوعہ کا نام معانہ تھا اور معاویہ اس کو بیت المال سے متعہ کی وجہ سے وظیفہ دے کر اپنے مریدوں کو رسوا کرتا رہا

مصنف عبدالرزاق ج۷ ص۴۹۹ کی عبارت { ان معاویة بن ابی سفیان استمتع مقدمة الطائف علی ثقیف بمولاة ابن الحضرمی یقال لھا معانة قال جابر ثم أدرکت معانة غلانة معاویة حیة۔ فکان معاویہ یرسل الیھا بجائزة کل عام حتی ماتت

جب معاویہ طائف میں آیا تو اس نے ابن الحضرمی کی ایک معانہ نامی کنیز سے متعہ کیا اور جابر نے کہا ہے کہ یہ معانہ وہ خوش نصیب ہے جس نے معاویہ کے زمانہ حکومت تک زندگی کو پایا ہے اور معاویہ اپنی اس ممتوعہ کو ہر سال وظیفہ دیتا تھا حتی کہ وہ مرگئی۔

فتح الباری کی عبارت { ان معاویہ استمتع بامرة بالطائف واسنادہ صحیح معاویہ نے طائف میں ایک عورت سے متعہ کیا اس خبر کی سند صحیح ہے

نوٹ :۔ ارباب انصاف ان روایات کو جب اہل سنت اپنی کتابوں میں دیکھتے ہیں تو ان کے جگر پھٹ جاتے ہیں کیونکہ یہ تمام روایات اس امر کی گواہی دیتی ہیں کہ صحابہ کرام نبی کریم کے زمانہ کے بعد متعہ کو حلال سمجھ کر متعہ کرتے رہے ہیں اور صحابہ کے اس متعہ سے دو باتیں ثابت ہوتی ہیں۔ یا تو صحابہ کرام زنا کرتے تھے اور یا عمر صاحب متعہ کو منع کرنے میں غلطی پر تھے اور سنی علماء اس محاذ میں بڑے مجبور اور بے بس ہیں۔

متعہ کے حلال ہونے کی گیارہویں دلیل یہ ہے کہ امیر المومنین علیؑ بن ابی طالب نے عمر کے متعہ کو حرام کرنے کی مذمت فرمائی ہے۔

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ج۲ ص۱۴۰ آیت متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ج۳ ص۱۲ پ۵
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری ج۵ ص۹
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر لرازی ج۳ ص۱۹۵
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر لابی حیان ج۳ ص۲۱۸
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر ثعلبی ص
اہلسنت کی معتبر کتاب کنز العمال ج۸ ص۲۹۴
اہلسنت کی معتبر کتاب المصنف لعبد الرزاق ج۷ ص۵۰۰

تفسیر در منثور کی عبارت { واخرج عبدالرزاق وابوداؤد فی ناسخہ وابن جریر عن الحکم انہ سئل عن ھذہ الایة أمنسوخة قال لا وقال علی علیہ السلام لو لا ان عمر نھی عن المتعة ما زنی الا شقی۔

علامہ سیوطی بسند عالی نقل فرماتے ہیں کہ حکم سے سوال ہوا کہ کیا آیت متعہ منسوخ ہوئی ہے، اس نے کہا کہ نہیں اور حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر عمر صاحب نے نکاح متعہ منع نہ کیا ہوتا تو بغیر کسی شقی بدبخت کے کوئی شخص بھی زنا نہ کرتا۔

نوٹ: حضرت علیؑ نے قیامت تک ہونے والے زنا کا ذمہ دار حضرت عمر کو قرار دیا ہے اور اتنے زنا جس کے نامہ اعمال میں ہوں وہ ابو حفص ہی ہو سکتا ہے۔

حضرت علیؑ کا عمر کو قیامت تک ہونے والے زنا کا ذمہ دار قرار دینا

تفسیر کبیر کی عبارت: وروی محمد بن جریر الطبری فی تفسیرہ عن علی بن ابیطالب انہ قال لولا أن عمر نہی الناس عن المتعہ ما زنی الا شقی۔

اور محمد بن جریر طبری نے روایت کی ہے اپنی تفسیر میں کہ امام علی ابن ابیطالب علیہما السلام نے فرمایا کہ اگر عمر متعہ سے منع نہ کرتا تو بغیر کسی بدبخت کے اور کوئی شخص زنا نہ کرتا

نوٹ:۔ المصنف لعبدالرزاق میں لکھا ہے کہ حضرت علیؑ نے مذکورہ مذمت جناب عمر کی کوفہ میں فرمائی تھی پس معلوم ہوا کہ زمانہ رسالت میں حضرت علیؑ کی نگاہ میں متعہ منسوخ نہیں ہوا تھا ورنہ بچارے عمر صاحب پر تنقید کا کوئی مطلب نہ تھا نیز حضرت علیؑ کی نگاہ میں عمر کا متعہ سے منع کرنا یہ عمر کی ذاتی رائے تھی۔ شریعت کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہ تھا۔ اور چونکہ عمر صاحب نے مسئلہ متعہ میں خدا اور رسولؐ سے اختلاف کیا تھا۔ حضرت علیؑ نے خدا اور رسولؐ کی خاطر عمر کی مذمت فرمائی ہے اور عمر کی رائے سے اختلاف فرمایا ہے اور امام رازی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ جب حضرت علیؑ کسی کے ساتھ کسی مسئلہ میں اختلاف فرمادیں تو حق علیؑ کے ساتھ ہے کیونکہ فرمان رسولؐ ہے کہ علی مع الحق ہمیشہ علیؑ حق کے ساتھ ہے اور اہلسنت کتابوں میں جو لکھا ہے کہ حضرت علیؑ نے متعہ سے منع کیا ہے۔ اس کو مذکورہ حوالہ جات جھٹلا رہے ہیں۔ اور سنی اپنی روایات مناظرہ میں الزام کی خاطر ہمارے سامنے پیش نہیں فرما سکتے۔

حلیت متعہ کی بارہویں دلیل کہ عبداللہ بن عباس کے اصحاب بھی اسماء بنت ابی بکر کی طرح متعہ کو حلال جانتے تھے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ج۹ ص۱۴۳ ت نکاح

۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری ج۸ ص۳۱۰ باب غزوہ خیبر

۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک ج۹ ص۴۰۴

۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ج۶ ص۱۵۳ ذکر متعہ

۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح زرقانی علی موطا ج۳ ص۱۵۴

۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب المحلی لابن حزم ص

۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مراۃ الزمان ص

فتح الباری کی عبارت: قال ابن عبدالبر اصحاب ابن عباس من اھل مکۃ والیمن علی اباحتھا ... وقال ابن حزم ثبت علی اباحتھا بعد رسول اللہ ابن مسعود و معاویۃ وابو سعید وابن عباس

ترجمہ:۔ اہلسنت کا امام ابن عبدالبر فرماتا ہے کہ اہل مکہ اور یمن سے جو اصحاب ابن عباس ہیں وہ متعہ کے مباح ہونے پر قائم ہیں اور ابن حزم کہتا ہے کہ نبی پاکؐ کے بعد یہ لوگ متعہ کے حلال ہونے پر قائم رہے تھے عبداللہ بن مسعود اور معاویہ اور ابو سعید و ابن عباس

عمدۃ القاری کی عبارت: اما الصحابۃ فانھم اختلفوا فی نکاح المتعۃ فذھب ابن عباس الی اجازتھا و تحلیلھا لا خلاف عنہ فی ذالک وعلیہ اکثر اصحابہ منھم عطا بن ابی رباح و سعید بن جبیر و طاوس۔

ترجمہ :- نکاح متعہ کے بارے اصحاب کا اختلاف ہے۔ ابن عباس متعہ کو جائز اور حلال جانتے تھے اور اسی طرح متعہ کو اصحاب ابن عباس بھی حلال جانتے تھے اور ان اصحاب میں سے ہیں۔ عطا بن ابی رباح اور سعید بن جبیر اور طاؤس۔

شرح زرقانی کی عبارت } قال ابن عبد اللہ اصحابہ من اھل مکۃ والیمن یرون حلال۔ مکہ اور یمن سے اصحاب ابن عباس متعہ کو حلال جانتے تھے بقول علامہ ابن عبد البر کے۔

نیل الاوطار کی عبارت } وقال من التابعین طاؤس وعطاء وسعید بن جبیر وسائر فقہاء مکہ۔ تابعین سے یہ لوگ متعہ کو حلال جانتے تھے طاؤس اور عطاء بن ابی رباح اور سعید بن جبیر۔

ابن عباس بمع اپنے اصحاب کے متعہ کو حلال سمجھ کر بھی مسلمان رہ گیا

ارباب انصاف :- اگر بقول علماء اہل سنت کے سب اصحاب ہدایت کے ستارے ہیں اور علماء کا اختلاف مسائل دینیہ میں امت کے لئے رحمت ہے اور اسلام کا ہر مفتی صحیح فتوی دیتا ہے تو ہم ہر مسلمان بھائی کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں کہ ابن عباس صحابی رسول اللہؐ ہے اور اس کے اصحاب اور تابعین علماء اسلام ہیں اور یہ سب لوگ متعہ کو حلال جانتے تھے پس معلوم ہوا کہ متعہ حلال ہے زنا نہیں ہے۔

مجوزین متعہ ابن جبیر، طاؤس اور عطا کے فضائل

اہلسنت کی معتبر کتاب تہذیب الاسماء صہ از علامہ نووی

قال سعید بن جبیر ھو الامام الجلیل ابو عبد اللہ وکان من کبار ائمۃ التابعین۔ وقال بواب الحجاج قال رائیت راس ابن جبیر بعد ما سقط الی الارض یقول لا الہ الا اللہ

حضرت نووی فرماتے ہیں کہ ابو عبد اللہ سعید بن جبیر بلند پایہ اماموں میں سے تھا اور حجاج کا دربان کہتا ہے کہ جب قتل کے بعد سعید کا سر زمین پر گرا تو میں نے سنا کہ اس سر نے کلمہ توحید لا الہ الا اللہ پڑھا تھا

اور علامہ نووی نے طاؤس بن کیسان الیمانی کے بارے لکھا ہے۔

ھو من کبار العلماء الفضلاء الصالحین کہ حضرت طاؤس بزرگ علماء سے اور فضلاء سے اور صالحین سے تھا اور۔ واتفقوا علی جلالتہ وفضیلتہ وثقتہ وجلالت وحفظہ

ترجمہ :- اور طاؤس بن کیسان کے جلیل القدر اور صاحب فضیلت اور نیک اور حافظ حدیث ہونے پر سب سنیوں کا اتفاق ہے۔

اور علامہ نووی نے اپنی کتاب تہذیب الاسماء میں عطاؒ بن ابی رباح کے بارے لکھا ہے کہ واتفقوا علی توثیقہ وامامتہ کہ اہلسنت کا عطاؒ کے ثقہ اور امام ہونے پر اتفاق ہے ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ سعید بن جبیر اور عطاء اور طاؤس فضیلت میں یہ تینوں اصحاب ثلاثہؓ سے کسی طرح کم نہیں تھے اگر نبی کریمؐ کے بعد متعہ زنا بن گیا ہے تو یہ تینوں سنیوں کے امام کیا معاذ اللہ زنا کے حلال ہونے کا فتوی دیتے تھے۔

متعہ کے حلال ہونے کی تیرہویں دلیل امام اہل سنت ابن جریج نے ستر عورت سے متعہ فرما کر روحِ عمر کو ثواب پہنچایا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ص۱۷۳ ج۹ ب متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب المغنی لابن قدامہ ص۵۷۱ ج۷
اہلسنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال ص۶۵۹ ج۲
اہلسنت کی معتبر کتاب تہذیب التہذیب ص۴۰۶ ج۶

تہذیب کی عبارت } قال الشافعی استمتع ابن جریج لسبعین امراۃ
شافعی نے کہا ہے کہ ابن جریج نے ۷۰ عورت سے متعہ کیا۔

میزان الاعتدال کی عبارت } عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج احد الاعلام الثقات مع کونہ قد تزوج نحو من سبعین امراۃ نکاح المتعۃ کان یری الرخصۃ فی ذالک

ترجمہ :- امام اہلسنت علامہ ذہبی فرماتے ہیں کہ عبدالملک بن جریج ان بڑے علماء میں سے ہے جو ثقہ اور معتبر ہیں اور اس کے ثقہ علامہ ہونے کے ساتھ ساتھ اس نے ستر عورت سے نکاح متعہ بھی فرمایا ہے اور وہ متعہ کو حلال سمجھتا تھا۔

نوٹ :- اگر متعہ زمانہ رسالت کے بعد زنا تھا اور اس کی حلیت منسوخ ہو گئی تھی تو اہلسنت کے اس امام نے جو تابعین سے ہے ستر عورت سے متعہ کس طرح کیا بلکہ اس نے تو زنا کیا اور جو شخص حلال ستر عورت سے زنا کرے وہ بیچارا ثقہ اور معتبر کس طرح ہو سکتا ہے۔

متعہ کے حلال ہونے کی چودہویں دلیل سعید بن جبیر نے مکہ شریف میں ایک عراقی عورت سے متعہ فرما کر روحِ عمر کو ثواب پہنچایا

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص۱۷۴ ج۹ ذکر متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب المصنف لعبدالرزاق ص۴۹۶ ج۷
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن کثیر ص۴۷۴ ج۱ آیت متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص۴۷۴ ج۲ آیت متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر لابی حیان الاندلسی ص۲۱۸ ج۳
اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص۱۵۷ ج۶ ذکر متعہ

فتح الباری کی عبارت } قال ابن حزم ثبت علی اباحتہا بعد رسول اللہ ابن مسعود ومعاویہ وابوسعید۔ ومن التابعین طاوس و سعید بن جبیر و عطاء و سائر فقہا مکہ

ابن حزم نے کہا ہے کہ نبی کریم کے بعد جو لوگ متعہ کو حلال سمجھنے پر قائم رہے ہیں وہ یہ بزرگوار ہیں ابن مسعود اور معاویہ اور ابوسعید اور ابن عباس اور سلمہ و معبد امیہ بن خلف کے بیٹے اور جابر اور عمر بن حریث اور جابر نے ابوبکر اور عمر کے زمانہ میں صحابہ سے متعہ کی حلیت کو نقل کیا ہے اور تابعین میں سے فقہاء مکہ اور طاؤس اور سعید بن جبیر اور عطا نے متعہ کو حلال سمجھا ہے۔ صاحب فتح الباری فرماتے ہیں کہ ابن حزم نے جن تابعین سے حلیت متعہ کو نقل کیا یہ عبدالرزاق کے نزدیک صحیح اسناد سے ثابت ہے۔

تفسیر ابن کثیر کی عبارت { وکان ابن عباس وابی بن کعب وسعید بن جبیر والسدی یقرؤن فما استمتعتم به منهن الی اجل مسمی فآتوهن اجورهن فریضة وقال مجاهد نزلت فی نکاح المتعة ۔

ترجمہ :۔ ابن عباس اور ابی بن کعب اور سعید بن جبیر اور سدیؒ آیت متعہ میں الی اجل پڑھتے تھے۔ یہ اجل کا لفظ متعہ پر دلالت کرتا ہے اور مجاہد کہتا ہے کہ یہ آیت نکاح متعہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے ۔

المصنف لعبدالرزاق کی عبارت ملاحظہ { عن عبداللہ بن عثمان بن خثیم قال کانت بمکہ امرأة عراقیة تنسک جمیلة لها ابن یقال له ابو امیه وکان سعید بن جبیر یکثر الدخول علیها قال قلت یا ابا عبداللہ ما اکثر ما تدخل علی هذه المرأة قال انا قد نکحتها ذالک النکاح المتعة قال واخبرنی ان سعیدا قال له هی احل من شرب الماء ۔ المتعة

ترجمہ :۔ راوی کہتا ہے کہ مکہ شریف میں ایک خوبصورت عراقی عورت رہتی تھی اور سعید بن جبیر کا اس کے پاس تشریف لانا زیادہ تھا۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے پوچھا کہ جناب کا اس خاتون کے پاس زیادہ تشریف لانا ہے اس نے کہا کہ ہم نے اس خاتون سے نکاح متعہ کیا ہوا ہے اور یہ نکاح متعہ پانی پینے سے بھی زیادہ حلال ہے

نوٹ :۔ ارباب انصاف اگر زمانہ رسالت کے بعد متعہ منع ہو گیا ہے اور یہ مثل زنا ہے تو کیا یہ امام اہلسنت زنا کرتا تھا ۔

متعہ کے حلال ہونے کی پندرہویں دلیل اہل مکہ نبی کریمؐ کی رحلت کے بعد بھی متعہ کو حلال جانتے تھے ۔

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری صـ۱۷۳ ج۹ ب النکاح
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار صـ۱۷۱ ج۶ ب المتعہ
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا صـ۳۴۳ ج۹
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح زرقانی علی الموطا صـ ج۳، المتعہ
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی صـ۱۳۳ ج۵ ب المتعہ

فتح الباری کی عبارت { ومن التابعین طاؤس وسعید بن جبیر وعطاء وسائر فقہاء مکہ

اور تابعین میں سے متعہ کو حلال جاننے والے یہ علماء ہیں حضرت طاؤس اور جناب عطاء اور تمام فقہاء مکہ

نیل الاوطار کی عبارت { ومن المشهورین باباحتها ابن جریج فقیه مکه وهذا قال الاوزاعی فیما رواه الحاکم فی علوم الحدیث یترک من قول اهل الحجاز خمس فذکر منها متعة النساء من قول اهل مکة ۔ واتیان النساء فی ادبارهن من قول اهل المدینة ۔

ترجمہ ، متعہ کو حلال کہنے والوں میں سے زیادہ مشہور فقیہ مکہ ابن جریج ہے اور اسی لئے تو امام اوزاعی نے فرمایا ہے کہ اہل حجاز کی پانچ باتیں ترک کی جائیں گی اور ان میں یہ دو بھی ہیں ایک تو عورتوں سے متعہ کرنا اور دوسرا عورتوں سے لواط جو کہ اہل مدینہ کا خاص فتویٰ ہے

اہل حجاز نے عورتوں سے متعہ اور لواطہ کو حلال کر کے فتوی کی دنیا میں اپنا نام روشن فرمایا ہے

اسباب انصاف :۔ تم اس طرف بھی توجہ فرمادیں کہ مکہ اور مدینہ وہ شہر ہیں جو کہ صحابہ اور صحابیات کی مہربانی سے عورتوں سے متعہ اور لواطہ کے گڑھ تھے اور انہی دونوں شہروں ہی سے سب سے پہلے شریعت کے سورج نے روشنی دینا شروع کی ہے ۔ اور ہم شیعہ خیر البریہ کہتے ہیں کہ بقول نواصب کے اگر متعہ زنا ہے تو زمانہ رسالت کے بعد صحابہ کرام کو کیا مجبوری تھی کہ حرمین شریفین میں خوادم الحرمین نے اس زنا کو حلال سمجھ رکھا تھا اور صرف حلال ہی نہیں مفتی اعظم فقیہ مکہ ابن جریج نے ستر عورت سے متعہ فرما کر اسماء بنت ابی بکر کی طرح اس مسئلہ پر عمل فرما کر روح عمر کو قبر میں بے چین کر دیا ہے اہل مکہ اور صدیقی خاندان کے کردار سے یہ معلوم ہو گیا کہ متعہ شریعت اسلامیہ میں نہ منسوخ ہوا ہے اور نہ ہی حرام ہے اور حضرت عمر نے حرمت متعہ کا اعلان فرما کر اپنے آپ ہی کو ملکی اور صدیقی خاندان کا مخالف ثابت کیا ہے اہل مکہ کے مفتی اعظم اور فقیہ ابن جریج کا زنا کار ہونا ثابت ہوتا ہے اور اس حمام میں کئی امام نواصب ننگے اور رسوا ہیں ۔

سنی علماء کا فیصلہ کہ اگر ایک سنی مفتی ایک چیز کو حلال کہتا ہے اور دوسرا حرام کہتا ہے تو وہ دونوں ایکدوسرے کو جھٹلانے میں حق پر ہیں

اہلسنت کی معتبر کتاب کشف الظنون ص چلپی ذکر موطا
اہلسنت کی معتبر کتاب المیزان الکبری ص۱۹ از عبدالوہاب شعرانی
اہلسنت کی معتبر کتاب رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمہ ص۲
اہلسنت کی معتبر کتاب جزیل المواہب فی اختلاف المذاہب
اہلسنت کی معتبر کتاب روض الانف ص از سہیلی
اہلسنت کی معتبر کتاب الحلیہ ص از ابو نعیم

میزان الکبری کی عبارت } ص۸ ان سائر ائمۃ المسلمین علی ھدی من ربھم وان کل مجتہد مصیب ص۱۶ وکذا لک الی عبدالبر کان یقول کل مجتہد مصیب فاما ان یکونا فعلا اوقالا

ترجمہ :۔ اہلسنت کے تمام امام اپنے رب کی طرف سے حق پر ہیں اور ان کا ہر مجتہد درست فرماتا ہے خواہ دونوں فتوی دیں یا عمل کریں

رحمت الامۃ کی عبارت } فاختلفوا فی طلب الحق وکان اختلافھم رحمۃ للخلق سنی علماء نے طلب حق میں اختلاف کیا ہے اور دین میں = ان علماء کا ایک دوسرے کو جھٹلانا اور اختلاف کرنا مخلوق کے لئے رحمت ہے

نوٹ :۔ اہلسنت نے اپنے جھوٹے اماموں کے فراڈ پر پردہ ڈالنے کے لئے یہ ہتھکنڈہ بنایا ہے کہ ان کا ہر مجتہد دوسرے مجتہد کو جھٹلا کر بھی برحق ہے اور ان کی دینی مسائل میں جنگ مخلوق کیلئے رحمت ہے

اصحاب اگرچہ ایک دوسرے کو جھٹلائیں تو بھی سچے ہیں

کشف الظنون ج ۲ ص ذکر موطا میں کاتب چلپی لکھتا ہے
کی عبارت فانہ اصحاب محمد رسول اللہ اختلفوا فی الفروع وتفرقوا فی البلدان وکل مصیب ملخص

ابو نعیم نے اپنی کتاب حلیہ میں لکھا ہے کہ حضرت مالک بن انس فرماتے ہیں کہ ہارون رشید نے مجھ سے مشورہ کیا کہ تمہاری کتاب موطا کو کعبہ میں رکھا جائے اور لوگوں کو اس پر عمل کرنے کے تیار کیا جائے۔ مالک فرماتے ہیں کہ میں نے کہا ایسا نہ کریں کیونکہ اصحاب رسول نے دینی مسائل میں خود اختلاف کیا ہے۔ اور اس اختلاف کو ہر ہر شہر میں پہنچایا ہے اور وہ ایک دوسرے کو جھٹلانے میں مصیب اور حق پر ہیں۔

روض الانف فیکون من اجتہد فی مسئلۃ فادّاہ اجتہادہ الی
کی عبارت ص تحلیل مصیبا فی استحلالہا وآخر اجتہد فادّاہ اجتہادہ ونظرہ الی تحریمہا مصیبا فی تحریمہا

ترجمہ، جو سنی امام اجتہاد کرے اور اس کا اجتہاد اس کو کسی شئی کے حلال ہونے تک پہنچائے وہ حق پر ہے اور اگر دوسرا امام اسی شئی میں اجتہاد کرے اور اس کا اجتہاد اس کو اسی شئی کے حرام ہونے تک پہنچا دے تو وہ بھی حق پر ہے۔ نوٹ خلاصہ، ایک ہی شئی کو ایک حلال فرماتا ہے اور اسی شئے کو سنیوں کا دوسرا امام حرام فرماتا ہے تو دونوں حق پر ہیں گویا سنیوں کا عقیدہ مصحف کے باعث یہ تناقض نہیں ہے۔

اہلسنت کے بڑے بڑے پوپ پالوں کا فیصلہ کہ اہلسنت علماء کا ہر غلط فتویٰ بھی درست اور صحیح ہے۔

جزیل المواہب ص کل المجتہدین علی ھدی وکلہم علی حق ولا
کی عبارت ص ینسب الی احد منہم تخطیۃ

ہر سنی مجتہد ہدایت پر ہے اور حق پر ہے اور کسی بھی سنی مجتہد کو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ خطا پر ہے اور اس کا فتویٰ غلط ہے۔

ان اختلاف العلماء رحمۃ من اللہ علی ھذہ الامۃ کل تیبع ما صح عندہ وکل علی ھدی وکل یرید اللہ

سنی علماء جو ایک دوسرے کے خلاف کفر کے فتوے دیتے ہیں اور آپس میں اختلاف کرتے ہیں یہ اس امت کے لئے رحمت ہے ہر سنی ملاں ہدایت پر ہے اور ہر ایک اللہ کا ارادہ کرتا ہے۔

اختلاف مذاہب اس امت کیلئے بہت بڑی فضیلت اور نعمت ہے،

جزیل المواہب ان اختلاف المذاہب فی ھذہ الملۃ خصیصۃ فاضلۃ
کی عبارت ص مذہبوں کا اختلاف اس امت میں ایک خاص فضیلت ہے

فصل اعلم ان اختلاف المذاہب فی ھذہ الملۃ نعمۃ کبیرۃ وفضیلۃ عظیمۃ ولہ سر لطیف ادرکہ العالمون وعمی عنہ الجاھلون

جان تو کہ اس امت میں مذہبوں کا اختلاف ایک بڑی نعمت ہے اور ایک بڑی عظمت والی فضیلت ہے اور اس اختلاف میں ایک راز ہے جس کو عالم جانتے ہیں اور جاہل اس کی معرفت سے دل کے اندھے ہیں۔

علمائے اسلام کو دیانت اور انصاف کی رو سے دعوتِ فکر

اہل اسلام کی مایہ ناز کتابیں گواہ ہیں کہ فرقہ فاروق نے ہر مسئلے میں بھانت بھانت کے فتوے دیئے ہیں اور اہل سنت علماء اور امام اپنی اپنی ڈفلی اور اپنا اپنا راگ پیش فرماتے رہے ہیں اور اس چیز کا نتیجہ ہے کہ اہلسنت پانچ ایسے فرقوں میں بٹ گئے جو ایک دوسرے کو کافر کہنا اپنے لئے سعادت اور فخر سمجھتے ہیں اور پھر ایک چوری اور دوسری سرزوری کے مصداق سنی علماء یہ فرماتے ہیں کہ دین اسلام کے احکام میں جس طرح بھی ہم بھانت بھانت کے فتوے لکھیں یہ سب حق ہے اور عین شریعت ہے اور یہ اختلاف عین رحمت ہے اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ یہ اختلاف رحمت نہیں ہے بلکہ تو اصحاب کے گنجے سروں پر ایک لعنت ہے۔

مسئلہ متعہ میں بھی فتوؤں کا اختلاف رحمت ہے

اے ارباب انصاف! اس رسالہ میں پیش کئے گئے حوالہ جات اس بات کے گواہ ہیں کہ اہلسنت کے کئی عدد بزرگ متعہ کو حلال سمجھتے تھے اور بات صرف حلال تک ہی نہیں ہے بلکہ جناب ابوبکر کی ایک بیٹی جناب اسماء نامی نے اہل اسلام کی بھلائی کی خاطر خود بذاتِ متعہ فرما کر عظمت متعہ کو چار چاند لگا دیئے ہیں اور جناب عبداللہ بن عباس اور جابر بن عبداللہ انصاری اور جناب عمران بن حصین اور معاویہ بن سفیان جیسے اہلسنت کے مفتیوں نے متعہ حلال ہونے کا فتویٰ دیکر دوسرے مجتہدوں سے اختلاف کر کے ثابت کر دیا ہے کہ جب ہر اختلاف رحمت ہے تو متعہ میں اختلاف بہت بڑی رحمت ہے۔

متعہ کے حلال ہونے کی سولہویں دلیل سلمہ بن امیہ نے ام اراکہ سے متعہ فرما کر سنت ابی بکر کی سنت کو زندہ کیا ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص۱۷۲ ج ۹ ب متعہ
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک ص۳۰۳ ج ۹
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص۱۵۳ ج ۶ ب متعہ
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب جمہرۃ انساب العرب لابن حزم۔
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب المصنف لعبد الرزاق ص۴۹۸ ج ۷
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب المحلی لابن حزم ص۵۲۰ ج ۹

فتح الباری کی عبارۃ۔ فروی عبد الرزاق بسند صحیح عن عمرو بن دینار عن طاؤس عن ابن عباس قال لم یرع عمر الا ام اراکہ قد خرجت حبلی فسألہا عمر فقالت استمتع بی سلمہ بن امیہ

ترجمہ: سند صحیح سے آیا ہے کہ ابن عباس نے کہا ہے کہ عمر نے صرف ام اراکہ کی رعایت فرمائی وہ حاملہ تھی عمر نے پوچھا تو اس نے صاف صاف بتا دیا کہ سلمہ بن امیہ نے اس کے ساتھ متعہ کیا ہے۔

جمہرۃ انساب کی عبارت ص۱۶۰ ج ۲۔ فولد سلمہ بن امیہ معبد بن سلمۃ امہ ام اراکہ نکحہا سلمۃ نکاح متعۃ فی عہد عمر او فی عہد ابی بکر فولد لہ منہا معبد۔

ترجمہ: سلمہ کا بیٹا معبد ہے۔ معبد کی ماں ام اراکہ تھی۔ سلمہ نے اس کے ساتھ نکاح متعہ کیا تھا۔ اور یہ متعہ ابو بکر یا عمر کے زمانہ میں ہوا۔

متعہ کے حلال ہونے کی ۱۷ویں دلیل، اہل یمن نے حضرت عمر کی مخالفت اور ابن عباس کی موافقت کرتے ہوئے متعہ کے حلال ہونے کا اعلان کیا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری صفحہ ۱۷۳ جز ۹ ذ متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار صفحہ ۱۵۴ جز ۶

فتح الباری کی عبارت { قال ابن عبد البر اصحاب ابن عباس من اہل مکۃ والیمن علی اباحتہا۔

ترجمہ: ابن عبد البر فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن عباس کے یمنی اصحاب اور مکی اصحاب متعہ کے حلال ہونے پر ڈٹے ہوئے تھے۔

نوٹ: مکہ مدینہ اور ملک یمن یہ علاقے اہل اسلام کے خاص مرکز ہیں اور تھے اور ان علاقوں کے علماء جب کسی شئی کے حلال ہونے کا فتویٰ دیں تو ظاہراً یہی سمجھا جائے گا کہ اس شئی کو حلال سمجھنے کی شریعت پاک میں گنجائش ہے ہم شیعہ خیر البریہ اپنے سنی بھائیوں کی ٹوٹی پھوٹی دیانت کا ان کو واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں کہ اگر بقول آپ کے متعہ زنا ہے تو ان مکہ اور یمن کے مسلمانوں کو کیا مجبوری تھی۔ کہ انہوں نے سنی ہونے کے باوجود اپنے خلیفہ نمبر ۲ حضرت کی مخالفت کی۔ اور متعہ کو حلال قرار دیا۔ اگر کسی سنی نے متعہ حرام قرار دیا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ اس نے اس فتویٰ میں خطا کی ہے اور اس مسئلہ میں سنی علماء کا آپس کا اختلاف دوسرے معنی میں جوتوں میں دال بٹنا ہے۔

حلیت متعہ کی ۱۸ویں دلیل امام مالک سنی نے متعہ کے حلال ہونے کا فتویٰ دیکر ابوبکر کی بیٹی کی لاج رکھ لی ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتاویٰ قاضی خان ج ۱۵۱/۱ ۔ النکاح فصل ۱
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب الہدایہ ج ۲۱۳/۱ محرمات۔
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری صفحہ ۱۷۳ جز ۹ ذکر متعہ
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مبسوط صفحہ از شمس الائمہ سرخسی
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تبیان الحقائق شرح کنز الدقائق صفحہ
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب رمز الحقائق شرح کنز الدقائق صفحہ
۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب خزانۃ الروایات صفحہ از قاضی جگن
۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب کافی صفحہ کتاب نکاح
۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب عنایہ شرح ہدایہ صفحہ از اکمل الدین
۱۰۔ اہلسنت کی معتبر کتاب حدائق الازہار شرح مشارق الانوار
۱۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح وقایہ صفحہ از علامہ الیاس۔
۱۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح وقایہ صفحہ از ابو المکارم
۱۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتاویٰ تاتارخانیہ از عالم بن العلاء
۱۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب سراج وہاج شرح مختصر قدوری۔
۱۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتاویٰ ظہیریہ صفحہ از ظہیر الدین
۱۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب رسالہ رد شیعہ صفحہ از یوسف اعور
۱۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب جذب القلوب صفحہ جگ ظہیر از شاہ عبدالحق

۱۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح مقاصد ص۔ سعد الدین عمر
۱۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب جامع الرموز شرح مختصر وقایہ
۲۰۔ اہلسنت کی معتبر کتاب کنز الدقائق ص۔ از ابوالبرکات
۲۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مختصر مالکی ص۔ از امام مالک
۲۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص۔ کبیر ۳۱
۲۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ بدوانی ص
۲۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب انموذج اللبیب فی خصائص الحبیب
۲۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ فرشتہ فارسی ص ۳۰۲ ج ۱

الھدایہ کی عبارۃ } ونکاح المتعۃ باطل عندنا وقال مالک ھو جائز لانہ کان مباحاً فیبقی الی ان یظھر ناسخہ

ترجمہ:۔ اور نکاح متعہ ہمارے نزدیک باطل ہے اور امام مالک کے نزدیک متعہ جائز ہے دلیل ان کی یہ ہے کہ متعہ حلال اور مباح تھا پس یہ جواز باقی رہے گا ناسخ کے ظہور تک۔

نوٹ:۔ کتاب اہلسنت کشف الظنون چلبی میں ہدایہ شریف کی تعریف میں یوں لکھا ہے کہ یہ کتاب مثل قرآن ہے اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ قرآن پاک میں جس طرح غلطی نہیں ہے اسی طرح صاحب ہدایہ نے امام مالک سے جواز متعہ کے نقل کرنے میں کوئی خطا اور غلطی نہیں کی ہے اور بعض سنی علماء نے صاحب ہدایہ پر اس فتویٰ کے نقل کرنے میں خطاء کا بہتان باندھا ہے۔ وہ بیچارے خود خطاء پر ہیں۔ صاحب ھدایہ کا فقہ میں وہی مقام ہے جو ابوبکر کا خلفاء میں ہے۔

فتاویٰ قاضی } ولا ینعقد النکاح بلفظ المتعۃ وھی باطلۃ عندنا لا تفید الحل خلافاً لابن عباس ومالک

ترجمہ:۔ لفظ متعہ سے نکاح نہیں ہو سکتا اور یہ متعہ باطل ہے مفید حلیت نہیں ہے اس میں ابن عباس اور امام مالک کا اختلاف ہے۔ ان کے نزدیک یہ مفید حلیت ہے۔

مبسوط کی عبارت } شمس الائمہ سرخسی فرماتے ہیں کہ نبی کریم ؐ نے متعہ کو حلال کیا تھا اور یہ متعہ ہمارے نزدیک باطل ہے اور امام مالک بن انس کے نزدیک جائز ہے۔

فتح الباری کی عبارت } قال ابن دقیق ما حکاہ بعض الحنفیۃ عن مالک من الجواز خطاء = ابن دقیق کہتا ہے کہ امام مالک سے جو بعض حنفیہ نے متعہ کا جواز نقل کیا ہے۔ یہ ان کی خطا ہے۔ نوٹ۔ خطا اس لئے ہے کہ اس طرح حق ظاہر ہوتا ہے۔

تبیان الحقائق کی عبارت } وقال مالک ھو جائز لانہ کان مشروعاً فیبقی الی ان یظھر ناسخہ

ترجمہ:۔ امام مالک فرماتے ہیں کہ متعہ جائز ہے کیونکہ وہ شریعت کا حکم تھا اور جب تک اس کا ناسخ نہ آئے گا وہ باقی رہے گا

رمز الحقائق کی عبارت } وقال مالک ھو جائز لانہ کان مشروعاً مالک کے نزدیک متعہ جائز ہے کیونکہ وہ شریعت کا حکم ہے

خزانۃ الروایات } وقال مالک جائز خلاف ابن عباس کان یبیحھا امام مالک سنی کے نزدیک متعہ جائز ہے کیونکہ ابن عباس کے نزدیک متعہ حلال تھا۔

قرآن پاک اور حدیث پاک اور فقہ اہلسنت میں نکاح متعہ کے حلال ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔

ارباب انصاف خدا گواہ ہے کہ ہمارا مقصد ان فتاویٰ سے یہ ہرگز نہیں ہے کہ متعہ کا عام رواج ہو جائے اور سنی علماء کی جوان بیٹیاں اسماء بنت ابی بکر کی سنت پر عمل پیرا ہو کر جنت میں جانے کی کوشش تیز کر دیں۔ ہمارا مقصد جواز متعہ سے صرف یہ ہے کہ جس جواز متعہ کا بہانہ کر کے ہم شیعوں پر کفر کا اور بے غیرتی کا فتویٰ لگایا جاتا ہے۔ اس جواز متعہ کا ثبوت خود اہلسنت بھائیوں کے گھر میں موجود ہے اور یہ عقیدہ اگر جواز متعہ کفر کا باعث بنتا ہے تو اسماء بنت ابی بکر اور عبداللہ بن عباس سے لے کر حضرت امام مالک اور ان کے استاد ابن جریج تک جواز متعہ کے باعث اہلسنت کے گھر بے شمار کفار آپ کو ملیں گے اگر متعہ زنا اور بے غیرتی اور بے حیائی ہے تو اس بے غیرتی کے خود اہلسنت میں کئی عدد علمدار ملیں گے اور سب سے بڑا بے غیرت امام مالک ہے کہ جس نے لڑکوں سے اور عورتوں سے لواطہ کے جواز کا فتویٰ دیا ہے اور پھر متعہ کے حلال ہونے کا فتویٰ دے کر قیامت تک کے لئے اپنی سنی برادری کو رسوا کر دیا۔ اور ہمارے ۲۵ عدد ثبوت ملاازم کے لئے دعوت فکر کے طور پر رہتی دنیا تک یاد رہیں گے۔

متعہ کے حلال ہونے کی ۱۹ ویں دلیل کہ کئی عدد علماء اہلسنت متعہ کو حلال جانتے تھے۔

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب غرائب القرآن ص۱۲ پ۵ النساء
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص۱۹۵ ج۳، النساء آیت ۲۴
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر حقانی ص۵ ج۲
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نزل الابرار فی فقہ نبی المختار ص۳۳
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب ترجمان القرآن۔

تفسیر کبیر کی عبارت: فذهب السواد الاعظم من الامة الى انها صارت منسوخة وقال السواد منهم انها بقيت مباحة
امت سے ایک سواد اعظم متعہ کو منسوخ جانتی ہے اور ایک سواد یہ کہتی ہے کہ وہ متعہ اباحت پر باقی ہے

تفسیر حقانی کی عبارت: اور بعض علماء اہلسنت، متعہ کو بدستور جائز جانتے ہیں جیسا کہ صحابہ میں ابن عباس اور عمران بن حصین متعہ جائز جانتے تھے۔

نزل الابرار ص۳۳ مطبوعہ سعید المطابع بنارس ۱۳۲۸ھ کی عبارت: از علامہ وحید الزمان۔ وكذالك بعض اصحابنا فى نكاح المتعة فجوزوه لانه كان ثابتا جائزا فى الشريعة كما ذكره الله فى كتابه فما استمتعتم به الخ يدل صراحة على اباحة المتعة فالاباحة قطعية لكونه قد وقع الاجماع عليه والتحريم ظنى ولا يرفع القطعي بالظنى۔

سنی اہلحدیثوں کے عقیدہ میں متعہ حلال ہے

علامہ وحید الزمان فرماتے ہیں کہ حرمت متعہ کے بارے ہمارے بعض اصحاب اہلحدیث نے اختلاف کیا ہے اور انہوں نے متعہ کو جائز قرار دیا ہے کیونکہ متعہ شریعت میں جائز اور ثابت تھا اور اس جواز کا ذکر آیت ۲۴ سورہ نساء میں ہے اور یہ آیت متعہ کے مباح ہونے پر صراحت کے ساتھ دلالت کرتی ہے پس متعہ کی اباحت یقینی ہے کیونکہ اس پر اجماع ہے اور تحریم ظنی اور گمان ہے اور دلیل یقین کو گمان نہیں توڑتا۔

کچھ لوگ سواد اعظم سے بھی متعہ کو غیر منسوخ اور حلال جانتے ہیں

غرائب القرآن: واتفقوا علی انہا کانت مباحۃ فی اول الاسلام ثم کی عبارت: السواد الاعظم من الامۃ علی انہا صارت منسوخۃ وذہب الباقون ومنہم الشیعۃ الی انہا ثابتۃ کما کانت ویروی ہذا عن ابن عباس۔

ترجمہ: اہل اسلام کا متعہ کے حلال ہونے پر اتفاق ہے مگر اول اسلام میں۔ پھر سواد اعظم فرماتے ہیں کہ متعہ منسوخ ہے اور ان کے علاوہ دوسرے علماء جو باقی ہیں اور ان میں شیعہ بھی شامل ہیں ان کے عقیدہ میں متعہ جس طرح حلال تھا اب بھی اسی طرح حلال ہے اور یہ عقیدہ صحابی رسول اللہ ابن عباس اور حضرت عمران بن حصین سے بھی مروی ہے۔

مودودی امیر جماعت اسلامی متعہ کو جائز جانتے تھے

سابق امیر جماعت اسلامی جناب ابوالاعلی مودودی صاحب نے اپنی تفسیر تفہیم القرآن کے زیر عنوان ترجمان القرآن، اور اگست ۱۹۵۵ کے شمارہ میں سورۃ مومنون کی آیت اِلَّا عَلٰۤی اَزۡوَاجِہِمۡ اَوۡ مَا مَلَکَتۡ اَیۡمَانُہُمۡ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ۔

"متعہ کا جب ذکر کیا ہے تو مناسب معلوم ہوتا ہے کہ دو باتوں کی اور توضیح کر دی جائے۔

دوم: یہ کہ متعہ کو حرام قرار دینے یا مطلقاً مباح ٹھہرانے میں سنیوں اور شیعوں کے درمیان جو اختلاف پایا جاتا ہے اس میں بحث و مناظرہ نے بے جا شدت پیدا کر دی ہے ورنہ امر حق معلوم کرنا کچھ مشکل نہیں۔ انسان کو بسا اوقات ایسے حالات سے سابقہ پیش آ جاتا ہے جن میں نکاح ممکن نہیں ہوتا اور وہ زنا یا متعہ میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے ایسے حالات میں زنا کی بہ نسبت متعہ کر لینا بہتر ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف محترم مودودی صاحب نے ترجمان میں جو کچھ لکھا ہے وہ آپ نے ملاحظہ کر لیا مگر اپنی تفسیر تفہیم القرآن میں خوب قلابازیاں کھائی ہیں اور متعہ پر اس انداز میں تنقید فرمائی ہے کہ وہ تنقید بجائے شیعوں کے خدا اور رسول ؐ پر جاری ہے کیونکہ متعہ کو خدا اور رسول ؐ نے حلال کیا ہے اور اگر ذات متعہ میں کسی قسم کی بھی قباحت اور برائی پائی جاتی ہے تو اس کو خدا اور رسول ؐ نے حلال اور مباح اور جائز کیوں فرمایا ہے

متعہ کے حلال ہونے کی ۲۰ ویں دلیل کہ حنابلہ کے سردار امام احمد بن حنبل بھی متعہ کو حلال جانتے تھے۔

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر ج۱ ص۴۷۴ النساء آیت ۲۴
اہلسنت کی معتبر کتاب البدایہ والنہایہ ص۱۹۴ ج۴ خیبر

ابن کثیر کی عبارت: قد روی عن ابن عباس وطائفۃ من الصحابۃ اباحتہا للضرورۃ وہو روایۃ عن الامام احمد

جناب ابن عباس اور صحابہ کرام کی ایک جماعت سے نکاح متعہ کا حلال ہونا روایت کیا گیا ہے اور امام احمد سے بھی متعہ کی حلیت مروی ہے

البدایہ کی عبارت: وقد حکی عن الامام احمد روایۃ کمذہب ابن عباس ...... وحاول بعض من صنف نقل روایۃ اخری عن الامام احمد بمثل ذالک

جس طرح مذہب ابن عباس ہے کہ متعہ حلال ہے اسی طرح امام احمد سے متعہ کے حلال ہونے کی حکایت ہے۔

نوٹ۔ امام احمد صاحب حضرت امام مالک کی طرح اہلسنت بھائیوں کی فقہ کا مجتہد ہے اور امام مالک کی طرح متعہ کو حلال جانتا تھا اور ابن عباس اور صحابہ کرام بھی متعہ کو حلال جانتے تھے لہٰذا اگر متعہ بے حیائی اور بے شرمی ہے اور زنا کا دوسرا نام ہے تو خدا رسولؐ نے اس زنا کو چند دن تک کیوں حلال فرمایا تھا، خدا رسولؐ کے کلام کو صحابہ نے خوب سمجھا اور متعہ کرتے رہے اور آج سنی بھائیوں کا حلالہ پر فخر کرنا اور متعہ کو حرام کہنا ان کی بے انصافی ہے۔

متعہ کے حلال ہونے کی ۲۱ ویں دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر کا بیٹا عبداللہ بھی متعہ کو حلال جانتا تھا اور عمر کی مخالفت کرتا تھا!

اہلسنت کی معتبر کتاب مسند الامام احمد ص۹۵ ج۸ حدیث ۵۶۹۴

ان رجلا سال عبداللہ بن عمر عن متعۃ النساء وانا عندہ فغضب وقال واللہ ماکنا علی عہد رسول اللہ زنائین ولا مسافحین۔

راوی فرماتا ہے کہ میں بھی حاضر تھا اور ایک شخص نے جناب ابن عمر خلیفہ زادے سے متعۃ النساء کے بارے سوال کیا، ابن عمر غضب ناک ہوئے اور فرمایا کہ ہم لوگ رسول اللہ کے زمانے میں زنا کار نہیں تھے

نوٹ۔ معلوم ہوا کہ ابن عمر متعہ کو حلال جانتے تھے اور نسخ کے قائل نہ تھے

اعتراض۔ ابن عمر نے متعہ کو حرام بھی فرمایا ہے.

جواب۔ یہ سفید جھوٹ ہے کیونکہ کسی کو کوئی بیان دینا اور کسی کو کوئی بیان دینا یہ صحابہ کرام کے زیبا نہیں ہے یہ کام غیر ذمہ دار لوگوں کا ہے۔

اعتراض۔ قلیل مقدار صحابہ متعہ کو حلال جانتے تھے۔

جواب۔ الحق حق وان قل ناصرہ والباطل باطل وان کثر ناصرہ

حق۔ حق ہے اگرچہ اس کو ماننے والے اور اس کی مدد کرنے والے تعداد میں کم ہوں اور باطل باطل ہے اگرچہ اس کے مددگار زیادہ ہوں

نوٹ۔ ارباب انصاف۔ ہماری ان اکیس عدد دلیل کے بعد صاحب تحفہ شاہ عبدالعزیز کا یہ دعویٰ جھوٹا ثابت ہوگیا کہ سوائے آیت فما استمتعتم کے متعہ کے حلال ہونے کی شیعوں کے پاس اور کوئی دلیل نہیں ہے۔

قرآن و سنت سے منہ پھیر کر متعہ کو حرام کہنے والوں کے دلائل

دلیل اول کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ صہ ۲۵۹ باب ہشتم احکام فقہیہ ملاحظہ ہو اگر کوئی عقلمند اصل متعہ میں غور کرے گا۔ تو جان لے گا کہ اس غلط نکاح میں کتنی برائیاں ہیں۔ اور وہ حکم الہی اور شریعت پاک سے ٹکراتی ہیں۔ اس کے بعد صاحب تحفہ نے پورے دو صفحے اسی قسم کے خرافات سے اپنے نامہ اعمال کی طرح سیاہ کئے ہیں اور خلاصہ اس دلیل کا اور اسی قسم کی دوسری دلیل کا یہ ہے کہ بالکل متعہ کی حلیت سے انکار کرنا حتی آغاز اسلام میں چند روز تک اس کے جواز سے انکار کرنا۔ اور تمسخر اور مذاق کے عنوان سے متعہ کو ایک بری شکل میں پیش کرنا اور لوگوں کو اس نکاح شرعی سے نفرت دلانا مثلاً بعض نے اپنے رسالہ جات میں کچھ سنی علماء نے نکاح متعہ کے بارے اس طرح بھی بدزبانی فرمائی ہے

رسالہ حرمت متعہ صہ ۱۲-۱۳ از معصوم شاہ میں لکھا ہے۔

متعہ کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہر عورت رنڈی اور ہر بستی چکلہ ہوگی صہ ۱۲ اور سوسائٹی میں میری اور تیری کی قید اٹھ جائے گی صہ ۱۲ جواز متعہ کے بعد۔ کون ہے پرانی بوسیدہ ڈفلی کو بجاتا رہے۔ شیعہ لوگ کوئی بھی ولد متعہ پیش نہیں کر سکتے۔

دہلوی کذاب نے متعہ سے انکار کر کے قرآن و حدیث کو جھٹلایا ہے اور اپنے منحوس چہرے پر بے ایمانی کا غازہ لگایا ہے

ہم نے اسی رسالہ میں صہ ۱۷ اعدد کتب اہل سنت سے ثابت کیا ہے کہ سورہ نساء کی آیت ۲۴ فما استمتعتم متعہ کی حلیت کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ قرطبی سنی نے اور صاحب فتح القدیر نے اور ابن کثیر دمشقی نے صاف لکھا ہے کہ اس آیت سے مراد نکاح متعہ ہے جو کہ ابتداء اور صدر اسلام میں جائز تھا۔ پس دہلوی کذاب نے متعہ سے بالکل بغیر کسی تفصیل کے انکار کر کے اپنے مذہب کے ۱۷ علماء کو جھٹلایا ہے اور قرآن حکیم کو ٹھکرایا ہے اور بخاری شریف طبع دہلوی صہ ۷۵۹ میں جابر صحابی سے روایت لکھی ہے کہ ہمیں نبی کریم کی طرف سے ایک صحابی نے کہا کہ (ان النبیؐ) قد اذن لکم ان تستمتعوا کہ تم کو رسول پاکؐ نے متعہ کی اجازت دی ہے۔ اور یہی روایت صحیح مسلم میں بھی موجود ہے۔ اور حوالہ جات گذر رہے ہیں کہ حضرت ابوبکر کی بیٹی اسماء نے متعہ کر کے ایک بیٹا بھی جنا ہے۔ ہم شیعہ خیر البریہ اولاد حلالہ سے سوال کرتے ہیں کہ بقول تمہارے اگر متعہ رنڈی بازی ہے تو اسماء بنت ابی بکر معاذ اللہ کیا رنڈی تھی اور نبی کریمؐ نے کیا معاذ اللہ چکلے کھولنے کی اجازت دی ہے

مناظر اہلسنت شاہ عبدالعزیز کو خدا نے اس طرح بھی ذلیل کیا ہے کہ خود اسی کے قلم سے لکھوایا ہے کہ متعہ حلال ہے

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ باب ۱۰ مطاعن عمر طعن ۱۱ ص ۳۰۲ میں لکھا ہے کہ اہلسنت کی صحیح ترین کتاب صحیح مسلم میں لکھا ہے کہ متعہ تین دن تک حلال رہا ہے اور بقول ابن عباسؓ کے کہ ابتدائے اسلام میں بغیر کسی مجبوری کے متعہ حلال تھا۔ اور کتاب اہلسنت تفسیر کبیر ص ۱۹۵ ج ۳ آیت متعہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ انا لا ننکر ان المتعۃ کانت مباحۃ ان المتعۃ کانت مشروعۃ کہ ہم سنی لوگ متعہ کے مباح اور مشروع اور حلال ہونے سے انکار نہیں کرتے۔

ارباب انصاف۔ آپ نے دیکھ لیا ہے کہ باب نہم احکام فقہ میں صاحب تحفہ نے متعہ کے حلال ہونے سے بالکل انکار کر کے اپنے مذہب کے تمام علماء کو بلکہ اصحاب کو جھٹلایا ہے اور پھر باب ۱۰ میں حلیت متعہ کا اقرار کر کے خود اپنے آپ کو جھٹلایا ہے۔ جو ملاں لوگ گز بھر کی زبان نکال کر فرماتے ہیں۔ کہ متعہ بے غیرتی ہے بے حیائی ہے رنڈی بازی ہے ہم آپ کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ ابتدائے اسلام میں نبی کریمؐ نے معاذ اللہ تین دن تک بے غیرتی کی اجازت دی تھی۔

اہل سنت کی طرف سے تحریم متعہ کی دلیل دوم کہ متعہ مثل زنا ہے پس دونوں حرام ہیں

کتاب اہلسنت تحفہ اثناء عشریہ ص ۳۰۲ باب ۱۰ مطاعن عمر طعن ص ۱۱ میں لکھا ہے کہ زنا اور متعہ دونوں میں غرض یہ ہے کہ منی کا برتن خالی کیا جائے۔ شہوت کی آگ بجھائی جائے پس دونوں حرام ہیں ارباب انصاف یہ ڈفلی صاحب تحفہ نے بجائی اور پھر اس پر کئی ناصبی علماء نے رقص فرمایا ہے اور مرچ مصالحہ لگا کر خوب تشریح فرمائی ہے اور نیک بی بی اسماء بنت ابی بکر کا لحاظ نہیں فرمایا کہ جس نے نکاح متعہ سے بچے بھی جنے ہیں۔

جواب: اگر متعہ مثل زنا ہے تو اسلام نے چند روز اس کو حلال کیوں فرمایا تھا

ثبوت ملاحظہ۔ کتاب اہلسنت تفسیر لابن کثیر ص ۴۷۴ ج ۱

لا شک ان المتعۃ کانت مشروعاً فی ابتداء الاسلام

ابتدا اسلام میں بحکم شریعت متعہ کے حلال ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔

نوٹ:۔ دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر ہر پڑھے لکھے آدمی کو ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ اگر متعہ اور زنا میں بقول سنی علماء کے کوئی فرق نہیں ہے تو پھر ابتداء اسلام میں متعہ جیسا زنا صحابہ کرام کے لئے حلال کیوں ہوا جب متعہ مثل زنا بے غیرتی ہے تو اس کی صحابہ کرام کو چند دنوں کے لئے اجازت کیوں ملی تھی۔

جواب۲۔ اس مسئلہ میں عجب صاحب کو امام رازی نے خوب ذلیل فرمایا ہے

ثبوت ملاحظہ ہو۔ کتاب اہلسنت تفسیر کبیر صفحہ ۱۹۴ جز ۲

ابو بکر کہتا ہے کہ زنا کو سفاح اس لئے کہا جاتا ہے کہ زنا میں صرف پانی گرانا مقصود ہوتا ہے اولاد یا امور خانہ داری مقصود نہیں ہوتے۔ اور متعہ بھی اسی طرح ہے۔ پس وہ بھی زنا ہے۔ اس دلیل کو امام رازی ذکر کرنے کے بعد پھر امام رازی اس کا خود جواب دیتے ہیں۔ کہ متعہ مثل زنا نہیں ہے۔ فان المقصود منها سفح الماء بطريق مشروع مأذون فيه من قبل الله فان قلتم المتعة محرمة فنقول هذا اول البحث۔ متعہ کو مثل زنا کہنے والوں کو امام رازی نے یوں جھٹلایا اور ذلیل کیا ہے کہ متعہ میں بے شک مقصود پانی گرانا ہے مگر اس طریقہ سے کہ جس کی شریعت نے اجازت دی ہے اور اگر کوئی فرمائے کہ متعہ حرام ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ متعہ کی حرمت میں نزاع ہے اور دعوی کو دلیل نہیں بنایا جا سکتا

نوٹ:۔ جو لوگ متعہ کو مثل زنا فرض کر کے اس کو حرام کہتے ہیں۔ وہ ہمارے سنی احباب ہیں اور فخر رازی ان کا امام ہے اور بے چارے سنیوں کے نصیب کہ ان کا اپنا امام ان کو جھٹلا رہا ہے۔

جواب۲

حاملہ اور بیمار سے جماع کی غرض صرف رفع حاجت شہوانی ہے

اے ارباب انصاف، حاملہ عورت سے یا جس کی بچہ دانی اپریشن سے نکال دی گئی ہو۔ یا جس عورت کا خون حیض بوجہ بیماری کے یا عمر زیادہ ہونے کے باعث رک گیا ہو اس قسم کی عورت سے یا حلالہ والی عورت سے جب شوہر جماع کرتا ہے تو غرض اولاد نہیں ہوتی بلکہ غرض صرف رفع حاجت شہوانی ہوتی ہے اور اسی غرض سے چونکہ متعہ بقول نواصب کے زنا شمار ہوتا ہے۔ لہٰذا جہاں جہاں یہ غرض موجود ہو وہاں سنی علماء کو زنا کا فتوی دینا چاہیئے۔

جواب۳۔ علماء اسلام کا اتفاق ہے کہ اسقاط حمل حرام ہے مگر مانع حمل گولیاں غبارہ اور ٹیوب اور چھلا یا اپریشن حرام نہیں ہے اور اہل اسلام مانع حمل چیزیں بھی استعمال کرتے ہیں اور ازواج سے جماع بھی کرتے ہیں۔ اور اس جماع میں غرض رفع حاجت شہوانی ہوتی ہے۔ اگر بقول نواصب یہ غرض تو صرف زنا میں ہے تو کیا علما فتوی دیں گے کہ اہل اسلام مذکورہ تمام صورتوں میں زنا کرتے ہیں حلالہ والی عورت میں نہ ہی اولاد اور نہ ہی امور خانہ داری مقصود ہیں۔ پس محلل تو یقیناً زانی ہے اور حلالہ کے بہانہ دنیا میں جتنا زنا ہوا ہے اس کا حساب خدا ملاں سے ضرور لے گا۔

۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نووی شرح صحیح مسلم ص۴۵۱ ج۱
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا ص۴۱۴ ج۹
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب المحلی ص۵۱۹ ج۹ از ابن حزم
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب معالم السنن مع مختصر سنن ابی داؤد ص۱۸ ج۳
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص۱۵۳ ج۶

۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح زرقانی علی موطا صفحہ ۱۵۲ جلد ۳ ذکر متعہ

۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مرقات شرح مشکوٰۃ صفحہ ۲۴۲ جلد ۳

۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد صفحہ ۲۰۵ جلد ۲

فتح الباری کی عبارت { جاء عن الاوائل الرخصة فيها اى المتعة
پہلے والے علماء سے متعہ کے بارے اجازت منقول ہے

نووی شرح مسلم کی عبارت { ثبت ان نكاح المتعة كان جائزاً في اول الاسلام
ابتداء اسلام میں نکاح متعہ کی اجازت ثابت ہے

المحلی کی عبارت { نكاح المتعة كان حلالاً على عهد رسول الله
نبی کریمؐ کے زمانہ میں نکاح متعہ حلال تھا۔

معالم السنن کی عبارت { نكاح المتعة كان مباحاً فى صدر الاسلام
ابتداء اسلام میں متعہ مباح تھا۔

سنی ملاں زہر کا پیالہ پی سکتے ہیں، مگر ان ۲۱ حوالہ جات کی صفائی نہیں دے سکتا۔

ارباب انصاف ۲۱ عدد علماء کا بیان پیش کیا ہے کہ متعہ حلال تھا اور صاحب تحفہ اور چند عدد اس کے چیلے فرماتے ہیں کہ متعہ بالکل حرام ہے ہم سنی دوستوں کو ہی منصف قرار دیتے ہیں کہ یا تو وہ ۲۱ عدد سنی علماء جھوٹوں کا ٹولہ ہے اور یا صاحب تحفہ جھوٹوں کا کپتان ہے۔ اور صحابہ کا متعہ کرنا تواتر سے ثابت ہے اگر متعہ شریفوں کا کام نہیں بلکہ یہ فعل کمینے لوگوں کا کام ہے تو جن صحابہ نے متعہ کیا ہے وہ کس گروہ میں شامل ہے اور بنت ابی بکر کا متعہ کرنا تمام تنازع کو حل کر دیتا ہے۔

صاحب تحفہ کا ایک اور جھوٹ ملاحظہ ہو کہ حرمت متعہ پر قرآن کی دلالت ہے

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۳۰۳ میں لکھا ہے کہ

آیات قرآنی صریح دلالت بر حرمت متعہ میکند کہ آیات قرآنی متعہ کے حرام ہونے پر صاف دلالت کرتی ہیں۔

نوٹ:۔ اب ہم اس دلیل کی اس طرح چیر پھاڑ کرتے ہیں کہ عثمانی میڈیکل کالج کے تمام سرجن اس کی سرجری سے عاجزی کا اقرار کریں

جواب: خود سنی علماء نے صاحب تحفہ کو اس دعویٰ میں جھٹلایا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری صفحہ ۳۱۰ جلد ۸ غزوہ خیبر

فصل يحد من وطئ فى نكاح متعة فاكثر اصحاب مالك قالوا لا يحد لانه ليس من تحريم القرآن

ترجمہ:۔ جو نکاح متعہ سے جماع کرتا ہے کیا اس پہ حد جاری کی جائے گی امام مالک کے اصحاب میں سے زیادہ کا فرمان ہے کہ اس پر حد جاری نہ کی جائے گی کیونکہ متعہ قرآن کی رو سے حرام نہیں ہے۔

نوٹ:۔ ارباب انصاف صاحب تحفہ کو ان ۲۱ عدد علماء نے بھی جھٹلایا ہے جنہوں نے ابتداء اسلام میں متعہ کے حلال ہونے کی رپورٹ دی ہے اور خود صاحب تحفہ نے اپنے ان تمام علماء کو اور اپنے تمام تابعین اور اصحاب کو جھٹلایا ہے جو کہ متعہ کرتے تھے۔

کیا اصحاب متعہ کر کے قرآن کے خلاف بغاوت کرتے تھے؟ اصحاب متعہ کر کے گویا زنا کرتے تھے معاذ اللہ۔

جامعہ امیر معاویہ کے تمام محققین کو چیلنج کہ اگر وہ حرمت متعہ قرآن سے دکھادیں تو دس ہزار نقد انعام ہے

ارباب انصاف ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے اور خیانت علمی کرنے والے کو سوائے لعنت کے اور کچھ بھی نصیب نہ ہوگا۔ ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ ان اولاد حلالہ کا علم منطق پڑھتے پڑھتے لعنت زدہ سر گنجا ہو جاتا ہے مگر یہ زبدۃ العلماء تمام عمر عقل سے عاری ہی رہتے ہیں بلکہ عقل کے یہ لوگ بدترین دشمن ہیں

جامعہ صدیقیہ و فاروقیہ و عثمانیہ کے نام نہاد محققین سے ایک سوال

گز بھر کی زبان نکال کر جو گنجے سر سے لے کر ٹیڑھے پاؤں تک زور لگا کر کہتے ہیں کہ متعہ حرام۔ متعہ زنا۔ ہمارا ان سے یہ ایک سوال ہے کہ قرآن پاک سے وہ ایک ایسی آیت ہم کو دکھائیں جو متعہ کے حرام ہونے پر صراحت کے ساتھ دلالت کرتی ہو یعنی اس کی حرمت متعہ پر دلالت مطابقی ہو۔ اور ہمارا دعویٰ ہے کہ اگر اصحاب ثلثہ قبروں سے اٹھ کر آجائیں تو وہ بھی ایسی آیت نہیں دکھا سکتے۔ لہٰذا قوم معاویہ حرمت متعہ از روئے قرآن کا ڈھنڈورا چھوڑ دیں اگر متعہ قرآن کی نص سے حرام ہے تو کیا اصحاب بعد از نبیؐ متعہ کے رنگ میں زنا کرتے تھے۔ اگر متعہ رنڈی بازی ہے تو معاذ اللہ کیا اصحاب رنڈی بازی کرتے تھے

مسئلہ متعہ میں شیعوں کے خلاف سپاہ صحابہ کی توپ کا ساتواں گولہ کہ متعہ روز خیبر نبی پاکؐ نے حرام فرمایا تھا۔

کتاب اہلسنت حرمت متعہ بجواب جواز متعہ ص۳۰
از قلم شیخ الحدیث محمد علی جانباز مہتمم جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ میں لکھا ہے کہ کتاب شیعہ تہذیب الاحکام ص۱۸۹ ج ۲ میں لکھا ہے عن علی علیہ السلام قال حرم رسول اللہ یوم خیبر نکاح المتعہ کہ حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ خیبر کے دن رسول اللہ نے متعہ کو حرام فرمایا ہے۔

نوٹ:۔ اس دلیل کو سنی ملاں خوب رنگ روغن لگا کر پیش کرتے ہیں اور اب ہم بھی اس کی وہ چیر پھاڑ کرتے ہیں کہ عمر فاروق میڈیکل کالج کا کوئی بھی سرجن اس کو ٹانکے لگا کر مرمت نہ کر سکے گا۔

جواب جس حدیث کی صحت کی کوئی محدث گواہی نہ دے وہ قبول نہیں ہے

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ ص۲۶۲ باب ۹ مطاعن ابو بکر طعن ۳ میں لکھا ہے کہ اہل سنت کے نزدیک حدیث وہ معتبر ہے جو محدثین کی مستند کتابوں میں ہو مع الحکم بالصحۃ اور اس پر صحت کی طرف سے صحیح ہونے کا حکم بھی لگایا گیا ہو۔

نوٹ:۔ ہم شیعہ مذکورہ حدیث کے جواب میں صاحب تحفہ کی اس تحقیق کو پیش کرتے ہیں کہ مذکورہ حدیث کسی شیعہ محدث کی طرف سے محکوم بالصحت نہیں ہے

جواب ۲: اس حدیث کو مصنف نے تردید کرنے کی خاطر تحریر کیا ہے

اہل تشیع کی کتاب تہذیب الاحکام صفحہ ۱۸۶ جز ۲ مسائل متعہ میں مذکورہ حدیث کو رد کرنے کی خاطر مصنف نے اس کو لکھا ہے اور یوں اس کی تردید فرمائی ہے فان هذه الرواية وردت مورد التقية وعلى مايذهب اليه مخالفوا الشيعة والعلم حاصل لكل من سمع الاخبار ان من دين ائمتنا عليهم السلام اباحة المتعة فلا يحتاج الى الاطناب

ترجمہ: مذکورہ روایت تقیہ کی وجہ سے آئی ہے اور مخالفین شیعہ کے عقیدہ پر آئی ہے اور اخبار کا علم رکھنے والوں کو معلوم ہے کہ ہمارے اماموں کے دین میں متعہ مباح ہے۔

سنی ملاں کی عاجزی اور بے بسی ملاحظہ ہو

ارباب انصاف سنی ملاں ہمارے مقابلہ میں کچھ اس طرح اپنا ذہنی توازن خراب کر بیٹھا ہے کہ جس حدیث کو شیعہ عالم غلط ثابت کرنے کے لئے اور اس کا جواب دینے کے لئے لکھ رہا ہے اسی روایت کو اور اسی کھوٹے سکے کو بچارا سنی عالم ہمارے خلاف پیش کر کے اپنی کم علمی کا بھانڈا پھوڑ رہا ہے اور ہم اس قماش کے ملاں کو اس الفاظ میں داد دیتے ہیں کہ اذا كان الغراب دليل قوم کہ جب کسی قوم کا راہنما کوا ہو گا تو وہ قوم تباہ ہو گی۔ مذکورہ روایت آیت متعہ قرآن پاک کے خلاف ہے لہذا مردود ہے۔

جواب ۳: اس روایت کے بعض راوی ضعیف ہیں لہذا یہ معتبر نہیں ہے

اس روایت کا ایک راوی محمد بن احمد بن یحیٰی ہے کہ جس کے بارے علامہ نے خلاصہ میں لکھا کہ یہ صاحب ضعفاء سے روایت کرتا تھا اور اس کا ایک راوی حسین بن علوان ہے جس کے بارے رجال کبیر میں اور رجال نجاشی میں لکھا ہے کہ عامی کوفی کہ یہ سنی ہے لہذا ہم پر یہ روایت حجت نہیں ہے نیز یہ روایت قرآن کی آیت متعہ کے خلاف ہے اور حضرت علیؑ کے عمل کے خلاف ہے نیز ہمارے تمام فرامین آئمہ کے خلاف ہے اس لئے اس کو مورد تقیہ پر حمل کیا جاتا ہے۔

تقیہ سنی مذہب کی جان ہے اور تا قیامت جائز ہے

کتاب اہلسنت صحیح بخاری صفحہ ۱۰۲۹ جز ۹ کتاب الاکراہ میں لکھا ہے قال الحسن التقية الى يوم القيامة حسن بصری کہتا ہے کہ تقیہ قیامت تک جائز ہے اور قرآن پاک میں اس آیت کی تفسیر میں الا ان تتقوا منهم تقاة قاری یعقوب نے تقاة کو تقیہ بھی پڑھا ہے۔ امام رازی نے اسی آیت کی تفسیر میں لکھا ہے التقیہ جائزۃ لصون النفس کہ جان بچانے کے لئے تقیہ جائز ہے اور اسی آیت کی تفسیر میں ولبثت فينا من عمرك قاضی بیضاوی لکھتا ہے کہ موسیٰ کان یداریھم بالتقیہ جناب موسیٰ نے بھی تقیہ سے گزارا کیا ہے اور اسی رسالہ میں حوالہ موجود ہے کہ سنی کتب گواہ ہیں کہ مقام تقیہ میں انبیاء کے لئے کفر بھی جائز ہے لہذا سنی ملاں کو لفظ تقیہ سن کر دل کا دورہ کیوں پڑتا ہے۔

جواب ۴ اہلسنت اور شیعہ کا اتفاق کہ امام علیؑ کے نزدیک متعہ حلال ہے

اہل تشیع کی کتاب تہذیب الاحکام صفحہ ۱۸۶ جلد ۲ مسائل متعہ
اہلسنت کی کتاب تفسیر در منثور صفحہ ۱۴۰ جلد ۲ آیت متعہ
در منثور کی } قال علی علیہ السلام لولا ان عمر نهی عن المتعہ
عبارت } ما زنی الا شقی

ترجمہ۔ مولا علیؑ فرماتے ہیں کہ اگر عمر صاحب نے متعہ والے نکاح سے منع نہ کیا ہوتا تو بغیر کسی شقی اور بدبخت کے کوئی بھی زنا نہ کرتا۔
نوٹ۔ حضرت علیؑ نے تو متعہ کے منع کرنے کی بابت جناب عمر کی مذمت فرمائی ہے اور قیامت تک ہونے والے زنا کی ذمہ داری جناب فاروق کے کھاتہ میں ڈالی ہے لہذا جناب امیر کی طرف حرمت متعہ کی روایت کو منسوب کرنا صاف جھوٹ ہے۔

جواب ۵ حضرت علی کا جناب عمر کی بہن سے خود متعہ کرنا!

کتاب اہل تشیع شرح لمعہ صفحہ ۸۹ جلد ۲ کتاب النکاح فصل ۴
جناب قدیم کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ ایک رات حضرت عمر نے حضرت علیؑ کو اپنے گھر سلا لیا اور صبح حضرت علیؑ سے کہا کہ آپ تو فرماتے تھے کہ آدمی کو شہر میں بغیر عورت کے رات اکیلے نہیں گزارنی چاہیے پس آج رات تو آپ اکیلے سوئے ہیں جناب امیر نے فرمایا کہ تو اپنی بہن سے پوچھ آج رات میں نے اس سے متعہ کیا ہے جناب عمر نے اس بات کو دل میں رکھ لیا اور جب موقع ملا تو

متعہ کو حرام کر دیا
نوٹ:۔ ارباب انصاف۔ متعہ تو حضرت علیؑ نے جناب عمر کی بہن سے خود فرمایا ہے لہذا تحریم متعہ کی روایات کا جناب امیر کی طرف نسبت دینا سفید جھوٹ ہے۔

حضرت عمر کی بہن عفرا کا متعہ کرنا اور بچہ جننا عمر کا منع کرنا

کتاب شرح لمعہ صفحہ ۸۷ جلد ۲ فصل ۴
میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ جناب عمر اپنی بہن عفراء کے گھر آئے اور ایک دودھ پینے والا بچہ دیکھا۔ غضبناک ہو کر سوال کیا کہ بغیر شوہر کے تو نے یہ بچہ کیسے جنا ہے اس نے کہا متعہ سے۔ عمر نے تب متعہ حرام کر دیا۔
نوٹ ارباب انصاف۔ حضرت ابو بکر کی بیٹی اسماء نے متعہ کیا ہے اور جناب عمر کی بہن عفراء نے متعہ کیا ہے۔ اور بندہ پر دریا صادقہ میں انکشاف ہوا ہے کہ حضرت عثمان کی بیٹی عائشہ نے بھی متعہ فرمایا ہے۔
الحاصل۔ تحریم متعہ کی نسبت حضرت علیؑ کی طرف کتب شیعہ کے وسیلہ سے دینا اتنا کمزور ہے کہ صاحب تحفہ کو بھی یہ جرأت نہیں ہوتی ہے کیونکہ ان کو معلوم تھا کہ یہ گھٹیا پن ہے اور علم مناظرہ کا جنازہ نکالنا ہے بیچارے صاحب تحفہ نے تحریم متعہ کی نسبت حضرت علیؑ کی طرف اپنی کتابوں کی روایات سے دی ہے۔

جناب تحفہ نے اپنی کتابوں سے مذکورہ تحریم متعہ والی روایت کو شیعوں کے خلاف پیش کر کے سنی مناظرین کی ناک کاٹی ہے بغیر چھری کے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۳۰۲ مطاعن عمر طعن ۱۱ میں لکھا ہے کہ نبی کریم ص کا متعہ کو حرام کرنا اور علی مرتضیٰ کا اس کو روایت کرنا اتنا مشہور اور متواتر ہے کہ امام حسن اور محمد حنفیہ کی تمام اولاد نے اس کو روایت کیا ہے اور موطا مالک اور صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں وہ روایات متعدد طرق سے ثابت ہیں۔

نوٹ :- مولوی محمد علی جانباز نے اپنے رسالہ حرمت متعہ صفحہ ۱۹ میں اور مولوی فیض احمد اویسی نے اپنے رسالہ متعہ یا زنا صفحہ ۱۳۰ میں مکھی پر مکھی ماری ہے اور اب ہم ان تینوں کی تحقیق کا اس طرح بخیہ ادھیڑتے ہیں کہ نواصب کے جگر پھٹ جائیں گے اور عظمت تثلیث کے پرخچے اڑ جائیں گے۔

جواب ۱ اپنے مذہب کی کتاب سے مخالف کو الزام نہیں دیا جاتا

از باب انصاف۔ صاحب تحفہ نے اپنی بخاری وغیرہ سے تحریم متعہ کی روایت جو حضرت علیؑ سے مروی ہے شیعوں کے خلاف پیش کر کے قواعد مناظرہ کے خلاف کھلی ہوئی بغاوت کی ہے اگر شیعوں نے سنی کتب کو ہی تسلیم کرنا ہے تو پھر جھگڑا کیا ہے صاحب تحفہ کی مذکورہ حرکت اس کی بیچارگی و بے بسی کا روشن ثبوت ہے۔

جواب ۲ مذکورہ حدیث کو متواتر کہنا صاحب تحفہ کا صاف جھوٹ ہے

صاحب کا یہ کہنا کہ مسلم اور بخاری میں حدیث حرمت متعہ جناب امیر سے متواتر ہے یہ دعویٰ سفید جھوٹ ہے۔ کیونکہ مذکورہ حدیث صرف زہری سے مروی ہے اور خبر واحد ہے اور ایسی خبر کو متواتر کہنا بالکل جھوٹ ہے۔

جواب ۳ مذکورہ حدیث کو تمام اولاد امام حسن کی طرف نسبت دینا بھی دعویٰ بلا دلیل و صاف جھوٹ ہے اگر کسی سنی میں جرأت ہے تو دلیل پیش کرے

مذکورہ حدیث کو تمام اولادِ محمد حنفیہ کی طرف نسبت دینا بھی جھوٹ ہے۔

کتاب عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب میں لکھا ہے کہ جناب محمد حنفیہ کے ۱۴ بیٹے تھے اور مذکورہ حدیث صرف دو سے مروی ہے اور دو کے فعل کو باقی بارہ کی طرف نسبت دینا بالکل جھوٹ ہے اور صاحب تحفہ کی مکاری و عیاری ہے۔

جواب ۴ زہری دشمن علی ہے اس کی روایت سے شیعوں کو الزام نہیں دیا جا سکتا

اس تحریم متعہ والی روایت کا راوی زہری ابن شہاب ہے۔ اور نہج البلاغہ جلد ۱ صفحہ ۳۹۴ میں ابن ابی الحدید نے لکھا ہے کان زہری من المنحرفین عن علی بن ابی طالب کہ زہری ابن شہاب ان لوگوں سے ہے جن کے دل جناب امیر کی دشمنی سے بھرے ہوئے

ہیں اور خود صاحب تحفہ نے تحفہ صہ ۹۵ کید ۲۷ باب ۲ میں لکھا ہے کہ خود اہلسنت تعبض اہلبیت و امیرالمومنین از قوادح صحت روایت میں زہری کی روایت کو شیعوں کے خلاف پیش کرنا مخالف کی نادانی ہے۔

جواب ۵: اس روایت کے دو راوی حسن اور عبداللہ پسران محمد حنفیہ ہیں اور ان کے بارے کتاب اہلسنت تہذیب التہذیب صہ حرف العین میں ابن حجر عسقلانی نے لکھا ہے کہ دونوں ضعیف ہیں کیونکہ ان میں ایک مرجی اور ایک شیعہ ہے۔

جواب ۶: بخاری اور مسلم کو اس حدیث بابت خود سنی علماء نے جھٹلایا ہے اور اقرار کیا ہے کہ متعہ کا روز خیبر منع ہونا غلط اور جھوٹ ہے!

اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری صہ ۳۱۱ جلد ۸

اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد صہ ۲۰۴ جلد ۲ غزوہ فتح

اہلسنت کی معتبر کتاب روض الانف صہ از سہیلی

اہلسنت کی معتبر کتاب ارشاد الساری صہ خیبر

اہلسنت کی معتبر کتاب قرۃ العینین صہ

اہلسنت کی معتبر کتاب سیف المسلول صہ از ثناء اللہ

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری صہ ۱۶۸ جلد ۹

اہلسنت کی معتبر کتاب

اہلسنت کی معتبر کتاب

عمدۃ القاری کی عبارت } قال ابن عبد البر ذکر النھی عن المتعۃ یوم خیبر غلط۔

علامہ ابن عبد البر فرماتے ہیں کہ خیبر کے دن متعہ سے منع غلط ہے۔

زاد المعاد کی عبارت } والصحیح ان المتعۃ انما حرمت عام الفتح فتح مکہ کے وقت تحریم متعہ والا قول صحیح ہے

ارشاد الساری کی عبارت } قال السہیلی النھی عن نکاح المتعۃ یوم خیبر شئی لا یعرفہ اھل السیر و لا رواۃ اھل الاثر

ترجمہ: قسطلانی نے لکھا ہے کہ علامہ سہیلی فرماتے ہیں کہ خیبر کے دن متعہ کا منع ہونا وہ شئی ہے جس کو راویان اخبار نے ذکر نہیں کیا۔

محمد علی جانباز کو دیانت اور انصاف کی دعوت فکر

علماء شیعہ اور سنی مل کر روز خیبر متعہ کے حرام ہونے کا انکار فرما رہے ہیں اور سنی علماء بغیر کسی مجبوری کے مسئلہ متعہ میں امام بخاری اور امام مسلم کو جھٹلا رہے ہیں اور جناب نے بغیر کسی تحقیق کے مکھی پر مکھی ماری ہے اور صاحب تحفہ نے صہ ۳۰۲ میں یہ صاف لکھا ہے کہ حرمت متعہ کی تاریخ غزوہ خیبر کو قرار دینے والا حضرت علیؑ کے استدلال میں غلط دعویٰ کرتا ہے اور یہ دعویٰ اس کی جہالت اور حماقت کا گواہ ہے اور بخاری نے نہی عن المتعۃ زمن خیبر کے الفاظ لکھ کر اور زمن خیبر ہی کے لئے ظرف زمان ہے گویا امام بخاری حرمت متعہ روز خیبر کا قائل ہے اور صاحب تحفہ کی تحقیق مطابق (امام بخاری) احمق اور جاہل ہے۔ کیا بات ہے! کیا بات ہے! کیا بات ہے واللہ۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا آٹھواں گولہ کہ امام پاک نے ابن عمیر کے سوال کے بعد منہ پھیر لیا!

کتاب اہلسنت جواز متعہ ص۲۴۳ کتاب شیعہ تہذیب الاحکام کے حوالہ سے لکھا ہے کہ عبداللہ بن عمیر امام باقرؑ کی خدمت میں آیا اور متعہ کے بارے سوال کیا امام پاک نے فرمایا ھی حلال الی یوم القیامۃ کہ نکاح متعہ قیامت تک حلال ہے۔

...... ابن عمیر نے کہا ایسرک ان نساءک وبناتک یفعلن قال فاعرض عنہ حین ذکر نساءہ سائل نے کہا کہ کیا آپ کو یہ بات پسند ہے کہ آپ کی عورتیں اور لڑکیاں یہ فعل کریں امام نے یہ بات سن کر اس کی طرف سے منہ پھیر لیا انتھی

اس روایت کو لکھنے کے بعد مولوی محمد علی نے تبصرہ فرمایا ہے کہ اگر متعہ حلال تھا تو اپنی عورتوں کا سوال آجانے پر امام نے منہ کیوں پھیر لیا۔

محمد علی جانباز کو اپنی اس دلیل پر بہت ہی ناز ہے اور اب ہم بھی اس دلیل پر عقل کی روشنی میں تبصرہ کر کے ارباب انصاف کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ وہ اس ماں کے جانباز کی کتاب سے اس کی دلیل کو پڑھیں اور اندازہ لگائیں کہ خاندان نبوت کے خلاف یہ کس طرح تنقید کرتا ہے اور بغل میں چھری اور نام عزیدار اس والی کہاوت، اس مولانا پر فٹ آتی ہے، اور وہ سنی کھیاطن میں کس طرح نفاق اور بغض آل نبیؐ بھرا ہوا ہے۔

جواب ۱: اس روایت میں حرمت متعہ کا کوئی ثبوت نہیں ہے

ارباب انصاف: اس روایت میں ھی حلال الی یوم القیامۃ کے الفاظ موجود ہیں کہ قیامت تک متعہ حلال ہے لہذا اس کو حرمت کی دلیل سمجھنا غلط ہے رہا یہ سوال کہ امام نے ابن عمیر کے سوال کے بعد منہ کیوں پھیر لیا اس کی وضاحت پیش کر کے انصاف پسندوں کو ہم دعوت فکر دیتے ہیں۔

جواب ۲: امام نے ابن عمیر کی گستاخی کے باعث منہ پھیر لیا تھا

ارباب انصاف، ایک مثال ملاحظہ ہو اگر کسی سنی شیخ الحدیث کی اٹھارہ سال کی باکرہ جوان لڑکی ہو اور ایک بوڑھا غریب بیڑیں صاف کرنے والا مسلمان اس علامہ اہلسنت کے پاس آ کر مسئلہ پوچھے کہ کیا کسی غریب بوڑھے مسلمان کا اٹھارہ سال کی باکرہ نوجوان عورت سے نکاح ہو سکتا ہے اور وہ سنی علامہ فرمائے کہ ہاں نکاح صحیح ہے ہو سکتا ہے اور پھر وہ غریب بوڑھا فوراً کہہ دے کہ اچھا آپ اپنی جوان باکرہ لڑکی کا میرے ساتھ نکاح کر دیں تو کیا وہ علامہ اہلسنت کا فوراً چھوارے منگوا لے گا، اور نکاح کر کے دے گا یا اس بوڑھے جاہل کی بات سن کر منہ پھیرے گا اگر علامہ منہ پھیرے گا تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بوڑھے غریب کا کسی علامہ کی جوان لڑکی سے نکاح صحیح نہیں ہے عالمہ عورت اور جاہل بوڑھے کا نکاح صحیح ہے شریعت نے اجازت دی ہے،

جواب ۲ ہر وہ کام جس کی شریعت اجازت دے ہر آدمی کے لئے اس کا کرنا ضروری نہیں ہے ۔

ارباب انصاف ، اگر کسی سنی عالم کی ماں بیوہ اور بوڑھی ہو اور کوئی مسلمان نوجوان ۲۵ سال کا اس عالم سے مسئلہ پوچھے کہ کیا بوڑھی بیوہ سے نوجوان کا نکاح ہو سکتا ہے اور وہ عالم فرما دے کہ ہاں نکاح ہو سکتا ہے اور پھر وہ نوجوان عرض کرے کہ مولانا تم اپنی بیوہ ماں کا نکاح میرے ساتھ کر دو اور وہ مولانا منہ پھیر لے تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نکاح حرام ہے سنی مذہب میں حلالہ جائز ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ تمام علماء اہلسنت اپنی بیویوں اور لڑکیوں کے حلالے نکلوائیں سنی مذہب میں لڑکیوں کے ختنے جائز ہیں مگر جواز کا مطلب یہ نہیں ہے کہ تمام سنی علماء اپنی بیویوں اور لڑکیوں کے ختنے کروائیں ۔ طلاق جائز ہے مگر جواز کا مطلب یہ نہیں ہے کہ تمام سنی علماء اپنی ازواج کو طلاق دے دیں ۔ جواز کا مطلب یہ ہے کہ اگر ضرورت پڑ گئی ہے اور کسی نے حلالہ نکلوایا ہے یا ختنہ کروایا ہے یا طلاق دی ہے تو اس نے گناہ نہیں کیا ہے اسی طرح متعہ حلال اور جائز ہے اور جواز کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی نے متعہ وقت ضرورت کیا ہے تو اس نے زنا نہیں کیا بلکہ حلال کام کیا ہے ۔ ابن عمیر بد تمیز اور گستاخ انسان تھا اور وہ دریدہ دہنی پر اتر آیا تھا اس لئے امام ؑ نے اس گستاخ سے منہ پھیر لیا تھا ۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا نواں گولہ کہ متعہ بے حیا لوگوں کا کام ہے اس لئے اس بے حیائی سے بچنا ضروری ہے ؛

کتاب اہلسنت حرمت متعہ ص۲۴ ، از مولوی محمد علی جانباز میں لکھا ہے کہ کتاب شیعہ فروع کافی کتاب النکاح میں لکھا ہے کہ امام ؑ نے متعہ کے بارے فرمایا دعوھا اما یستحی احدکم ان یری فی موضع العورۃ فیحمل علی صالح اخوانہ و اصحابہ متعہ چھوڑ دو کیا تمہیں شرم نہیں آتی کہ کوئی شخص عورت کی شرمگاہ کی طرف دیکھے اور اس کا ذکر اپنے ساتھیوں سے کرے اس روایت میں نہ صرف متعہ حرام کیا گیا ہے بلکہ متعہ کا نقشہ کھینچا گیا ہے اور اس سے ثابت ہوا کہ متعہ بے حیاؤں کا فعل ہے

جواب ۱ جس چیز کی خدا اور رسول ؐ نے اجازت دی ہو اس کو کسی ملاں کا بے حیائی کہنا یہ خدا اور رسول ؐ کی توہین ہے

ارباب انصاف ، اسی رسالہ میں حقوق کے حساب سے حوالہ جات موجود ہیں کہ صدر اسلام میں خدا اور رسول ؐ نے متعہ کی اجازت دی تھی اور یہ ملاں متعہ کو بے حیائی کہتا ہے معلوم ہوا کہ اس ملاں کی نگاہ میں خدا اور رسول ؐ نے بے حیائی اور بے غیرتی کی اجازت دی تھی شیعوں سے بغض کی وجہ سے یہ ملاں خدا اور رسول ؐ اللہ کی توہین کرتا ہے ۔

متعہ کو بے حیائی کہنے والے اپنے مذہب کے ان بے شرموں کی فہرست ملاحظہ کریں جو متعہ کو حلال جانتے تھے

۱۔ علامہ قرطبی عثمانی نے اپنی تفسیر جلد ۵ صفحہ ۱۳۰ میں متعہ کو حلال لکھا ہے۔
۲۔ علامہ ابن کثیر شامی نے اپنی تفسیر جلد ۱ صفحہ ۴۷۴ میں متعہ کو حلال لکھا ہے
۳۔ علامہ ابن عمر بیضاوی نے اپنی تفسیر میں جلد ۱ صفحہ ۷۹ میں متعہ کو حلال لکھا ہے
۴۔ علامہ فخر رازی نے اپنی تفسیر جلد ۳ صفحہ ۱۹۵ میں متعہ کو حلال لکھا ہے۔
۵۔ علامہ خازن نے اپنی تفسیر جلد ۱ صفحہ ۳۲۳ میں متعہ کو حلال لکھا ہے۔
۶۔ محدث بخاری نے اپنی صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۷۶ میں متعہ کو حلال لکھا ہے
۷۔ محدث مسلم نے اپنی صحیح مسلم جلد ۱ صفحہ ۵۳۵ میں متعہ کو حلال لکھا ہے۔
۸۔ ابن حجر شارح بخاری نے اپنی فتح الباری جلد ۹ صفحہ ۱۷۴ میں متعہ کو حلال لکھا ہے۔
۹۔ اور قاضی بدر نے اپنی شرح بخاری عمدۃ القاری جلد ۲ صفحہ ۲۱۰ میں متعہ کو حلال لکھا

اور کتب اہلسنت گواہ ہیں کہ درج ذیل صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین بنت ابی بکر کی طرح متعہ کو حلال جانتے تھے۔

۱۔ عمران بن حصین ۲۔ جابر انصاری ۳۔ عبداللہ بن مسعود۔
۴۔ عبداللہ بن عباس ۵۔ ابو سعید خدری ۶۔ معاویہ بن ابو سفیان
۷۔ زبیر بن عوام ۸۔ اسماء بنت ابوبکر ۹۔ سعید بن جبیر ۱۰۔ مجاہد۔
۱۱۔ عطا بن رباح ۱۲۔ طاؤس ۱۳۔ ابن جریح۔ اگر متعہ کرنا یا اس کو جائز کہنا بے حیائی بے غیرتی اور بے شرمی ہے تو ان مذکورہ بزرگان دین کے بارے فیصلہ کرنا سنی بھائیوں کے اپنے ہاتھوں میں ہے

جواب ۲ بقول سنی علماء روایت وہ معتبر ہے جس کی محدث گواہی دے

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۶۶ باب ۹ مطاعن ابوبکر طعن نمبر ۳ میں لکھا ہے کہ حدیث وہ معتبر ہے جس پر محدثین کی طرف سے صحیح ہونے کا حکم لگایا گیا ہو۔

ارباب انصاف جس حدیث کو متعہ کی حرمت میں پیش کیا گیا ہے اس کے بارے شیعوں کی کتاب شرح کافی مرآۃ العقول جلد ۳ صفحہ ۴۸۲ میں لکھا ہے الرابع ضعیف کہ یہ نمبر ۴ حدیث ضعیف ہے۔ نیز یہ حدیث ضعیف روایات صحیحہ جو جواز متعہ پر دلالت کرتی ہیں ان کی مخالف اور متعارض ہے نیز یہ حدیث ضعیف قرآن پاک کی مخالف ہے۔ قرآن پاک میں جس چیز کو اللہ حلال فرما دے اس کو حدیث کس طرح حرام کر سکتی ہے اور محمد علی جانباز نے اس روایت کا ترجمہ غلط کر کے خیانت علمی کا ارتکاب کیا ہے موضع العورۃ کا ترجمہ۔ شرمگاہ کرنا خیانت علمی ہے۔ اس حدیث میں دعوھا صیغہ اسم فعل ہے اور معنی اس کا امر ہے۔ اور یہ ارشاد کے لئے ہے اور اس حدیث سے مراد یہ ہے کہ تم کو ایسے مقام میں دیکھا جائے جہاں تمہارے بھائیوں کے لئے خطرات ہیں اس سے پرہیز کریں غرض یہ ہے کہ سنی احباب متعہ کے برخلاف ہیں لہذا اگر کوئی شیعہ متعہ کرتا ہے تو اس سے اس کو یا اس کے بھائیوں کو اہل سنت اذیت دیں گے پس اذیت سے بچنے کے لئے اگر متعہ نہ کیا جائے تو کیا حرج ہے۔

شیعوں کے خلاف سنیوں کی توپ کا دسواں گولہ کہ متعہ پر اصرار سے اور متعہ زیادہ کرنے سے منع ہے

اہلسنت کی کتاب حرمت متعہ ص۲۳۸ از محمد علی جانباز میں لکھا ہے کہ کتاب شیعہ فروع کافی کتاب النکاح میں حدیث ہے لاتلعبوا علی المتعہ انما علیکم اقامۃ السنۃ ترجمہ: متعہ پر اصرار مت کرو صرف سنت بجالاؤ۔ اور اس میں زیادہ مشغول مت ہو جاؤ۔ تاکہ تم اپنی عورتوں سے ہٹ جاؤ۔ اور وہ پھر متعہ کو جائز کرنے والوں کو لعنت کریں ملخص۔ روایت کو ترجمہ کے ساتھ لکھنے کے بعد موصوف نے اس طرح جس تحقیق میں گل ریزی فرمائی ہے ص۲۳۸ کہ جو لوگ متعہ کرتے ہیں وہ ملعون ہیں۔ لہذا شیعہ مذہب والے سب ملعون ہیں پھر علامہ جانباز نے آخر میں ص۲۳۹ میں چیلنج کیا ہے کہ ہمارا دعویٰ ہے کہ ان روایات کا قیامت تک کوئی شیعہ جواب نہیں دے سکتا۔

نوٹ: اب ہم اس اعتراض کی اس طرح دھجیاں بکھیرتے ہیں کہ عثمان میڈیکل کالج کے تمام سرجن اس کو ٹانکے لگانے سے عاجزی کا اعتراف کریں۔

جواب۱: اگر متعہ کرنے والے لعنتی ہیں تو اس لعنت کا طوق نبی پاک ص کے زمانہ میں سب سے پہلے ان لوگوں نے گلے میں ڈالا جن کے لئے صدر اسلام میں بقول سنی علماء کے متعہ حلال ہوا اور مباح ہوا اور وہ بڑے خوش قسمت تھے۔

اہلسنت کے وہ بزرگ جو متعہ کرنے میں سرفہرست ہیں ۱ جابر انصاری ۲ زبیر اور اسماء ۳ ابن جریج اور معاویہ

حوالہ جات اسی رسالہ میں موجود ہیں کہ صحیح مسلم کتاب النکاح میں جابر صحابی سے مروی ہے کہ ہم نے زمانہ ابوبکر اور زمانہ رسالت میں متعہ کیا ہے۔ سنن الکبریٰ میں امام نسائی نے لکھا ہے کہ اسماء بنت ابی بکر نے برملا اعلان فرمایا کہ زمانہ رسالت میں ہم نے خود متعہ کیا ہے اور معاویہ کا معاشر بی بی سے متعہ کرنا بھی ثابت ہے۔ اور امام اہلسنت ابن جریج کا متعہ کرنا ثابت ہے پس اگر متعہ کرنا لعنتی لوگوں کا کام ہے۔ تو مذکورہ لوگوں کا متعہ کرنا ہم نے ثابت کیا۔ اور لعنت کے پھول ان پر برسانے کے بارے میں صحیح فیصلہ کرنا اہلسنت لوگوں کا کام ہے۔ یہ کس طرح کا انصاف ہے کہ متعہ اگر اصحاب کریں تو وہ رضی اللہ عنہ ہیں اور اگر یہ متعہ کوئی دوسرا کرے تو وہ لعنتی ہے اور ایک چھت اور دو ہوائیں کس طرح ہو سکتی ہیں۔

جواب۲: کتاب اہلسنت حرمت متعہ ص۲۲ میں حسن سہروردی نے اس مذکورہ روایت کو لکھنے کے بعد یہ تسلیم کیا ہے۔ کہ اس روایت میں گو مخالفت کلی نہیں ہے۔ مگر متعہ کے اصرار سے منع ہے۔

ارباب انصاف! اس عبارت سے صاف معلوم ہوا کہ متعہ حلال ہے

البتہ اس کو زیادہ کرنے سے منع کیا گیا ہے اور اسی طرح
تو جب جماع مضر صحت ہو تو وہ اپنی بیوی سے بھی کرنا
منع ہے بلکہ جس نماز پڑھنے سے جان کو خطرہ ہے اس
نماز سے بھی منع ہے۔ خلاصہ متعہ حلال ہے البتہ اگر کوئی
شخص متعہ کے باعث اپنی بیوی کی حق تلفی کرتا ہے تو یہ درست
نہیں ہے۔ جس طرح اگر ایک شخص کی ایک زوجہ ہے اور وہ اس
کی حق تلفی کرتا ہے اور پھر دوسری زوجہ کرتا ہے اور اس زوجہ سے
جماع کرتا ہے۔ تو یہ جماع زنا نہیں ہے اور اس کا نکاح صحیح ہے
اسی طرح ایک بیوی کے ہوتے ہوئے متعہ کرنا یہ زنا نہیں ہے
اگر کسی کو کہا جائے کہ گوشت زیادہ نہ کھائیں آم زیادہ نہ
کھائیں چینی زیادہ استعمال نہ کریں تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ
یہ چیز ہر شخص کے لئے اور ہر حالت میں منع ہیں۔ لا تلحو صیغہ نہی
ہے اور ہمارے فاضل مخاطب اگر ہر نہی کو معنی حرمت پر حمل
کرنے کے عادی ہیں تو جناب ابوبکر کے لئے بھی لا تحزن
صیغہ نہی کا آیا ہے اس کو بھی حرمت پر حمل کریں۔

جواب ۱۲۔ فروع کافی کی شرح مراۃ العقول جلد ۴ ص ۸۴ میں اس حدیث
کی بابت لکھا ہے کہ الثالث ضعیف نمبر ۳ حدیث ضعیف ہے
ارباب انصاف، جس حدیث کے الفاظ کی دلالت حرمت
متعہ پر نہیں ہے اور جس حدیث کو محدث نے ضعیف لکھا ہے۔
اس کو حرمت متعہ کی دلیل بنانا فضلاء اہلسنت کی نادانی
ہے یا تجاہل عارفانہ ہے۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا گیارہواں گولہ کہ متعہ عقد فاسد ہے اور کئی برائیوں اور خرابیوں کی بنیاد ہے۔

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ ص ۲۵۵ باب ۹ مسائل متعہ میں لکھا ہے بلکہ اگر
عاقل اصل متعہ میں غور کرے تو اس کو معلوم ہو جائے کہ اس عقد
فاسد میں کس قدر مفسدے ہیں۔ جو سب کے سب شرع کے منافی
اور حکم الٰہی کے مخالف اور متضاد ہیں منجملہ ان کی اولاد ہر شہر اور
گاؤں میں منتشر ہوگی اور ان کی تربیت اور تدبیر کے لئے اس شخص
کا ان کے پاس جانا ممکن نہ ہوا۔ تو وہ اولاد زنا کی طرح بے تربیت
اٹھیں گے۔ اور اگر بالفرض وہ اولاد اناث کی قسم سے ہو تو
زیادہ تر رسوائی ہوگی۔ کیونکہ ان کا نکاح ان کے ہمسروں سے
کرنا ہرگز ممکن نہیں۔ اور منجملہ ان کی ایک خرابی یہ ہوگی کہ
متعہ یا نکاح سے باپ کی وطی کردہ عورت سے وطی کرنے کا
اتفاق ہوگا۔ بلکہ بیٹی اور نواسی۔ پوتی، بھتیجی، بہن اور بھانجی
وغیرہ محارم سے وطی کا موقع ملے گا۔ اور بعض صورتوں میں
خصوصاً جبکہ متعہ سفر میں واقع ہوا۔ اور سفر بھی دراز ہو۔ اور
ہر ایک منزل میں نئے متعہ کا اتفاق پڑے اور متعہ میں بچہ کا
نطفہ قائم ہو جائے اور بعض نطفوں سے لڑکیاں پیدا ہوں۔ اور
یہی شخص پندرہ سال کے بعد اس سفر مراجعت کرے یا اس کا بیٹا اور
اس کا بھائی ان منزلوں سے گزرے اور لڑکیوں سے متعہ کرے یا
نکاح کرے۔ لفظہ۔ ان خرافات کے اب جوابات آپ ملاحظہ فرمادیں

جواب ۱: صحیح بخاری اور مسلم گواہ ہیں کہ متعہ ابتدا اسلام میں حلال ہوا ہے اور تحفہ کے خرافات ان کے خلاف ہیں۔

ارباب انصاف۔ آپ کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر ہم دعوت فکر دیتے ہیں کہ جابر کی روایت مسلم میں اور عبداللہ بن مسعود کی روایت بخاری میں موجود ہے اور اسی رسالہ میں حوالے ان کے اور الفاظ موجود ہیں کہ متعہ صدر اسلام میں جائز ہوا ہے اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ بخاری اور مسلم کی گواہی مطابق رسول اللہ ص کے زمانہ میں متعہ حلال تھا اور صاحب تحفہ کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ متعہ وہ برائی ہے جس کو ایک لحظہ بھر کے لئے حلال نہ سمجھا جائے۔ اب یا تو صاحب تحفہ سچے ہیں اور امام بخاری اور مسلم و دیگر تمام علماء اہلسنت جو ابتداء اسلام میں متعہ کو حلال جانتے تھے یہ سب کذاب اور جھوٹے ہیں اور یا یہ علماء سچے ہیں اور صاحب تحفہ جھوٹا ہے۔ اس بارے صحیح فیصلہ کرنا خود اہلسنت دوستوں کے اپنے ہاتھوں میں صاحب تحفہ کا بالکل متعہ کی حلیت سے انکار کرنا یہ بہت بڑی ان کی دلیری بلکہ بے حیائی ہے کیونکہ امام بخاری اور امام مسلم تو حلیت متعہ کی چند دن کے لئے حدیثیں نقل کرتے ہیں۔ اور صاحب تحفہ ان کو جھٹلاتا ہے۔ یہ بے شرمی نہیں تو اور کیا ہے۔ افسوس ہے

جواب ۲: متعہ میں اختلاف صرف نسخ کا ہے اور صاحب تحفہ کا اس کو عقدِ فاسد کہنا اسلام کے تعلیمات کے خلاف ان کی بغاوت ہے

ارباب انصاف۔ ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے اور دیانت و انصاف کی رو سے ہم ہر مسلمان کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ اصل متعہ کے ثبوت میں امت کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے اس بات پر اجماع ہے کہ متعہ صدر اسلام میں اور نبی کریم ص کے زمانہ میں حلال اور مباح تھا۔ صاحب تحفہ کا اس کو ص ۲۵۶ میں ان الفاظ کے ساتھ۔ متعہ۔ دریں عقد فاسد چہ مفسد ہا است کہ متعہ عقد فاسد ہے اور اس میں بہت برائیاں ہیں۔ لکھنا ... خدا اور رسول ص پر تنقید ہے۔ قرآن پاک کے خلاف کھلی ہوئی بغاوت ہے۔ اور شریعت پاک کی توہین ہے۔ اور اس تحریر کے بعد صاحب تحفہ کا ایمان مشکوک ہے۔

جواب ۳: اہلسنت اور شیعوں میں صرف متعہ کے نسخ میں اختلاف ہے

اہلسنت فرماتے ہیں کہ متعہ صدر اسلام میں جائز تھا اور بعد میں حرام کر دیا گیا۔ اور منسوخ ہو گیا اور اہل تشیع فرماتے ہیں کہ متعہ حرام نہیں کیا گیا۔ جس طرح رسول اللہ ص کے زمانہ میں متعہ حلال تھا اور ابو بکر کی بیٹی اسماء اور دیگر صحابیات اور اصحاب متعہ کرتے رہے ہیں اسی طرح حلال محمد حلال الی یوم القیامہ۔ کہ یہ قیامت تک حلال ہے اور حرام نہیں ہوا۔

متعہ قیامت تک حلال ہے اور منسوخ نہیں ہوا

اس باب میں چند دلائل ذکر کر کے عالم اسلام کو ہم دعوت فکر دیتے ہیں!

نوٹ: عدم نسخ متعہ کی بحث اسی رسالہ میں صـ۔۔۔ پر کچھ مقدار ہو چکی ہے اور مزید تسلی و تشفی کے لئے یہاں بھی ہم کچھ بحث کرتے ہیں اور دوستوں کو مالک کے دودھ کا واسطہ دے کر دعوت فکر دیتے ہیں

دلیل اول: کتاب اہل تشیع نزہتہ اثنا عشریہ در جواب تحفہ اثنا عشریہ صـ۳۹ ج ۹ مسائل متعہ مؤلفہ مرزا محمد کامل شہید رابع ملاحظہ ہو۔ علامہ موصوف نے کتاب نزہتہ ۱۲ جلدوں میں تحفہ کے جواب میں لکھ کر سنیت کے تابوت میں آخری میخ ٹھوک دی ہے۔ علامہ موصوف فرماتے ہیں کہ متعہ منسوخ نہیں ہوا ہے کیونکہ اگر یہ منسوخ ہے تو اس کے ناسخ کا ثبوت تواتر سے معلوم ہو گا یا طریق احاد سے اگر ناسخ کا ثبوت تواتر سے ہوتا تو لازم آتا ہے کہ حضرت علیؑ اور آنجنابؑ کی اولاد اور صحابہ کرام سے عبداللہ بن عباس عمران بن حصین جابر بن عبداللہ اور سلمہ بن اکوع، مغیرہ بن شعبہ، معاویہ بن ابی سفیان، ابن جریح، سعید بن جبیر، مجاہد، عطا اور دوسرے صحابہ جو حضرت علیؑ کے اس مسئلہ میں پیروکار تھے لازم آتا کہ وہ ماثبت بالتواتر من دین محمد کے منکر ہوں اور اس انکار سے بزرگان کی اس جماعت کا کفر لازم آتا ہے اور قضیہ شرطیہ کی یہ تالی باطل ہے پس مقدم بھی یعنی متعہ کے ناسخ کا تواتر سے

ثابت ہونا باطل ہے اور اگر ناسخ کا ثبوت بطریق احاد معلوم ہے تو یہ بھی باطل ہے کیونکہ متعہ کا حلال ہونا اجماع تواتر اور یقین سے ثابت ہے لہٰذا اس کا ناسخ بھی یقین سے ثابت ہو۔ اگر ناسخ کو ہم طریق احاد اور گمان سے ثابت کریں تو لازم آئے گا کہ ہم نے گمان کی وجہ سے یقین کو چھوڑا ہے اور یہ درست نہیں ہے۔

نوٹ: امام اہلسنت فخر رازی نے اس دلیل کو اپنی تفسیر کبیر صـ۱۹۵ ج ۳ آیت متعہ میں ذکر فرمایا ہے اور اس کے جواب دینے سے بعد میں آئیں بائیں شائیں کر کے اپنی عاجزی کا اظہار فرمایا ہے۔

دلیل دوم متعہ کے منسوخ نہ ہونے کی

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ج ۳ کتاب النکاح باب مایکرہ من الخصاء۔ قال عبداللہ کنا نغزو مع رسول اللہ ولیس لنا شئی فقلنا الا نستخصی فنہانا عن ذلک ثم رخص لنا ان ننکح المرأۃ بالثوب ثم قرأ علینا یا ایھا الذین امنوا لا تحرموا طیبات ما احل اللہ لکم ولا تعتدوا ان اللہ لا یحب المعتدین

ترجمہ: عبداللہ بن مسعود کہتا ہے کہ ہم رسول اللہ کے ہمراہ جہاد کرتے تھے اور ہمارے ساتھ عورتیں نہ تھیں پس ہم نے عرض کی کہ کیا ہم خصی نہ ہو جائیں پس حضرت نے ہم کو اس فعل سے نہی فرمائی پھر ہم کو متعہ کرنے کی اجازت عطا فرمائی پس ہم میں سے ایک شخص کپڑے کے عوض مدت مقررہ تک نکاح کرتا تھا پھر عبداللہ بن مسعود نے آیہ یا ایھا الذین

.... ننکم تلاوت کیا۔ یعنی اے ایمان والو! جو طیب اور پاکیزہ چیزیں اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے حلال کی ہیں ان کو حرام مت کرو۔ نوٹ:۔ عبداللہ بن مسعود کا نبی پاکؐ کی وفات کے بعد اس طرح متعہ کے حلال ہونے کو بیان کرنا، اس بات کا ثبوت ہے کہ متعہ منسوخ نہیں ہوا اگر متعہ منسوخ ہوتا تو ابن مسعود اس کو بیان کرتا۔ ناسخ کا ہونا اور صحابی کا اس کو بیان نہ کرنا یہ صحابی کی دیانت کے خلاف ہے اور صاحب تحفہ نے اس متعہ کو جس کے منسوخ ہونے میں صرف اختلاف ہے اس کو عقد فاسد اور بالکل حرام لکھ کر خدا اور رسولؐ کے فرمان کی توہین کی ہے۔

دلیل سوم متعہ کے منسوخ نہ ہونے کی یہ ہے کہ وفات رسولؐ اللہ کے بعد اصحاب کی ایک جماعت متعہ کو حلال جانتی تھی،

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ص۱۴۳ ج۹ النکاح میں لکھا ہے کہ بقول ابن حزم وفات رسولؐ اللہ کے بعد صحابہ کی یہ جماعت متعہ کو حلال جانتی تھی۔ عبداللہ بن مسعود۔ معاویہ۔ ابوسعید۔ ابن عباس سلمہ۔ معبد، عمرو بن حریث اور جابر بن عبداللہ اور فیل الاوطار میں جناب اسماء بنت ابی بکر کا نام بھی مجوزین متعہ میں شامل ہے اور ابن عباس کے بارے فتح الباری ص۱۴۳ ج۹۔ النکاح میں لکھا ہے کہ اس نے زندگی بھر جواز متعہ سے رجوع نہیں کیا ہے۔

بقول اہلسنت اصحاب مثل ستاروں کے ہیں اور جس کی پیروی کر لیں ہدایت ہے، اور اختلاف اُمت رحمۃ ہے

ارباب انصاف۔ رسولؐ اللہ کی رحلت کے بعد صحابہ کرام کا متعہ کو حلال جاننا اور ابن عباس جیسے جلیل القدر کا اس جواز سے زندگی بھر رجوع نہ کرنا اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ متعہ حلال ہے منسوخ نہیں ہوا۔ اگر منسوخ ہوتا تو یہ صحابہ اس کو نسخ کے بعد حلال نہ جانتے خصوصاً ابن عباس جن کے ابن زبیر سے حلیت کے بارے مناظرے ہوئے اور جب اختلاف امت رحمۃ ہے تو سنی علماء اختلاف در مسئلہ متعہ کو بھی رحمت تصور کر لیں، خلاصۃ الکلام صاحب تحفہ کا حلیت سے بالکل انکار کرنا اور اس کو عقد فاسد کہنا بہت بڑی ہٹ دھرمی اور بے انصافی ہے نیز اسی رسالہ میں حوالہ جات صہ پہ موجود ہیں کہ فقہاء مکہ اور اصحاب ابن عباس و اہل یمن سب متعہ کو حلال جانتے تھے اور اہلسنت کے امام مالک متعہ کو حلال مانتے تھے اور اہلسنت کے امام ابن جریح نے ۷۰ عورتوں سے خود متعہ کیا ہے اور یہ موثق راویوں سے ہیں۔ پس یہ سب باتیں اس امر کا ٹھوس ثبوت ہیں کہ متعہ منسوخ نہیں ہے ورنہ لازم آئے گا کہ ابن جریح جیسوں کے امام نے ۷۰ عورتوں سے زنا کیا ہے - اور اس قماش کا زانی معتبر راوی کس طرح ہو سکتا ہے۔

حرمت متعہ ثابت کرنے کیلئے صاحب تحفہ کی من گھڑت خرابیاں طلاق کو حرام کرنے کیلئے بھی جاری ہو سکتی ہیں۔

ارباب انصاف۔ صاحب تحفہ نے حکم اسلام کے خلاف بغاوت کا علم اٹھایا ہے اور پھر اس بغاوت پر پردہ ڈالنے کے لئے ان خرافات کو سہارا بنایا ہے کہ جن کو ہندو کفار طلاق کی مذمت میں پیش کرتے ہیں اگر شاہ صاحب کے خرافات سے حرمت متعہ ثابت ہوتی ہے تو انہی خرافات سے حرمت طلاق بھی ثابت ہوتی ہے۔ صاحب تحفہ کے تمام خرافات کے محل کا سہارا ہے، عورت اور مرد کی جدائی پر ہے کیونکہ نکاح متعہ میں عورت مدت متعہ گذارنے کے بعد عورت مرد سے جدا ہو جاتی ہے اور جس طرح صاحب تحفہ نے شیخ چلی کی طرح فرضیات کی گردان بنائی ہے، اسی طرح کہا جا سکتا ہے کہ ایک آدمی سفر پر گیا ہے اور بیوی ساتھ نہیں ہے اور اس پر شہوت کا غلبہ ہوا ہے، تو اس پر نکاح واجب یا سنت ہو گیا اس نے ایک عورت سے نکاح کیا اور چند راتیں وہ اس منکوحہ کے ہمراہ گذار کر پھر اس کو طلاق دے کر چلا گیا، اسی طرح اس نے سال میں بارہ عورتوں سے نکاح کیا اور ان کو طلاق دی لیں طلاق دینا عورت کو حرام ہے کیونکہ اگر طلاق جائز ہو تو لازم آتا ہے، کہ ان خواتین کی اولاد۔ مثل اولاد زنا

بے تربیت رہے گی اور نیز اس طلاق سے میراث تقسیم کرنے میں مشکلات پیدا ہوں گی۔ اور نیز ان خواتین کی طلاق سے یہ خرابی بھی پیدا ہو گی کہ اگر یہ شخص ۱۵-۱۷ سال کے بعد اگر اسی راہ سے دوبارہ گذرے اور اس کو نکاح کی حاجت ہو تو عین ممکن ہے کہ وہ اپنی ہی لڑکی سے نکاح کر بیٹھے۔ یا اس کا بیٹا یا بھائی وہ اپنی بہن یا بھتیجی سے نکاح کریں اور یہ تمام مصیبت طلاق کے جائز ہونے سے آئی ہے پس! جس طرح مذکورہ برائیوں کے باعث بقول صاحب تحفہ متعہ حرام ہے۔ اسی طرح ان برائیوں کے باعث طلاق کو بھی حرام ہونا چاہیئے، اور بقول صاحب تحفہ حرمت متعہ کے لئے رسالہ فوائد القلوب، ایک محقق سنی کی تصنیف کو ملاحظہ کیا جائے، اسی طرح تفصیل مذمت طلاق کے لئے ایک رسالہ "ہندو شاعب" کی تصنیف سے ملاحظہ کیا جائے، اور صاحب تحفہ کی روحانی اولاد جو صفائی طلاق کے حلال ہونے کی دیں گے ہماری طرف سے حلیت متعہ کے لئے وہ اسی صفائی کو کافی سمجھیں۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا بارہواں گولہ کہ آیت فما استمتعتم کا متعہ کے بارے نازل ہونا جھوٹ ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص۲۵ ب ۹
مسائل متعہ میں مناظر اہلسنت فرماتے ہیں کہ آیت مذکورہ کا متعہ کے بارے نازل ہونا غلط ہے اور اس بابت عبداللہ بن مسعود اور دیگر صحابہ سے روایت کرنا صاف جھوٹ اگرچہ تفاسیر غیر معتبر اہلسنت میں موجود ہیں۔

جواب صاحب تحفہ نے خود جھوٹ بولا ہے اور قرآن پاک میں آیت متعہ کے بارے صحابہ کی گواہی ملاحظہ ہو

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ج۵ ص۱۲ آیت متعہ۔
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر لفخر رازی ص۱۹۵ ج۳ ب۔
اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص۲۴ ج۲ تفسیر سورہ بقرہ۔
غرائب القرآن کی عبارت: نزلت اية المتعة فی کتاب ولم ینزل بعدها آیة تنسخها وامرنا بها رسول اللہ وتمتعنا معه ومات ولم ینهنا عنها ثم قال رجل برأیه ما شاء یرید ان عمر نهی عنها
ترجمہ: عمران بن حصین صحابی کہتا ہے کہ آیت متعہ قرآن میں نازل ہوئی ہے اور بعد میں کوئی ایسی آیت نہیں اتری جو آیت متعہ کو منسوخ کرے اور نبی پاک نے اس آیت متعہ پر عمل کرنے کے لئے

ہمیں حکم دیا اور ہم نے ان کے اس حکم کے ساتھ متعہ کیا ہے اور نبی کریمؐ نے متعہ سے منع نہیں کیا حتی کہ آنجناب کی وفات ہوگئی اور پھر عمر نے اپنی رائے سے فرمایا جو کچھ فرمایا۔
تفسیر کبیر کی عبارت: هذا هو الحجة التی احتج بها عمران بن حصین حیث قال ان اللہ انزل فی المتعة آیة ما نسخها بآیة اخری۔
امام رازی فرماتے ہیں کہ عدم منسوخیت متعہ کی وہ دلیل ہے جس کے ساتھ دلیل لایا ہے۔ عمران بن حصین اس نے فرمایا ہے کہ اللہ نے متعہ میں آیت نازل فرمائی ہے اور پھر کوئی ایسی آیت نازل نہیں فرمائی ہے کہ جس کے ساتھ آیت متعہ کو منسوخ فرمایا ہو۔
صحیح بخاری کی عبارت: عن عمران بن حصین قال انزلت آیة المتعة فی کتاب اللہ ففعلنا ها مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم ینزل قرآن یحرمه ولم ینه عنها حتی مات قال رجل برأیه ما شاء
ترجمہ: عمران صحابی کہتا ہے کہ آیت متعہ قرآن میں نازل کی گئی ہے اور ہم نے نبی کریمؐ کی اجازت کے ساتھ متعہ کیا ہے اور قرآن میں متعہ کو حرام کرنے والی آیت نہیں آئی حتی کہ نبی کریمؐ نے وفات پائی۔
نوٹ: ارباب انصاف مذکورہ تین کتابیں اہلسنت کی معتبر کتابیں ہیں اور عمران بن حصین شیعہ نہیں ہے صحابی ہے اور مثل ستاروں کے ہادی ہے اور گواہی دی ہے کہ آیت متعہ قرآن میں آئی ہے اور اس کی ناسخ آیت نہیں آئی ہے اور یہ امور دال کر صاحب تحفہ کے جھوٹے ہونے کا دوسرا ثبوت ہیں۔

قاضی بدر کا اعلان کہ حرمت متعہ کی قرآن میں کوئی آیت نہیں ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری ص۳۱۱ ج۸ باب غزوہ خیبر
فاکثرھا اصحاب مالک قالوا لا یحد لشبھۃ العقد وللخلاف
المتقدم فیہ وانہ لیس من تحریم القرآن

ترجمہ: اگر کوئی متعہ کرے تو کیا اس کو سزا دی جائے گی، امام مالک کے
زیادہ اصحاب فرماتے ہیں کہ اس کو سزا نہ دی جائے گی کیونکہ
اس پر عقد کا شبہ ہے اور نیز جواز متعہ میں اختلاف ہے اور
خلا۳ عمدۃ القاری رکئی علماء نے متعہ کے جواز پر اجماع کا دعویٰ
کیا ہے اور متعہ کا حرام ہونا قرآن سے ثابت نہیں ہے۔

نوٹ: معلوم ہوا کہ حلیت متعہ آیت قرآن سے منسوخ نہیں ہے۔

ابن قیم کا اعلان کہ حرمت متعہ حدیث سے بھی ثابت نہیں ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ص۲۰۶ ج۲ ذکر فتح مکہ۔

عربی عبارت اسی رسالہ کے ص۔ میں گذری ہے کہ اہلسنت کا ایک گروہ
یہ کہتا ہے کہ متعہ عمر نے منع کیا ہے اور حرمت متعہ والی احادیث صحیح نہیں ہیں
اور اگر وہ نسخ متعہ اور حرمت متعہ والی احادیث صحیح ہوتی تو امام بخاری
اپنی صحیح میں ان کو لکھتا اور وہ ابن مسعود پر پوشیدہ نہ ہوتیں اور متعہ
زمانہ ابوبکر میں نہ کیا جاتا اور عمر حرمت کی اپنی طرف نسبت نہ دیتا۔

نوٹ: حلیت متعہ قرآن سے ثابت ہے اس پر اجماع ہے اور حرمت متعہ نہ قرآن
سے اور نہ ہی حدیث سے ثابت ہے اور صاحب تحفہ کی تکذیب کے
لئے اتنا ہی کافی ہے۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا تیرہواں گولہ کہ آیت مذکورہ کو متعہ پر حمل کرنا نظم قرآن کے خلاف ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص۲۵۸ باب۹ مسائل متعہ
آیت فما استمتعتم کو حلیت متعہ پر حمل کرنا خلاف نظم قرآنی ہے،
اور جو تفسیر اس طرح ہو گو اس کی روایت صحابی کرے قبول نہیں ہے

جواب:

صاحب تحفہ جناب عمر کا فرمان جھٹلاتا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص۱۶۷ ج۳، آیت فما استمتعتم ان عمر قال
علی المنبر متعتان کانتا مشروعتین فی عھد رسول اللّٰہ وانا
انھیٰ عنھما متعۃ النکاح ومتعۃ الحج۔

ترجمہ: حضرت عمر نے کہا کہ منبر پر کہ نبی کریم ص کے زمانہ میں دو متعہ
حلال اور شرع میں جائز تھے ایک متعہ نکاح اور دوسرا متعہ
حج اور میں ان سے منع کرتا ہوں۔

نوٹ: ۱۷ عدد کتب اہلسنت سے حوالہ جات مذکور ہیں کہ متعہ حلال ہے
اور آیت مذکورہ سے مراد متعہ نکاح ہے اور صاحب تحفہ کو یہ ۱۷
سنی علماء اور حضرت عمر اور دیگر صحابہ جھٹلا رہے ہیں، نظم قرآن کو
صحابہ زیادہ جانتے تھے اور اگر صحابہ کی تفسیر کو نہ لیا جائے تو معلوم
ہوگا کہ صحابہ زیادہ جھوٹے تھے اور مثل ستاروں کے نہ تھے عمران
صحابی نظم قرآن کو جانتے ہوئے آیت کو متعہ پر حمل کرتا ہے۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا چوتھواں گولہ کہ آیت متعہ میں الی اجل مسمی قرآت شاذہ اور منسوخہ ہے،

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص ۲۵ باب ۹ سنی مناظر لکھتا ہے کہ آیت فما استمتعتم بہ منھن الی اجل مسمی میں لفظ الی اجل مسمی قرآت منسوخہ اور شاذہ ہے اور احکام میں قرآت منسوخہ معتبر نہیں ہے اور آیات قرآنی اس قرآت شاذہ کی مخالف ہیں۔

امام ابوحنیفہ امام اعظم کے نزدیک قرآت شاذہ احکام میں معتبر ہے اور صاحب تحفہ کو جھوٹا کرنے کیلئے اتنا ہی کافی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر اتقان ج ۱ ص ۱۰۳ نوع ۲۲ - ۲۷

اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری ص از تشئید المطاعن ص ۱۱۹۶

جواب تحفہ باب المطاعن باب ۱۰ از مفتی محمد قلی رح

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری کا ص منقول از نزہہ اثنا عشریہ در جواب تحفہ اثنا عشریہ ص ۳۸ ج ۹۷ از شہید رابع رح

اتقان کی عربی عبارت اسی رسالہ کے ص میں مذکور ہے اب دوبارہ عبارت کا صرف ترجمہ ملاحظہ قرآت شاذہ پر عمل کرنے میں اختلاف ہے قاضی ابو طیب اور دیگر علماء نے اس پر عمل کو جائز قرار دیا ہے۔ اور امام ابو حنیفہ کا بھی یہی مذہب ہے۔ انہوں نے کفارہ یمین کے روزوں میں وجوب تتابع کا فتویٰ دیا ہے۔ قرآت متتابعات کے باعث

فتح الباری اور عمدۃ القاری کی عربی اسی رسالہ کے ص میں مذکور ہے دوبارہ صرف ترجمہ ملاحظہ ہو۔

جو چیز خبر واحد سے نقل کی جائے اور اسی باب سے ہے قرآت شاذہ۔ جیسے کہ ابن مسعود کا مصحف ان میں اصحاب اصول کا اختلاف ہے کہ آیا یہ حجت ہیں یا نہیں امام اعظم فرماتے ہیں کہ حجت ہے اور اسی قرآت شاذہ کی حجیت پر بنا رکھتے ہوئے امام صاحب نے کفارہ یمین کے روزوں پر وجوب تتابع کا فتویٰ دیا ہے کیونکہ مصحف ابن مسعود میں ثلثۃ ایام متتابعات منقول ہے۔

امام ابوحنیفہ کے مقابلہ میں صاحب تحفہ کی ایک ٹکا بھی حیثیت نہیں ہے

ارباب انصاف شیعان علی کی یہ فتح مبین ہے کہ صاحب تحفہ ہمارے مقابلہ میں کچھ اس طرح بدحواس ہوا ہے کہ بچارا اپنے امام اعظم کو جھٹلاتا ہے۔ امام صاحب فرماتے ہیں کہ قرآت شاذہ حجت ہے اور آیت متعہ میں الی اجل مسمی کے الفاظ ابن عباس کی روایت سے ثابت ہیں اور روایت مع ثبوت اسی رسالہ کے ص میں دیکھی جائے اور جب یہ الفاظ صحیح روایت سے مروی ہیں اور اگر یہ الفاظ قرآت شاذہ ہیں تو یہ قرآت امام اعظم کے نزدیک اثبات احکام میں معتبر ہے کیونکہ امام نے خود اس شاذہ قرآت سے حکم ثابت کیا ہے۔ پس صحیح روایت کو جھٹلانا اور قرآن پاک کی مخالفت کرتے ہوئے متعہ کو حرام قرار دینا یہ صاحب تحفہ کی ہٹ دھرمی اور بے انصافی ہے۔

اگر تسلی نہیں ہوئی تو اور سنیں ابی بن کعب بھی الی اجل مسمی
پڑھ کر منکرین متعہ کے دلوں پر چھری مارتا تھا۔
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص۴۹ ج۳ ش آیت ا

وروی ان ابی بن کعب کان یقرأ الی اجل مسمی وھذا ایضا ھو
قرأۃ ابن عباس والامۃ ما انکروا علیھما فی ھذہ القرأۃ فکان
ذالک اجماعا من الامۃ علی صحۃ ھذہ القرأۃ۔

روایت میں ہے کہ صحابی ابی بن کعب آیت متعہ الی اجل مسمی
پڑھتا تھا اور یہی قرأت ابن عباس کی بھی اور اس قرأت کے
بارے اصحاب نبیؐ نے ان پہ کوئی اعتراض نہیں فرمایا پس یہ
خاموشی اس قرأت کے صحیح ہونے پر امت مسلمہ کا اجماع ہے۔
نوٹ:۔ اس مذکورہ عبارت کے بعد فوراً ہی امام رازی یہ بھی لکھتے ہیں
کہ یہ دلیل اسی طرح ہے کہ جس طرح منکرین متعہ فرماتے ہیں کہ
جب عمر نے متعہ منع کیا تو اصحاب خاموش کیوں رہے اصحاب کی
خاموشی سے ثابت ہوا کہ متعہ منع ہے۔ پس مجوزین متعہ یہ کہتے
ہیں کہ اگر صحابہ کی خاموشی سے حرمت پر اجماع ثابت ہوتا تو
صحابہ کی خاموشی متعہ کے حلال ہوتے پر بھی اجماع ثابت ہوتا ہے
نوٹ:۔ ارباب انصاف آیت متعہ میں الی اجل مسمی کے الفاظ چونکہ
ثابت ہیں اس لئے یہ اسی طرح قرآن ہی ہیں جس طرح باقی قرأت
شاذہ کے الفاظ قرآن ہیں، اگر یہ قرآن نہ ہوتے تو امام اعظم ان
پر بنا رکھتے ہوئے حکم شرعی ثابت نہ کرتے اور صاحب تحفہ کا ان کے
قرآن ہونے سے انکار کرنا گویا اپنے امام کے فرمان سے انکار کرنا ہے۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا پندرہواں گولہ کہ الی اجل کا تعلق استمتاع سے ہے نہ کہ عقد سے ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص۲۵۷ باب ۹
مناظر اہلسنت فرماتے ہیں کہ آیت متعہ میں الی اجل مسمی استمتاع سے
متعلق ہے، عقد سے مربوط نہیں ہے اور معنی یہ ہے کہ آیت کا اگر تم
نے اپنی منکوحہ سے لذت حاصل کی ہے ایک مدت تک تو اس کو تمام
مہر ادا کرو۔

جواب۱: صاحب تحفہ کی اس تحقیق سے ان تمام صحابہ کرام کا
جھوٹا ہونا ثابت ہو گیا جو اس آیت متعہ سے نکاح متعہ کو حلال
جانتے تھے اور ان میں سر فہرست عمران بن حصین اور ابن عباس ہیں
جواب۲: صاحب تحفہ کی اس تحقیق سے ان تمام علمائے اہلسنت کا جھوٹا
ہونا ثابت ہو گیا جو اس آیت سے متعہ کو حلال جانتے تھے اور
تفاسیر لکھی ہیں۔
جواب۳: صاحب تحفہ کی اس تحقیق سے ثابت ہوا کہ تمام صحابہ کرام
اور تمام اہلسنت علماء اور عوام جنہوں نے متعہ کیا ہے وہ زناکار
ہیں اور ابن جریج جس نے ۷۰ عورتوں سے متعہ کیا ہے وہ تو بہت
بڑا زناکار بھی ہوا اور ان کا امام بھی ہوا۔
جواب۴: صاحب تحفہ نے مذکورہ جو گوہر ریزی فرمائی ہے وہ دعویٰ
بلا دلیل ہے۔ اور جب تک کسی دعویٰ میں دلیل نہ ہو وہ
غیر معتبر ہوتا ہے۔

جواب۵۔ صاحب تحفہ کی تحقیق سے یہ ثابت ہوا کہ اگر کوئی شخص
اپنی منکوحہ سے لذت جماع نہ اٹھائے تو اس پر حق مہر نہیں ہے
اور یہ بات اہلسنت کے خلاف ہے کیونکہ اہلسنت کا یہ فتویٰ
ہے کہ صرف نکاح ہو اور پھر طلاق ہو جائے تو آدھا حق مہر
دینا فرض ہے۔ خلاصہ اس تحقیق سے صاحب تحفہ نے اپنے تمام
علماء کرام کی تکذیب فرمائی ہے۔ بلکہ اصحاب کو بھی جھوٹا قرار دیا ہے
اور صاحب تحفہ نے اسی صفحہ ۲۵۷ باب ۹ میں یہ بھی جھوٹ تحریر کیا ہے
کہ اہل تشیع کا اجماع ہے کہ متعہ تا زندگی جائز ہے یہ نسبت
شیعوں کی طرف سفید جھوٹ ہے تا زندگی مدت مجہول ہے
اور متعہ میں مدت معلوم ہونا ضروری ہے لہذا تا زندگی متعہ
مدت مجہول ہونے کے باعث صحیح نہیں ہے۔

اہلسنت علماء کا اقرار کہ آیت مذکورہ بابت متعہ ہے

ارباب انصاف، علماء اہلسنت کی کتابیں ہمارے سامنے ہیں۔
اور مفسرین صاف لکھتے ہیں کہ شیعوں کے علاوہ بھی دوسرے
علماء یہ فرماتے ہیں کہ آیت فما استمتعتم متعہ کے بارے آئی ہے
لہٰذا صاحب تحفہ یا ان کے علاوہ جو علماء منکر یہ حلیت ہیں
اور اس آیت کے بابت متعہ آنے سے انکار فرماتے ہیں ان کو
ہم دعوت انصاف دیتے ہیں کہ شیعہ جواز متعہ کے قائل ہیں اور
اس جواز کی تائید کچھ علماء اہلسنت بھی کرتے ہیں اگر متعہ زنا ہے
تو اس زنا کے جواز کے کچھ اہلسنت علماء بھی قائل ہیں۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا سولہواں گولہ کہ ۵ عدد آیات حرمت متعہ پر دلالت کرتی ہیں

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۵۷ باب ۹
بالجملہ پانچ آیات قرآن متعہ کے حرام ہونے پہ دلالت
صریح کرتی ہیں اور شیعوں کے گمان میں صرف ایک آیت
حلیت متعہ پہ دلالت کرتی ہے اور اس کا حال ابھی معلوم ہے

قاضی بدر کا اعلان کہ پانچ کجا ایک آیت بھی حرمت متعہ پہ دلالت نہیں کرتی یہ اعلان صاحب تحفہ کو جھٹلانے کیلئے کافی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری صفحہ ۳۱۱ ج ۸ غزوہ خیبر
لا یحد لشبهة العقد وانه ليس من تحريم القرآن
متعہ کرنے والے کو سزا نہ دی جائے کیونکہ متعہ میں شبہ عقد ہے
اور متعہ کی حرمت قرآن سے ثابت نہیں ہے۔
نوٹ۔ ہم شیعان علیؑ کی یہ فتح عظیم ہے کہ ہمارے خلاف جو
شخص کوئی غلط بات پیش کرتا ہے تو اس کے اپنے مذہب والے
بھی اس کو جھوٹا قرار دیتے ہیں اور شاہ صاحب عبدالعزیز کو مالکی
مذہب والے اور نیز صحابہ کرام مثلاً عمران بن حصینؓ نے صاف
جھٹلایا ہے اور اعلان فرمایا ہے صاحب تحفہ کے خلاف کہ متعہ کی
حرمت قرآن پاک سے کسی ایک آیت سے بھی ثابت نہیں ہے۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا ۷واں گولہ کہ آیت سے اگر متعہ مراد لیا جائے تو تحریف قرآن ہو گی۔

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۵۵ باب ۹ میں لکھا ہے کہ آیت فما استمتعتم کے ماقبل اور مابعد کو دیکھنے کے بعد اگر اس کو متعہ پر حمل کیا جائے تو تحریف در قرآن لازم آئے گی۔

جواب سنی علمائے نے مذکورہ آیت کو متعہ پر حمل کیوں کیا ہے

ارباب انصاف۔ صاحب تحفہ نے تجاہل عارفانہ فرمایا ہے اور انکار جواز متعہ کیا ہے ہم تمام علماء اہلسنت کو ان کی ماں کے دودھ اور دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں کہ آپ اپنے بارے سچے مسلمان ہونے کا دعوی کرتے ہیں تم سچے مسلمانوں سے ہمارا یہ سوال ہے کہ تمہارے مذہب کی تفاسیر موجود ہیں کیا تمہارے علمائے کی پہلی آیت میں یہ نہیں لکھتے کہ اس آیت میں دو قول ہیں۔ ایک یہ کہ مراد اس سے نکاح دائم ہے اور دوسرا یہ کہ مراد اس سے نکاح متعہ ہے اور اس دوسرے قول کو شیعوں کے علاوہ کئی علماء اہلسنت نے بھی اختیار کیا ہے کیا ان سنی مفسرین نے تحریف قرآن کی ہے کیا وہ سنی مفسرین ابوجہل تھے یا بددیانت تھے۔ کیا ابن عباس اور حصین بن عمران صاحب تحفہ جتنا قرآن بھی نہیں سمجھ سکتے تھے مذکورہ آیت کو سنی علماء نے متعہ پر کیوں حمل کیا فرمایا ہے۔

شیعوں کے خلاف اہلسنت کی توپ کا اٹھارہواں گولہ کہ شیعہ مدعی ہیں اور سنی منکر ہیں لہٰذا ثبوت بذمہ شیعہ ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۵۵ باب ۹ مسائل متعہ میں لکھا ہے کہ طرف شیعہ کے استدلال ہے اور ان کے مخالفین کی طرف منع ہے۔ نوٹ:۔ مقصد شاہ صاحب کا یہ ہے کہ چونکہ شیعہ مدعی صحت اور حلیت متعہ ہیں ان پر دلیل لانا فرض ہے اور سنی حلیت متعہ کے منکر ہیں پس وہ دلیل کے محتاج نہیں۔

نوٹ: اب ہم صاحب تحفہ کی مکاری و عیاری کا اس طرح پردہ چاک کرتے ہیں کہ جیسے حق۔ حق نظر آئے گا اور باطل باطل نظر آئے گا

جواب متعہ کے حلال ہونے پر امت کا اجماع ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری صفحہ ۳۱۰ جلد ۸
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر صفحہ ۱۹۵ جلد ۳۔ آیت متعہ۔
اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری صفحہ جلد ۹

